تَعلِيمُ القُرآن

حٰمٓ (۲۶)

قرآن سیکھنے والوں کیلئے آسان گرامر کے ساتھ
لفظی اور بامحاورہ ترجمہ

چوہدری عبد السّلام

حافظ قاری عطاء اللہ

رجسٹرڈ پروف ریڈر پنجاب قرآن بورڈ محکمہ اوقاف

حکومت پنجاب لاہور۔ پاکستان

فون نمبر: 0308-4259187

0324-4858497

حوالہ نمبر: تعلیم القراٰن　　　　رجسٹریشن نمبر:013

میں نے چوہدری عبدالسلام کے ترجمہ قرآن کریم (تعلیم القراٰن) کے پارہ نمبر 26 کے قرآنی متن کو حرفاً حرفاً پوری توجہ اور احتیاط سے پڑھا ہے۔ میں پورے وثوق سے اس کی صحت کی تصدیق کرتا ہوں کہ اس کے متن میں اعرابی لفظی اور رسم الخط کی کوئی ایسی غلطی نہیں جس سے قرآن کریم کے عربی متن میں کوئی تبدیلی واقع ہو

قاری عطاء اللہ

عرضِ مؤلف

پارہ حٰمٓ (۲۶) کا آسان گرامر کے ساتھ لفظی اور بامحاورہ ترجمہ پیش ہے۔
قرآن پاک کا ترجمہ سیکھنے کیلئے گرامر کا آنا بہت ضروری ہے۔ پہلے پارہ میں گرامر کے صفحات لگائے گئے ہیں۔ اسے پڑھیں یا کسی اور گرامر کی کتاب کا مطالعہ کریں۔
قرآن کے الفاظ کا گرامر کے ساتھ ترجمہ کیا گیا ہے۔ پھر الفاظ کے ترجمہ کو ملا کر بامحاورہ ترجمہ کی شکل دی گئی ہے۔ فعل کے مصادر اور ساتھ فعل ماضی واحد مذکر غائب اور فعل مضارع واحد مذکر غائب کے صیغے دیئے گئے ہیں تاکہ ترجمہ سیکھنے میں آسانی ہو۔
اگر کوئی کوتاہی نظر آئے تو آگاہ کریں تاکہ اصلاح کی جائے۔
پورے قرآن مجید کا اسی انداز میں ترجمہ کرنے کا ارادہ ہے دعا کریں اللہ پاک مجھے ہمت اور صحت عطا فرمائے اور یہ کوشش میری بخشش کا سبب بن جائے۔

چوہدری عبدالسّلام
435 رضا بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور
موبائل نمبر: 0322-4655866

اٰیَاتُھَا: ۳۵	سُوۡرَۃُ الۡاَحۡقَافِ مَکِّیَّۃٌ	رُکُوۡعَاتُھَا: ۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے۔

حٰمٓ ۚ ①	حا، میم، حروف مقطعات ہیں

حٰمٓ، حا، میم، حروف مقطعات ہیں،

تَنۡزِیۡلُ الۡکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ الۡعَزِیۡزِ الۡحَکِیۡمِ ②	(اس) کتاب کا اتارا جانا اللہ کی طرف سے ہے جو بڑا غالب بڑی حکمت والا ہے

تَنۡزِیۡلُ الۡکِتٰبِ (تَنۡزِیۡلُ، اَلۡکِتٰبِ) تَنۡزِیۡلُ، مضاف، مصدر، اتارا جانا، اَلۡکِتٰبِ، مضاف الیہ، کتاب کا، مراد قرآن ہے (کتاب کا اتارا جانا) مِنَ اللّٰہِ (مِنۡ، اَللّٰہِ) مِنۡ، حرف جار بمعنی اِلٰی، کی طرف سے، اَللّٰہِ، مجرور، اللہ (اللہ کی طرف سے) اَلۡعَزِیۡزِ، اللہ کا صفاتی نام، عِزَّۃٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت زبردست، بڑا غالب) اَلۡحَکِیۡمِ، اللہ کا صفاتی نام، حِکۡمَۃٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بڑی حکمت والا)

مَا خَلَقۡنَا السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ وَ مَا بَیۡنَھُمَاۤ اِلَّا بِالۡحَقِّ وَ اَجَلٍ مُّسَمًّی ؕ	ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور وہ جو ان دونوں کے درمیان ہے پیدا نہیں کیا مگر حق اور مقررہ مدت (کے تعین) کے ساتھ

مَا، نافیہ (نہیں) خَلَقۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم خَلَقَ یَخۡلُقُ، مصدر خَلۡقًا، پیدا کرنا (ہم نے پیدا کیا) اَلسَّمٰوٰتِ (آسمانوں) واحد، اَلسَّمَآءُ، وَ، حرف عطف (اور) اَلۡاَرۡضَ (زمین) وَ، حرف عطف (اور) مَا، موصولہ (وہ جو) بَیۡنَھُمَا (بَیۡنَ، ھُمَا) بَیۡنَ، مضاف، درمیان، ھُمَا، مضاف الیہ، ضمیر تثنیہ مؤنث غائب، ان دونوں کے (ان دونوں کے درمیان) اِلَّا، حرف استثنا (مگر، سوائے)

بِالۡحَقِّ (بِ، اَلۡحَقِّ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَلۡحَقِّ، مجرور، حق (حق کے ساتھ)

وَ، حرف عطف (اور) اَجَلٍ مُّسَمًّى (اَجَلٍ، مُسَمًّى) اَجَلٍ، موصوف، وقت، مدت، مُسَمًّى، صفت، تَسْمِيَةٌ، مصدر سے اسم مفعول واحد مذکر، مقررہ، معین (مقررہ مدت)

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَمَّآ اُنْذِرُوْا مُعْرِضُوْنَ ۞	اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا جس چیز سے وہ ڈرائے گئے اس سے منہ پھیرنے والے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جنہوں نے)

كَفَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا (انہوں نے کفر کیا)

عَمَّا (عَنْ، مَا) عَنْ، حرف جار، سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس سے جس سے)

اُنْذِرُوْا، فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب اَنْذَرَ يُنْذِرُ، مصدر اِنْذَارٌ، ڈرانا (وہ ڈرائے گئے)

مُعْرِضُوْنَ، اِعْرَاضٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (اعراض کرنے والے، منہ پھیرنے والے)

قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ؕ	آپ کہہ دیجئے کیا تم نے دیکھا جن کو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو، تم مجھے دکھاؤ اُنہوں نے زمین میں سے کیا پیدا کیا ہے یا آسمانوں میں اُن کی کوئی شراکت ہے

قُلْ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے)

اَرَءَيْتُمْ (اَ، رَءَيْتُمْ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، رَءَيْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر رَاٰى يَرٰى، مصدر رُؤْيَةٌ، دیکھنا، تم نے دیکھا (کیا تم نے دیکھا) مَا، موصولہ (جن کو)

تَدْعُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر دَعَا يَدْعُوْ، مصدر دَعْوَةٌ وَّ دُعَآءٌ، پکارنا، بلانا (تم پکارتے ہو)

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (مِنْ، دُوْنِ، اَللّٰهِ) مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، دُوْنِ، مجرور، مضاف، سوا، علاوہ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے سوا) اَرُوْنِيْ (اَرُوْا، نِ، یْ) اَرُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَرٰى يُرِيْ، مصدر اِرَآءَةٌ، دکھانا، تم دکھاؤ، نِ، وقایہ، یْ، ضمیر واحد متکلم، مجھے (تم مجھے دکھاؤ)

مَاذَا (مَا، ذَا) مَا، استفہامیہ، ذَا، فصل کیلئے، تاکہ، مَا، نافیہ اور، مَا، استفہامیہ میں امتیاز ہو جائے (کیا)

خَلَقُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب خَلَقَ یَخْلُقُ، مصدر خَلْقًا، پیدا کرنا (اُنہوں نے پیدا کیا)

مِنَ الْاَرْضِ (مِنْ، اَلْاَرْضِ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلْاَرْضِ، مجرور، زمین (زمین میں سے)

اَمْ، حرف عطف (یا) لَهُمْ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار، کی، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کی)

شِرْكٌ، اِشْرَاكٌ، مصدر سے اسم (کوئی شراکت، کوئی حصہ)

فِي السَّمٰوٰتِ (فِيْ، اَلسَّمٰوٰتِ) فِيْ، حرف جار، میں، اَلسَّمٰوٰتِ، مجرور، آسمانوں، واحد، اَلسَّمَآءُ (آسمانوں میں)

اِیْتُوْنِيْ بِكِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ هٰذَاۤ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ۝	تم میرے پاس اس (قرآن) سے پہلے کی کوئی کتاب یا علم کی کوئی نقل شدہ بات لاؤ اگر تم سچے ہو

اِیْتُوْنِيْ (اِیْتُوْا، نِ، يْ) اِیْتُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَتٰى یَأْتِيْ، مصدر اِتْیَانٌ، آنا، لانا، تم لاؤ، نِ، نون وقایہ، يْ، ضمیر واحد متکلم، میرے (تم میرے پاس لاؤ) بِكِتٰبٍ (بِ، كِتٰبٍ) بِ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، كِتٰبٍ، مجرور (کوئی کتاب) مِّنْ قَبْلِ (مِنْ، قَبْلِ) مِنْ، حرف جار، سے، قَبْلِ، مجرور، پہلے (سے پہلے کی) هٰذَا، اسم اشارہ واحد مذکر قریب (اس) مراد قرآن ہے، اَوْ، حرف عطف (یا)

اَثٰرَةٍ، وہ روایت یا تحریر جس کا اثر باقی رہ گیا ہو (کوئی نقل شدہ بات)

مِّنْ عِلْمٍ (مِنْ، عِلْمٍ) مِنْ، حرف جار، سے، ضرورتاً ترجمہ، کی، کیا جاتا ہے، عِلْمٍ، مجرور، علم (علم کی)

اِنْ، شرطیہ (اگر) كُنْتُمْ، فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر كَانَ یَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا،

اِنْ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ (تم ہو)

صٰدِقِیْنَ، صِدْقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (سچ بولنے والے، سچے) واحد، صَادِقٌ،

وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ یَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا یَسْتَجِیْبُ لَهٗۤ اِلٰى یَوْمِ الْقِیٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَآئِهِمْ غٰفِلُوْنَ ۝	اور اُس سے زیادہ کون گمراہ ہے جو اللہ کے سوا ان کو پکارتا ہے جو اُس کی دعا کو قیامت تک قبول نہیں کریں گے اور وہ اُن کی پکار سے بے خبر ہیں

وَ، حرف عطف (اور) مَنْ، استفہامیہ (کون) اَضَلُّ، ضَلٰلٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ گمراہ)

مِمَّنْ (مِنْ، مَنْ) مِنْ، حرف جار، سے، مَنْ، مجرور، اسم موصول، جو (اس سے جو)
يَدْعُوْا، فعل مضارع واحد مذکر غائب دَعَا يَدْعُوْا، مصدر دُعَآءٌ وَّ دَعْوَةٌ، پکارنا، بلانا (وہ پکارتا ہے)
مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (مِنْ، دُوْنِ، اَللّٰهِ) مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، دُوْنِ، مجرور، مضاف، سوا، علاوہ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے سوا) مَنْ، اسم موصول (ان کو جو)
لَا يَسْتَجِيْبُ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب اِسْتَجَابَ يَسْتَجِيْبُ، مصدر اِسْتِجَابَةٌ، دعا قبول کرنا (وہ دعا قبول نہیں کرے گا) لَهٗٓ (لَ، هٗ) لَ، حرف جار، کی، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کی)
اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ (اِلٰى، يَوْمِ، اَلْقِيٰمَةِ) اِلٰى، حرف جار، تک، يَوْمِ، مجرور، مضاف، دن، اَلْقِيٰمَةِ، مضاف الیہ، قیامت کے (قیامت کے دن تک)
وَ، حرف عطف (اور) هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ)
عَنْ دُعَآئِهِمْ (عَنْ، دُعَآءِ، هِمْ) عَنْ، حرف جار، سے، دُعَآءِ، مجرور، مضاف، مصدر، پکار، دعا، هِمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کی (ان کی پکار سے)
غٰفِلُوْنَ، غَفْلَةٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (بے خبر، غافل) واحد، غَافِلٌ،

وَ اِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا لَهُمْ اَعْدَآءً وَّ كَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِيْنَ ۝	اور جب لوگوں کو اکٹھا کیا جائے گا (تو) وہ اُن کے دشمن ہوں گے اور وہ اُن کی عبادت سے منکر ہوں گے

وَ، حرف عطف (اور) اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط (جب)
حُشِرَ النَّاسُ (حُشِرَ، اَلنَّاسُ) حُشِرَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب حَشَرَ يَحْشُرُ، مصدر حَشْرًا، اکٹھا کرنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ، اکٹھا کیا جائے گا، اَلنَّاسُ، لوگوں (لوگوں کو اکٹھا کیا جائے گا)
كَانُوْا، فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ ہوں گے) لَهُمْ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار، کے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کے)
اَعْدَآءً، دشمن، واحد، عَدُوٌّ، وَ، حرف عطف (اور) كَانُوْا، فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ،

مصدر کَوْنًا، ہونا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ ہوں گے) بِعِبَادَتِھِمْ (بِ، عِبَادَتِ، ھِمْ) بِ، حرف جار بمعنی، مِنْ، سے، عِبَادَتِ، مجرور، مضاف، عبادت، ھِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کی (اُن کی عبادت سے) کٰفِرِیْنَ، کُفْرًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (کفر کرنے والے، انکار کرنے والے، منکر) واحد، کَافِرٌ،

وَ اِذَا تُتْلٰی عَلَیْهِمْ اٰیٰتُنَا بَیِّنٰتٍ قَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ هٰذَا سِحْرٌ مُّبِیْنٌ ۟ؕ	اور جب اُن پر ہماری واضح آیات پڑھی جاتی ہیں تو وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا حق کے بارے میں جب وہ اُن کے پاس آیا (تو) کہتے ہیں یہ کھلا جادو ہے

وَ، حرف عطف (اور) اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط (جب)

تُتْلٰی، فعل مضارع مجہول واحد مؤنث غائب تَلَا یَتْلُوْ، مصدر تِلَاوَةٌ، تلاوت کرنا، پڑھنا (وہ پڑھی جاتی ہیں) عَلَیْهِمْ (عَلٰی، ھِمْ) عَلٰی، حرف جار، پر، ھِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن پر)

اٰیٰتُنَا (اٰیٰتُ، نَا) اٰیٰتُ، مضاف، آیات، واحد، اٰیَةٌ، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہماری (ہماری آیات) بَیِّنٰتٍ (واضح) قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ یَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ کہتے ہیں) اَلَّذِیْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جنہوں نے)

کَفَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب کَفَرَ یَکْفُرُ، مصدر کُفْرًا وَّ کُفْرَانًا، کفر کرنا (اُنہوں نے کفر کیا) لِلْحَقِّ (لِ، اَلْحَقِّ) لِ، حرف جار، بمعنی، عَنْ، کے بارے میں، اَلْحَقِّ، مجرور، حق (حق کے بارے میں) لَمَّا، اسم ظرف، بمعنی، حِیْنَ (جب) جَآءَهُمْ (جَآءَ، هُمْ) جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ یَجِیْءُ، مصدر مَجِیْءٌ، آنا، وہ آیا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (وہ اُن کے پاس آیا)

هٰذَا، اسم اشارہ واحد مذکر قریب (یہ) سِحْرٌ مُّبِیْنٌ (سِحْرٌ، مُبِیْنٌ) سِحْرٌ، موصوف، مصدر، جادو کرنا، جادو، مُبِیْنٌ، صفت، اِبَانَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، کھلا، واضح، صریح (کھلا جادو)

اَمْ یَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ	یا وہ کہتے ہیں کہ اس نے اس (قرآن) کو گھڑ لیا ہے

اَمْ، حرف عطف (یا) یَقُوْلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب قَالَ یَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (وہ کہتے ہیں)
افْتَرٰىهُ (افْتَرٰی، هُ) اِفْتَرٰی، فعل ماضی واحد مذکر غائب اِفْتَرٰی یَفْتَرِیْ، مصدر اِفْتِرَآءٌ، جھوٹ باندھنا، گھڑلینا، اس نے گھڑلیا ہے، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کو، ضمیر کا مرجع، اَلْقُرْاٰنِ، ہے (اس نے اس کو گھڑلیا ہے)

قُلْ اِنِ افْتَرَیْتُهٗ فَلَا تَمْلِكُوْنَ لِیْ مِنَ اللّٰهِ شَیْـًٔا ؕ	آپ کہہ دیجئے کہ اگر میں نے اسے گھڑلیا ہے تو تم میرے لئے اللہ (کے عذاب) سے (بچانے کا) کچھ بھی اختیار نہیں رکھتے

قُلْ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ یَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے) اِنِ، شرطیہ، اصل میں، اِنْ، ہے، وصل کی وجہ سے نون کو زیر دی گئی ہے (اگر) افْتَرَیْتُهٗ (افْتَرَیْتُ، هٗ) اِفْتَرَیْتُ، فعل ماضی واحد متکلم اِفْتَرٰی یَفْتَرِیْ، مصدر اِفْتِرَآءٌ، گھڑلینا، میں نے گھڑلیا ہے، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (میں نے اسے گھڑلیا ہے) فَلَا تَمْلِكُوْنَ (فَ، لَا تَمْلِكُوْنَ) فَ، حرف عطف، تو، لَا تَمْلِكُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر حاضر مَلَكَ یَمْلِكُ، مصدر مَلْكٌ وَّ مِلْكٌ، مالک ہونا، اختیار رکھنا، تم اختیار نہیں رکھتے (تو تم اختیار نہیں رکھتے) لِیْ (لِ، یْ) لِ، حرف جار، لئے، یْ، مجرور، ضمیر واحد متکلم، میرے (میرے لئے)
مِنَ اللّٰهِ (مِنْ، اَللّٰهِ) مِنْ، حرف جار، سے، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ سے) شَیْـًٔا (کچھ بھی، کوئی چیز)

هُوَ اَعْلَمُ بِمَا تُفِیْضُوْنَ فِیْهِ ؕ	وہ اُن (باتوں) کو زیادہ جاننے والا ہے جن میں تم مشغول ہوتے ہو

هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر (وہ) اَعْلَمُ، عِلْمًا، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ جاننے والا)
بِمَا (بِ، مَا) بِ، حرف جار، کو، مَا، مجرور، اسم موصول، جن (ان (باتوں) کو جن)
تُفِیْضُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اَفَاضَ یُفِیْضُ، مصدر اِفَاضَةٌ، مشغول ہونا (تم مشغول ہوتے ہو) فِیْهِ (فِیْ، هِ) فِیْ، حرف جار، میں، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس میں)

كَفٰى بِهٖ شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ وَ بَيْنَكُمْ ؕ	وہ میرے درمیان اور تمہارے درمیان (بطور) گواہ کافی ہے

كَفٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب كَفٰى يَكْفِيْ، مصدر كِفَايَةٌ، کفایت کرنا، کافی ہونا (وہ کافی ہے)
بِهٖ (بِ، هٖ) بِ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب (وہ) كَفٰى بِهٖ، یہ فاعل کا قائم مقام ہے، بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ، متعلق، بِهٖ، ہے، شَهِيْدًا، شَهَادَةٌ، مصدر سے بمعنی فاعل (گواہی دینے والا، گواہ) بَيْنِيْ (بَيْنِ، يْ) بَيْنِ، مضاف، درمیان، يْ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، میرے (میرے درمیان) وَ، حرف عطف (اور) بَيْنَكُمْ (بَيْنَ، كُمْ) بَيْنَ، مضاف، درمیان، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے درمیان)

وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝	اور وہی بہت بخشنے والا، بہت رحم کرنے والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہ)
اَلْغَفُوْرُ، اللہ کا صفاتی نام، غُفْرَانًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت بخشنے والا)
اَلرَّحِيْمُ، اللہ کا صفاتی نام، رَحْمَةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت رحم کرنے والا)

قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَمَآ اَدْرِيْ مَا يُفْعَلُ بِيْ وَلَا بِكُمْ ؕ	آپ کہہ دیجئے میں رسولوں میں سے کوئی انوکھا نہیں ہوں اور نہ میں جانتا ہوں کہ میرے ساتھ اور تمہارے ساتھ کیا کیا جائے گا

قُلْ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ، يَقُوْلُ مصدر قَوْلًا کہنا (آپ کہہ دیجئے) مَا، نافیہ (نہیں)
كُنْتُ، فعل ناقص ماضی واحد متکلم كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (میں ہوں) بِدْعًا، بَدْعًا، مصدر سے صفت مشبہ، اسم فاعل اور اسم مفعول دونوں کے معنی میں آتا ہے (نئی باتیں بنانے والا، نیا بھیجا ہوا، نیا، انوکھا) مِّنَ الرُّسُلِ (مِنْ، اَلرُّسُلِ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلرُّسُلِ، مجرور، سولوں، واحد، رَسُوْلٌ (رسولوں میں سے) وَ، حرف عطف (اور) مَا، نافیہ (نہیں) اَدْرِيْ، فعل مضارع واحد متکلم دَرٰی يَدْرِيْ،

مصدر دِرَايَةٌ، جاننا (میں جانتا ہوں) مَا، استفہامیہ (کیا) يُفْعَلُ، مفعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب فَعَلَ يَفْعَلُ، مصدر فِعْلًا، کرنا، کام کرنا (کیا جائے گا) بِيْ (بِ، يْ) بِ، حرف جار، ساتھ، يْ، مجرور، ضمیر واحد متکلم، میرے (میرے ساتھ) وَ، حرف عطف (اور) لَا (نہ)

بِكُمْ (بِ، كُمْ) بِ، حرف جار، ساتھ، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے ساتھ)

اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ وَمَآ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝	میں نہیں پیروی کرتا مگر اس کی جو میری طرف وحی کی جاتی ہے اور نہیں ہوں میں مگر واضح ڈرانے والا

اِنْ، نافیہ (نہیں) اَتَّبِعُ، فعل مضارع واحد متکلم اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ، مصدر اِتِّبَاعٌ، پیروی کرنا (میں پیروی کرتا)

اِلَّا، حرف استثنا (مگر، سوائے) مَا، موصولہ (اس کی جو)

يُوْحٰى، فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب اَوْحٰى يُوْحِيْ، مصدر اِيْحَآءٌ، وحی کرنا (وحی کی جاتی ہے)

اِلَيَّ (اِلٰى، يْ) اِلٰى، حرف جار، طرف، يْ، مجرور، ضمیر واحد متکلم، میری (میری طرف)

وَ، حرف عطف (اور) مَا، نافیہ (نہیں) اَنَا، ضمیر واحد متکلم (میں) اِلَّا، حرف استثنا (مگر)

نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ (نَذِيْرٌ، مُبِيْنٌ) نَذِيْرٌ، موصوف، نَذْرٌ، مصدر سے بمعنی اسم فاعل، صفت مشبہ، ڈرانے والا، مُبِيْنٌ، صفت، اِبَانَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، واضح، کھلا (واضح ڈرانے والا)

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَ كَفَرْتُمْ بِهٖ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ وَ اسْتَكْبَرْتُمْ ؕ	آپ کہہ دیجئے کہ کیا تم نے دیکھا ہے اگر وہ (قرآن) اللہ کی طرف سے ہو اور تم نے اس کا انکار کر دیا اور بنی اسرائیل میں سے ایک گواہ نے اس جیسی (کتاب کے اترنے) پر گواہی دی پھر وہ ایمان لے آیا اور تم نے تکبر کیا

قُلْ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ، يَقُوْلُ مصدر قَوْلًا کہنا (آپ کہہ دیجئے)

اَرَءَيْتُمْ (اَ، رَءَيْتُمْ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، رَءَيْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر رَاٰى يَرٰى، مصدر رُؤْيَةٌ، دیکھنا، تم نے دیکھا (کیا تم نے دیکھا) اِنْ، شرطیہ (اگر) كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ

يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہو) مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ (مِنْ، عِنْدِ، اَللّٰهِ) مِنْ، حرف جار، سے،
عِنْدِ، مجرور، مضاف، طرف، پاس، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی (اللہ کی طرف سے) وَ، حرف عطف (اور)
كَفَرْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا، انکار کرنا (تم نے انکار کر دیا)
بِهٖ (بِ، ہٖ) بِ، حرف جار، کا، ہٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کا) وَ، حرف عطف (اور)
شَهِدَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب شَهِدَ يَشْهَدُ، مصدر شَهَادَةٌ، گواہی دینا (اس نے گواہی دی)
شَاهِدٌ، شَهَادَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (گواہ)
مِّنْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ (مِنْ، بَنِيْ، اِسْرَآءِيْلَ) مِنْ، حرف جار، سے، بَنِيْ، اصل میں، بَنِيْنَ،
ہے اضافت کی وجہ سے جمع کا نون گر گیا ہے، مجرور، مضاف، بنی، بیٹے،
اِسْرَآءِيْلَ، مضاف الیہ، حضرت یعقوب کا لقب اسرائیل (بنی اسرائیل میں سے)
عَلٰى مِثْلِهٖ (عَلٰى، مِثْلِ، ہٖ) عَلٰى، حرف جار، پر، مِثْلِ، مجرور، مضاف، مثل، مانند، جیسی، ہٖ، ضمیر واحد مذکر
غائب، اس، ضمیر کا مرجع، اَلْقُرْاٰنِ، ہے (اس جیسی (کتاب) پر) یعنی پہلی کتابوں میں قرآن کے اترنے کا
ذکر، فَاٰمَنَ (فَ، اٰمَنَ) فَ، حرف عطف، پھر، اٰمَنَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر
اِيْمَانًا، ایمان لانا، وہ ایمان لے آیا (پھر وہ ایمان لے آیا) وَ، حرف عطف (اور)
اِسْتَكْبَرْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر اِسْتَكْبَرَ يَسْتَكْبِرُ، مصدر اِسْتِكْبَارٌ، تکبر کرنا (تم نے تکبر کیا)

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۱۰	بے شک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا

ع

اِنَّ اللّٰهَ (اِنَّ، اَللّٰهَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اَللّٰهَ، اِنَّ، کا اسم منصوب، اللہ (بے شک اللہ)
لَا يَهْدِي، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب هَدٰى يَهْدِيْ، مصدر هِدَايَةٌ، ہدایت دینا (وہ ہدایت نہیں
دیتا) الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ (اَلْقَوْمَ، اَلظّٰلِمِيْنَ) اَلْقَوْمَ، موصوف، قوم، لوگ، اَلظّٰلِمِيْنَ، صفت،
ظُلْمًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ظلم کرنے والے، ظالم لوگوں کو) واحد، اَلظَّالِمُ،

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْ	اور اُن لوگوں نے جنہوں نے کفر کیا اُن لوگوں کے

كَانَ خَيْرًا مَّا سَبَقُوْنَآ اِلَيْهِ ؕ	متعلق کہا جو ایمان لائے اگر یہ (دین) بہتر ہوتا (تو) وہ ہم سے پہلے اس کی طرف نہ آتے

وَ، حرف عطف (اور) قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (اس نے کہا)

اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (ان لوگوں نے جنہوں نے)

كَفَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا (اُنہوں نے کفر کیا)

لِلَّذِيْنَ (لِ، اَلَّذِيْنَ) لِ، حرف جار بمعنی، عَنْ، کے متعلق، اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگ جو (ان لوگوں کے متعلق جو) اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لائے) لَوْ، شرطیہ (اگر) كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا، لَوْ، شرطیہ کی جبہ سے ترجمہ (وہ ہوتا) خَيْرًا (بہتر، اچھا) مَا، نافیہ (نہ)

سَبَقُوْنَا (سَبَقُوْا، نَا) سَبَقُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب سَبَقَ يَسْبِقُ، مصدر سَبْقًا، پہلے آنا، لَوْ، شرطیہ کی جبہ سے ترجمہ، وہ پہلے آتے، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (وہ ہم سے پہلے آتے)

اِلَيْهِ (اِلٰى، هِ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کی طرف)

وَاِذْ لَمْ يَهْتَدُوْا بِهٖ فَسَيَقُوْلُوْنَ هٰذَآ اِفْكٌ قَدِيْمٌ ⑪	اور جب اُنہوں نے اس سے ہدایت نہیں پائی تو جلد وہ کہیں گے کہ یہ پرانا جھوٹ ہے

وَ، حرف عطف (اور) اِذْ، ظرف زمان، ماضی کے واقعہ سے پہلے آتا ہے (جب)

لَمْ يَهْتَدُوْا، فعل مضارع منفی جحد بلم جمع مذکر غائب اِهْتَدٰى يَهْتَدِىْ، مصدر اِهْتِدَآءٌ، ہدایت پانا، لَمْ، کی وجہ سے ترجمہ (اُنہوں نے ہدایت نہیں پائی) بِهٖ (بِ، هٖ) بِ، حرف جار، سے، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس سے) فَسَيَقُوْلُوْنَ (فَ، سَ، يَقُوْلُوْنَ) فَ، حرف عطف، تو، سَ، حرف استقبال، جلد، يَقُوْلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، وہ کہیں گے (تو جلد وہ کہیں گے) هٰذَا، اسم اشارہ واحد مذکر قریب (یہ) اِفْكٌ قَدِيْمٌ (اِفْكٌ، قَدِيْمٌ) اِفْكٌ، موصوف، اسم،

جھوٹ، بہتان، قَدِيْمٌ، صفت، قِدَمٌ، مصدر سے صفت مشبہ، پرانا (پرانا جھوٹ)

وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّ رَحْمَةً ؕ	اور اس سے پہلے (حضرت) موسیٰؑ کی کتاب رہنما اور رحمت تھی

وَ، حرف عطف (اور) مِنْ قَبْلِهٖ (مِنْ، قَبْلِ، ہٖ) مِنْ، حرف جار، سے، قَبْلِ، مجرور، مضاف، پہلے، قبل، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس سے پہلے)

كِتٰبُ مُوْسٰٓى (كِتٰبُ، مُوْسٰٓى) كِتٰبُ، مضاف، کتاب، مُوْسٰٓى، مضاف الیہ، حضرت موسیٰ کی (حضرت موسیٰ کی کتاب) اِمَامًا، جس کی اقتداء کی جائے، پیشوا، رہنما، جمع، اَئِمَّةٌ، وَ، حرف عطف (اور) رَحْمَةً، مصدر (رحمت)

وَهٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ	اور یہ تصدیق کرنے والی کتاب عربی زبان میں ہے تاکہ وہ اُن لوگوں کو ڈرائے جنہوں نے ظلم کیا

وَ، حرف عطف (اور) هٰذَا، اسم اشارہ واحد مذکر قریب (یہ)

كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ (كِتٰبٌ، مُصَدِّقٌ) كِتٰبٌ، موصوف، کتاب، مرجع، اَلْقُرْاٰن، ہے،

مُصَدِّقٌ، كِتٰبٌ، کی صفت، تَصْدِيْقٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، تصدیق کرنے والی (تصدیق کرنے والی کتاب) لِّسَانًا عَرَبِيًّا (لِسَانًا، عَرَبِيًّا) لِسَانًا، موصوف، زبان، عَرَبِيًّا، صفت، عربی، وہ کلام جو فصیح اور صاف ہو (عربی زبان) لِّيُنْذِرَ (لِ، يُنْذِرَ) لِ، لام تعلیل ناصبہ، تاکہ، يُنْذِرَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب منصوب اَنْذَرَ يُنْذِرُ، مصدر اِنْذَارٌ، ڈرانا، وہ ڈرائے (تاکہ وہ ڈرائے)

اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (اُن لوگوں کو جنہوں نے) ظَلَمُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب ظَلَمَ يَظْلِمُ، مصدر ظُلْمًا، ظلم کرنا (اُنہوں نے ظلم کیا)

وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ ۚ﴿۱۲﴾	اور نیکی کرنے والوں کیلئے خوشخبری ہے

وَ، حرف عطف (اور) بُشْرٰى، اسم (خوشخبری) لِلْمُحْسِنِيْنَ (لِ، اَلْمُحْسِنِيْنَ) لِ، حرف جار، کیلئے،

اَلْمُحْسِنِيْنَ، مجرور، اِحْسَانٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، نیکی کرنے والے، نیکوں کار، واحد، اَلْمُحْسِنُ (نیکی کرنے والوں کیلئے)

اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۳﴾	بے شک وہ لوگ جنہوں نے کہا ہمارا رب اللہ ہے پھر وہ قائم رہے تو اُن پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، بلاشبہ) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جنہوں نے)
قَالُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (اُنہوں نے کہا)
رَبُّنَا (رَبٌّ، نَا) رَبٌّ، مضاف، رب، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارا (ہمارا رب)
اَللّٰهُ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ) ثُمَّ، حرف عطف، پھر، اِسْتَقَامُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اِسْتَقَامَ يَسْتَقِيْمُ، مصدر اِسْتِقَامَةٌ، قائم رہنا، ثابت قدم رہنا، وہ قائم رہے (پھر وہ قائم رہے)
فَلَا خَوْفٌ (فَ، لَا خَوْفٌ) فَ، حرف عطف، تو، لَا، نہیں، خَوْفٌ، مصدر ہے، ڈر، خوف (تو کوئی خوف نہیں) عَلَيْهِمْ (عَلٰى، هِمْ) عَلٰى، حرف جار، پر، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن پر)
وَ، حرف عطف (اور) لَا (نہ) هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ) يَحْزَنُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب حَزِنَ يَحْزَنُ، مصدر حَزَنًا وَّ حُزْنًا، دُکھی ہونا، غمگین ہونا (وہ غمگین ہوں گے)

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ	یہی لوگ جنت والے ہیں اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں

اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ جمع مذکر بعید (یہی لوگ) اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ (اَصْحٰبُ، اَلْجَنَّةِ) اَصْحٰبُ، مضاف، اہل، والے، ساتھی، واحد، صَاحِبٌ، اَلْجَنَّةِ، مضاف الیہ، جنت (جنت والے) خٰلِدِيْنَ، خُلُوْدٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ہمیشہ رہنے والے، واحد، خَالِدٌ، فِيْهَا (فِيْ، هَا) فِيْ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، اَلْجَنَّةِ، ہے (اس میں)

جَزَآءًۢ بِمَا کَانُوۡا یَعۡمَلُوۡنَ ۝۱۴	اُن کا بدلہ ہے جو وہ عمل کیا کرتے تھے

جَزَآءً، مصدر (بدلہ، جزا) بِمَا(بِ،مَا) بِ، حرف جار، کا،مَا، مجرور، موصولہ، جو (ان کا جو)

کَانُوۡا، فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا (وہ تھے)

یَعۡمَلُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب عَمِلَ یَعۡمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (وہ عمل کیا کرتے)

وَ وَصَّیۡنَا الۡاِنۡسَانَ بِوَالِدَیۡہِ اِحۡسٰنًا ؕ	اور ہم نے انسان کو اپنے والدین کے ساتھ نیکی کرنے کا حکم دیا

وَ، حرف عطف (اور) وَصَّیۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم وَصّٰی یُوَصِّیۡ، مصدر تَوۡصِیَۃٌ، وصیت کرنا، حکم دینا (ہم نے حکم دیا) اَلۡاِنۡسَانَ (انسان کو) بِوَالِدَیۡہِ(بِ،وَالِدَیۡ،ہِ) بِ، حرف جار، کے ساتھ ،وَالِدَیۡ، مجرور، مضاف ،اصل میں،وَالِدَیۡنِ، تھا،اضافت کی وجہ سے تثنیہ کا نون گرگیا،والدین ،ہِ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب ،اپنے (اپنے والدین کے ساتھ)اِحۡسٰنًا،اِحۡسَانًا، مصدر (نیکی کرنا)

حَمَلَتۡہُ اُمُّہٗ کُرۡہًا وَّ وَضَعَتۡہُ کُرۡہًا ؕ	اُس کی ماں نے اُسے تکلیف سے (پیٹ میں) اُٹھائے رکھا اور اُس نے اُسے تکلیف سے جنم دیا

حَمَلَتۡہُ(حَمَلَتۡ،ہُ) حَمَلَتۡ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب حَمَلَ یَحۡمِلُ، مصدر حَمۡلًا ،اٹھانا،اُس نے اٹھائے رکھا،ہُ، ضمیر واحد مذکر غائب ،اُسے (اُس نے اُسے (پیٹ میں) اٹھائے رکھا)

اُمُّہٗ(اُمُّ ،ہٗ)اُمُّ، مضاف ماں،ہٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب ،اُس کی (اُس کی ماں)

کُرۡہًا،اسم مصدر (تکلیف، ناخوشگواری) وَ، حرف عطف (اور) وَضَعَتۡہُ(وَضَعَتۡ،ہُ)وَضَعَتۡ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب وَضَعَ یَضَعُ، مصدر وَضۡعًا، جنم دینا،اس نے جنم دیا،ہُ، ضمیر واحد مذکر غائب ،اُسے (اُس نے اُسے جنم دیا) کُرۡہًا (تکلیف)

وَ حَمۡلُہٗ وَ فِصٰلُہٗ ثَلٰثُوۡنَ شَہۡرًا ؕ	اور اُس کا حمل اور اُس کا دودھ چھڑانا تیس ماہ (پر مشتمل) ہے

وَ، حرف عطف (اور) حَمْلُهٗ (حَمْلُ، ہٗ) حَمْلُ، مضاف، حمل، بوجھ، پیٹ کا بچہ، جمع، اَحْمَالٌ، ہٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس کا (اُس کا حمل) وَ، حرف عطف (اور)
فِصٰلُهٗ (فِصَالُ، ہٗ) فِصَالُ، مضاف، اسم فعل، دودھ چھڑانا، ہٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس کا (اُس کا دودھ چھڑانا) ثَلٰثُوْنَ، اسم عدد (تیس) شَهْرًا (ماہ) جمع، شُهُوْرٌ،

حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَ بَلَغَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۙ قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَ عَلٰى وَالِدَيَّ وَ اَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَ اَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ	یہاں تک کہ جب وہ اپنی پوری قوت (جوانی) کو پہنچ گیا اور وہ چالیس برس کو پہنچ گیا (تو) اُس نے کہا اے میرے رب! تو مجھے توفیق دے کہ میں تیری اُس نعمت کا شکر ادا کروں جو تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر انعام کی ہے اور یہ کہ میں نیک عمل کروں کہ تو اس سے راضی ہو جائے اور تو میرے لئے میری اولاد میں اصلاح کر دے

حَتّٰٓى، حرف جار و غایت (یہاں تک کہ) اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط (جب)
بَلَغَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب بَلَغَ يَبْلُغُ، مصدر بُلُوْغًا، پہنچنا، سن بلوغت کو پہنچنا (وہ پہنچ گیا)
اَشُدَّهٗ (اَشُدَّ، ہٗ) اَشُدَّ، مضاف، عقل اور قوت کی پختگی کو پہنچنا، پوری قوت، جوانی، ہٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنی (اپنی پوری قوت) وَ، حرف عطف (اور) بَلَغَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب بَلَغَ يَبْلُغُ، مصدر بُلُوْغًا، پہنچنا (وہ پہنچ گیا) اَرْبَعِيْنَ، اسم عدد (چالیس) سَنَةً (سال) قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (اس نے کہا) رَبِّ، اصل میں، يَارَبِّيْ، تھا (يَا، رَبِّ، يْ) يَا، حرف ندا، اے، محذوف ہے، رَبِّيْ، منادٰی، رَبِّ، مضاف، رب، يْ، مضاف الیہ، محذوف، ضمیر واحد متکلم، میرے (اے میرے رب) اَوْزِعْنِيْٓ (اَوْزِعْ، نِ، يْ) اَوْزِعْ، فعل امر واحد مذکر حاضر اَوْزَعَ يُوْزِعُ، مصدر اِيْزَاعٌ، توفیق دینا، تو توفیق دے، نِ، نون وقایہ، يْ، ضمیر واحد متکلم، مجھے (تو مجھے توفیق دے) اَنْ، مصدریہ ناصبہ (کہ)
اَشْكُرَ، فعل مضارع منصوب واحد متکلم شَكَرَ يَشْكُرُ، مصدر شُكْرًا، شکر ادا کرنا (میں شکر ادا کروں)

نِعْمَتَكَ (نِعْمَتَ، كَ) نِعْمَتَ، مضاف، نعمت، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، تیری (تیری نعمت کا)

اَلَّتِیْ، اسم موصول واحد مؤنث (اس کا جو)

اَنْعَمْتَ، فعل ماضی واحد مذکر حاضر اَنْعَمَ یُنْعِمُ، مصدر اِنْعَامٌ، انعام کرنا (تو نے انعام کی)

عَلَیَّ (عَلٰی، یَ) عَلٰی، حرف جار، پر، یَ، مجرور، ضمیر واحد متکلم، مجھ (مجھ پر) وَ، حرف عطف (اور)

عَلٰی وَالِدَیَّ (عَلٰی، وَالِدَیْ، یَ) عَلٰی، حرف جار، پر، وَالِدَیْ، مجرور، مضاف، اصل میں، وَالِدَیْنِ، تھا، اضافت کی وجہ سے تثنیہ کا نون گرا ہوا ہے، والدین، یَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، میرے (میرے والدین پر) اَنْ، مصدریہ، ناصبہ (یہ کہ) اَعْمَلَ، فعل مضارع منصوب واحد متکلم عَمِلَ یَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (میں عمل کروں) صَالِحًا، صَلَاحٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (صالح، نیک، اچھا) تَرْضٰىهُ (تَرْضٰى، هُ) تَرْضٰى، فعل مضارع واحد مذکر حاضر رَضِیَ یَرْضٰى، مصدر رِضًا وَّ رِضًی، راضی ہونا، تو راضی ہو، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس سے (تو اس سے راضی ہو)

وَ، حرف عطف (اور) اَصْلِحْ، فعل امر واحد مذکر حاضر اَصْلَحَ یُصْلِحُ، مصدر اِصْلَاحٌ، اصلاح کرنا (تو اصلاح کر دے) لِیْ (لِ، یْ) لِ، حرف جار، لئے، یْ، مجرور، ضمیر واحد متکلم، میرے (میرے لئے)

فِیْ ذُرِّیَّتِیْ (فِیْ ذُرِّیَّتِیْ) فِیْ، حرف جار، میں، ذُرِّیَّتِ، مجرور، مضاف، چھوٹی بڑی اولاد، یْ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، میری (میری اولاد میں)

اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَ اِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۱۵﴾	بے شک میں نے تیری طرف رجوع کیا بے شک میں مسلمانوں (فرمانبرداروں) میں سے ہوں

اِنِّیْ (اِنِّ، یْ) اِنِّ، اصل میں، اِنَّ، ہے، یاء کی وجہ سے نون کو زیر دی گئی ہے، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یْ، ضمیر واحد متکلم، میں (بے شک میں) تُبْتُ، فعل ماضی واحد متکلم تَابَ یَتُوْبُ، مصدر تَوْبَةٌ، توبہ کرنا، رجوع کرنا (میں نے رجوع کیا)

اِلَیْكَ (اِلٰی، كَ) اِلٰی، حرف جار، طرف، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، تیری (تیری طرف)

وَ، حرف عطف (اور) اِنِّیۡ (اِنَّ، یۡ) اِنِّ، اصل میں، اِنَّ، ہے، یۡ، کی وجہ سے نون کو زیر دی گئی ہے، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلا شبہ، یۡ، ضمیر واحد متکلم، میں (بے شک میں)

مِنَ الۡمُسۡلِمِیۡنَ (مِنۡ، اَلۡمُسۡلِمِیۡنَ) مِنۡ، حرف جار، سے، اَلۡمُسۡلِمِیۡنَ، مجرور، اِسۡلَامٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، فرمانبرداری کرنے والے، مسلمانوں، واحد، اَلۡمُسۡلِمُ (مسلمانوں میں سے)

اُولٰٓئِكَ الَّذِيۡنَ نَتَقَبَّلُ عَنۡهُمۡ اَحۡسَنَ مَا عَمِلُوۡا وَ نَتَجَاوَزُ عَنۡ سَيِّاٰتِهِمۡ فِىۡۤ اَصۡحٰبِ الۡجَـنَّةِ ؕ	یہی وہ لوگ ہیں ہم جن سے وہ سب سے اچھے جو اُنہوں نے عمل کئے قبول کرتے ہیں، ہم اُن کی بُرائیوں سے در گزر کرتے ہیں (یہی) جنت والوں میں سے ہیں

اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ جمع مذکر بعید (یہی) الَّذِیۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جن)

نَتَقَبَّلُ، فعل مضارع جمع متکلم تَقَبَّلَ یَتَقَبَّلُ، مصدر تَقَبُّلٌ، قبول کرنا، (ہم قبول کرتے ہیں)

عَنۡهُمۡ (عَنۡ، هُمۡ) عَنۡ، حرف جار، سے، هُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن سے)

اَحۡسَنَ، حُسۡنٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ اچھے، سب سے اچھے)

مَا، موصولہ (وہ جو) عَمِلُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب عَمِلَ یَعۡمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (اُنہوں نے عمل کئے) وَ، حرف عطف (اور) نَتَجَاوَزُ، فعل مضارع جمع متکلم تَجَاوَزَ یَتَجَاوَزُ، مصدر تَجَاوُزٌ، در گزر کرنا (ہم در گزر کرتے ہیں) عَنۡ سَیِّاٰتِهِمۡ (عَنۡ، سَیِّاٰتِ، هِمۡ) عَنۡ، حرف جار، سے، سَیِّاٰتِ، مجرور، مضاف، بُرائیوں، واحد، سَیِّئَةٌ، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کی (اُن کی بُرائیوں سے) فِیۡۤ اَصۡحٰبِ الۡجَنَّةِ (فِیۡ، اَصۡحٰبِ، اَلۡجَنَّةِ) فِیۡ، حرف جار، میں، اَصۡحٰبِ، مجرور، مضاف، اہل، والے، واحد، صَاحِبٌ، اَلۡجَنَّةِ، مضاف الیہ، جنت (جنت والوں میں)

وَعۡدَ الصِّدۡقِ الَّذِىۡ كَانُوۡا يُوۡعَدُوۡنَ ۝١٦	سچا وعدہ جو ان سے وعدہ کیا جاتا تھا

وَعۡدَ الصِّدۡقِ (وَعۡدَ، اَلصِّدۡقِ) وَعۡدَ، مضاف، وعدہ، اَلصِّدۡقِ، مضاف الیہ، سچا (سچا وعدہ) اَلَّذِیۡ، اسم موصول واحد مذکر (جو) کَانُوۡا، فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا (وہ تھے)

يُوْعَدُوْنَ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب وَعَدَ يَعِدُ، مصدر وَعْدًا، وعدہ کرنا (ان سے وعدہ کیا جاتا)

وَالَّذِيْ قَالَ لِوَالِدَيْهِ اُفٍّ لَّكُمَآ اَتَعِدٰنِنِيْٓ اَنْ اُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ مِنْ قَبْلِيْ ۚ	اور وہ جس نے اپنے والدین سے کہا تم دونوں سے بیزاری ہے کیا تم دونوں مجھے وعدہ (دھمکی) دیتے ہو کہ میں (قبر سے) نکالا جاؤں گا حالانکہ یقیناً مجھ سے پہلے کئی قومیں گزر چکیں

وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِيْ، اسم موصول واحد مذکر (وہ جس نے) قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (اس نے کہا) لِوَالِدَيْهِ (لِ، وَالِدَيْ، هِ) لِ، حرف جار، سے، وَالِدَيْ، مجرور، مضاف، اصل میں، وَالِدَيْنِ، تھا، اضافت کی وجہ سے تثنیہ کا نون گرا ہوا ہے، والدین، هِ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے والدین سے) اُفٍّ، اسم فعل، جو تنگ دلی اور روگردانی کو بتاتا ہے، بیزاری، اُف، لَّكُمَا (لَ، كُمَا) لَ، حرف جار، سے، كُمَا، مجرور، ضمیر تثنیہ مذکر حاضر، تم دونوں (تم دونوں سے) اَتَعِدٰنِنِيْٓ (اَ، تَعِدَانِ، نِ، يْ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، تَعِدَانِ، فعل مضارع تثنیہ مذکر حاضر وَعَدَ يَعِدُ، مصدر وَعْدًا، وعدہ کرنا، تم دونوں وعدہ دیتے ہو، نِ، نون وقایہ، يْ، ضمیر واحد متکلم، مجھے (کیا تم دونوں مجھے وعدہ دیتے ہو) اَنْ، مصدریہ ناصبہ (کہ) اُخْرَجَ، فعل مضارع مجہول واحد متکلم منصوب اَخْرَجَ يُخْرِجُ، مصدر اِخْرَاجًا، نکالنا (میں نکالا جاؤں گا) وَ، حرف عطف (اور) قَدْ، کلمہ تحقیق (یقیناً)

خَلَتِ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب خَلَا يَخْلُوْ، مصدر خُلُوٌّ وَّ خَلَآءٌ، گزرنا (وہ گزر چکی)

اَلْقُرُوْنُ (امتیں، قومیں، زمانے) واحد، اَلْقَرْنُ، مِنْ قَبْلِيْ (مِنْ، قَبْلِ، يْ) مِنْ، حرف جار، سے، قَبْلِ، مجرور، مضاف، پہلے، يْ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، مجھ (مجھ سے پہلے)

وَهُمَا يَسْتَغِيْثٰنِ اللّٰهَ وَيْلَكَ اٰمِنْ ۖ	اور وہ دونوں اللہ سے فریاد کرتے (ہوئے لڑکے سے کہتے) ہیں کہ تجھے خرابی ہو تو ایمان لے آ

وَ، حرف عطف (اور) هُمَا، ضمیر تثنیہ مذکر غائب (وہ دونوں) يَسْتَغِيْثٰنِ، فعل مضارع تثنیہ مذکر غائب اِسْتَغَاثَ يَسْتَغِيْثُ، مصدر اِسْتِغَاثَةٌ، فریاد کرنا (وہ دونوں فریاد کرتے ہیں) اَللّٰهَ (اللہ سے)

وَيْلَكَ (وَيْلَ، كَ) وَيْلَ، مضاف، تباہی ہلاکت، خرابی، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، تجھے (تجھے خرابی ہو) اٰمِنْ، فعل امر واحد مذکر حاضر اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا (تو ایمان لے آ)

اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ	بے شک اللہ کا وعدہ حق ہے

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، بلا شبہ) وَعْدَ اللّٰهِ (وَعْدَ، اَللّٰهِ) وَعْدَ، مضاف، وعدہ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کا (اللہ کا وعدہ) حَقٌّ، مصدر (حق، سچ)

فَيَقُوْلُ مَا هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٧﴾	تو وہ کہتا ہے نہیں ہیں یہ مگر پہلے لوگوں کے افسانے

فَيَقُوْلُ (فَ، يَقُوْلُ) فَ، حرف عطف، تو، يَقُوْلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، وہ کہتا ہے (تو وہ کہتا ہے) مَا، نافیہ (نہیں) هٰذَآ، اسم اشارہ واحد مذکر قریب (یہ)

اِلَّا، حرف استثنا (مگر) اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ (اَسَاطِيْرُ، اَلْاَوَّلِيْنَ) اَسَاطِيْرُ، مضاف، افسانے، فرضی کہانیاں، واحد، اُسْطُوْرَةٌ، اَلْاَوَّلِيْنَ، مضاف الیہ، پہلوں کی، پہلے لوگوں کے، واحد، اَلْاَوَّلُ (پہلے لوگوں کے افسانے)

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ ؕ	یہی وہ لوگ ہیں جن پر (عذاب کی) بات ثابت ہو گئی ان امتوں کے ساتھ جو جنوں اور انسانوں میں سے اُن سے پہلے گزر چکیں

اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ جمع مذکر بعید (یہی ہیں) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جن)

حَقَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب حَقَّ يَحِقُّ، مصدر حَقًّا، سچ ہونا، درست ہونا، ثابت ہونا (وہ ثابت ہو گئی) عَلَيْهِمُ (عَلٰى، هِمْ) عَلٰى، حرف جار، پر، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن پر)

اَلْقَوْلُ، مصدر (بات، قول) فِيْٓ اُمَمٍ (فِيْ، اُمَمٍ) فِيْ، حرف جار بمعنی مصاحبت، کے ساتھ، اُمَمٍ، مجرور، امتوں، واحد، اُمَّةٌ (امتوں کے ساتھ) قَدْ، کلمہ تحقیق (یقیناً) خَلَتْ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب خَلَا يَخْلُوْ، مصدر خُلُوٌّ وَّ خَلَآءٌ، گزرنا (وہ گزر چکیں) مِنْ قَبْلِهِمْ (مِنْ، قَبْلِ، هِمْ) مِنْ، حرف جار، سے،

قَبْلِ، مجرور، مضاف، پہلے، قبل، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن سے پہلے)
مِّنَ الْجِنِّ (مِنْ، اَلْجِنِّ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلْجِنِّ، مجرور، جنوں (جنوں میں سے)
وَ، حرف عطف (اور) اَلْاِنْسِ (انسانوں)

اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ۝١٨	بے شک وہ خسارہ پانے والے تھے

اِنَّهُمْ (اِنَّ، هُمْ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (بے شک وہ كَانُوْا، فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ تھے)
خٰسِرِيْنَ، خُسْرَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (نقصان اٹھانے والے، خسارہ پانے والے) واحد، خَاسِرٌ،

وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ۚ	اور سب لوگوں کیلئے (الگ الگ) درجات ہیں اس وجہ سے جو اُنہوں نے عمل کئے

وَ، حرف عطف (اور) لِكُلٍّ (لِ، كُلٍّ) لِ، حرف جار، کیلئے، كُلٍّ، مجرور، ہر ایک، سب لوگوں (سب لوگوں کیلئے) دَرَجٰتٌ (درجات) واحد، دَرَجَةٌ، مِّمَّا (مِنْ، مَا) مِنْ، حرف جار، برائے سبب، کی وجہ سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس وجہ سے جو) عَمِلُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (اُنہوں نے عمل کئے)

وَلِيُوَفِّيَهُمْ اَعْمَالَهُمْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝١٩	اور تاکہ وہ انہیں اُن کے اعمال کا پورا بدلہ دے اور اُن پر ظلم نہیں کیا جائے گا

وَ، حرف عطف (اور) لِيُوَفِّيَهُمْ (لِ، يُوَفِّيَ، هُمْ) لِ، لام تعلیل ناصبہ، تاکہ، يُوَفِّيَ، فعل مضارع منصوب واحد مذکر غائب وَفّٰى يُوَفِّيْ، مصدر تَوْفِيَةٌ، پورا حق دینا، پورا بدلہ دینا، وہ پورا بدلہ دے،
هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (تاکہ وہ انہیں پورا بدلہ دے) اَعْمَالَهُمْ (اَعْمَالَ، هُمْ) اَعْمَالَ، مضاف، اعمال، واحد، عَمَلٌ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے اعمال کا)

وَ، حرف عطف (اور) هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (اُن) لَا يُظْلَمُوْنَ، فعل مضارع منفی مجہول جمع مذکر غائب ظَلَمَ يَظْلِمُ، مصدر ظُلْمًا، ظلم کرنا (اُن پر ظلم نہیں کیا جائے گا)

وَ يَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ؕ	اور جس دن وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا آگ پر پیش کئے جائیں گے

وَ، حرف عطف (اور) يَوْمَ، ظرف زمان (جس دن) يُعْرَضُ، فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب عَرَضَ يَعْرِضُ، مصدر عَرْضًا، پیش آنا، پیش کرنا (وہ پیش کئے جائیں گے) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جنہوں نے) كَفَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا (اُنہوں نے کفر کیا) عَلَى النَّارِ (عَلٰى، اَلنَّار) عَلٰى، حرف جار، پر، اَلنَّارِ، مجرور، آگ (آگ پر)

اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَ اسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ۚ	تم اپنی لذت کی چیزیں اپنی دنیا کی زندگی میں حاصل کر چکے اور تم اُن سے فائدہ اٹھا چکے

اَذْهَبْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر اَذْهَبَ يُذْهِبُ، مصدر اِذْهَابٌ، حاصل کرنا، دور کرنا، ضائع کرنا، ختم کرنا (تم حاصل کر چکے) طَيِّبٰتِكُمْ (طَيِّبٰتِ، كُمْ) طَيِّبٰتِ، مضاف، لذت کی چیزیں، عمدہ چیزیں، نعمتیں، ستھری چیزیں، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنی (اپنی لذت کی چیزیں)

فِيْ حَيَاتِكُمْ (فِيْ حَيَاتِ، كُمْ) فِيْ، حرف جار، میں، حَيَاتِ، مجرور، مضاف، زندگی،

كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنی (اپنی زندگی میں) اَلدُّنْيَا (دنیا)

وَ، حرف عطف (اور) اِسْتَمْتَعْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر اِسْتَمْتَعَ يَسْتَمْتِعُ، مصدر اِسْتِمْتَاعٌ، فائدہ اٹھانا (تم فائدہ اٹھا چکے)

بِهَا (بِ، هَا) بِ، حرف جار، سے، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، طَيِّبٰتِ، ہے (اُن سے)

فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا	پس آج تمہیں ذلت کے عذاب کی سزا دی جائے گی اس

كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَ بِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ؑ ۲۰	وجہ سے جو تم زمین میں حق کے بغیر تکبر کیا کرتے تھے اور اس وجہ سے جو تم نافرمانی کیا کرتے تھے

ع ۲

فَالْيَوْمَ (فَ، اَلْيَوْمَ) فَ، حرف عطف، پس، اَلْيَوْمَ، ظرف زمان، آج (پس آج) تُجْزَوْنَ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر جَزٰى يَجْزِىْ، مصدر جَزَآءٌ، بدلہ دینا، جزا دینا، سزا دینا (تمہیں سزا دی جائے گی) عَذَابَ الْهُوْنِ (عَذَابَ، اَلْهُوْنِ) عَذَابَ، مضاف، عذاب، اَلْهُوْنِ، مضاف الیہ، اسم، ذلّت کے، رسوائی کے (ذلّت کے عذاب کی) بِمَا (بِ، مَا) بِ، حرف جار، سببیہ، وجہ سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس وجہ سے جو) كُنْتُمْ، فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (تم تھے) تَسْتَكْبِرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اِسْتَكْبَرَ يَسْتَكْبِرُ، مصدر اِسْتِكْبَارٌ، تکبر کرنا (تم تکبر کیا کرتے) فِي الْاَرْضِ (فِيْ، اَلْاَرْضِ) فِيْ، حرف جار، میں، اَلْاَرْضِ، مجرور، زمین (زمین میں) بِغَيْرِ الْحَقِّ (بِ، غَيْرِ، اَلْحَقِّ) بِ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، غَيْرِ، مجرور، مضاف، بغیر، اَلْحَقِّ، مضاف الیہ، حق کے (حق کے بغیر) وَ، حرف عطف (اور)

بِمَا (بِ، مَا) بِ، حرف جار، سببیہ، وجہ سے، مَا، مجرور، موصولہ، جو (اس وجہ سے جو) كُنْتُمْ، فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (تم تھے) تَفْسُقُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر فَسَقَ يَفْسُقُ، مصدر فُسُوْقٌ، نافرمانی کرنا (تم نافرمانی کیا کرتے)

وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ ؕ	اور آپ عاد کے بھائی (ھودؑ) کا ذکر کریں

وَ، حرف عطف (اور) اُذْكُرْ، فعل امر واحد مذکر حاضر ذَكَرَ يَذْكُرُ، مصدر ذِكْرًا، ذکر کرنا (آپ ذکر کریں) اَخَا عَادٍ (اَخَا، عَادٍ) اَخَا، مضاف، بھائی، عَادٍ، مضاف الیہ، عاد کے (عاد کے بھائی)

اِذْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖٓ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ	جب اس نے اپنی قوم کو احقاف میں ڈرایا حلانکہ یقیناً اس سے پہلے اور اس کے بعد کئی ڈرانے والے گزر چکے تھے کہ تم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو

اِذْ، ظرف زمان، ماضی کے واقعہ سے پہلے آتا ہے (جب) اَنْذَرَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَنْذَرَ یُنْذِرُ، مصدر اِنْذَارٌ، ڈرانا (اس نے ڈرایا) قَوْمَهٗ (قَوْمَ، ہٗ) قَوْمَ، مضاف، قوم، ہٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنی (اپنی قوم) بِالْاَحْقَافِ (بِ، اَلْاَحْقَافِ) بِ، حرف جار، بمعنی، فِیْ، میں، اَلْاَحْقَافِ، مجرور، احقاف ایک وادی کا نام (احقاف میں) وَ، حالیہ (حالانکہ) قَدْ، کلمہ تحقیق (یقیناً) خَلَتِ، اصل میں، خَلَتْ، وصل کی وجہ سے تاء کو زیر دی گئی ہے، فعل ماضی واحد مؤنث غائب خَلَا یَخْلُوْ، مصدر خُلُوٌّ وَّ خَلَآءٌ، گزرنا (وہ گزر چکے تھے) اَلنُّذُرُ، نَذْرٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ڈرانے والے) واحد، نَذِیْرٌ، مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ (مِنْ، بَیْنِ، یَدَیْهِ) مِنْ، حرف جار، سے، بَیْنِ، مجرور، مضاف، درمیان، یَدَیْهِ (یَدَیْ، ہِ) یَدَیْ، مضاف الیہ، مضاف، یہ اصل میں، یَدٌ، کا تثنیہ، یَدَیْنِ، تھا، اضافت کی وجہ سے تثنیہ کا نون گرا ہوا ہے، دونوں ہاتھ، ہِ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے، اس کے دونوں ہاتھوں کے (اس کے دونوں ہاتھوں کے درمیان سے، یہاں بمعنی، مِنْ قَبْلِهٖ، ہے، اس سے پہلے) وَ، حرف عطف (اور) مِنْ خَلْفِهٖٓ (مِنْ، خَلْفِ، ہٖ) مِنْ، حرف جار، سے، خَلْفِ، مجرور، مضاف، پیچھے، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے پیچھے سے یعنی اس کے بعد)

اَلَّا تَعْبُدُوْٓا (اَنْ، لَا تَعْبُدُوْا) اَنْ، مفسرہ، کہ، لَا تَعْبُدُوْا، فعل نہی جمع مذکر حاضر عَبَدَ یَعْبُدُ، مصدر عِبَادَةٌ، عبادت کرنا، تم عبادت نہ کرو (کہ تم عبادت نہ کرو) اِلَّا، حرف استثنا (مگر، سوا) اللّٰهَ (اللہ)

اِنِّیْٓ اَخَافُ عَلَیْكُمْ عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ﴿۲۱﴾	بے شک میں تم پر بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں

اِنِّیْٓ (اِنِّ، یْ) اِنِّ، اصل میں، اِنَّ، ہے، یْ، کی وجہ سے نون کو زیر دی گئی ہے، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یْ، ضمیر واحد متکلم، میں (بے شک میں) اَخَافُ، فعل مضارع واحد متکلم خَافَ یَخَافُ، مصدر خَوْفًا، ڈرنا (میں ڈرتا ہوں) عَلَیْكُمْ (عَلٰی، كُمْ) عَلٰی، حرف جار، پر، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم پر) عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ (عَذَابَ، یَوْمٍ، عَظِیْمٍ) عَذَابَ، مضاف، عذاب،

یَوۡمٍ، مضاف الیہ، موصوف، دن کے، عَظِیۡمٍ، صفت، عَظۡمَۃٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بہت بڑے، عظیم (بڑے دن کے عذاب سے)

قَالُوۡۤا اَجِئۡتَنَا لِتَاۡفِکَنَا عَنۡ اٰلِـہَتِنَا ۚ	اُنہوں نے کہا کیا تو ہمارے پاس آیا ہے کہ تو ہمیں ہمارے معبودوں سے پھیر دے؟

قَالُوۡۤا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (اُنہوں نے کہا)

اَجِئۡتَنَا(اَ، جِئۡتَ، نَا)اَ، ہمزہ استفہامیہ، تعجب کیلئے، کیا، جِئۡتَ، فعل ماضی واحد مذکر حاضر جَآءَ یَجِیۡٓءُ، مصدر مَجِیۡٓءٌ، آنا، تو آیا ہے، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (کیا تو ہمارے پاس آیا ہے)

لِتَاۡفِکَنَا(لِ، تَاۡفِکَ، نَا)لِ، لام تعلیل ناصبہ، کہ، تَاۡفِکَ، فعل مضارع منصوب واحد مذکر حاضر اَفَکَ یَاۡفِکُ، مصدر اِفۡکًا، پھیر دینا، تو پھیر دے، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہمیں (کہ تو ہمیں پھیر دے)

عَنۡ اٰلِـہَتِنَا(عَنۡ، اٰلِـہَتِ، نَا)عَنۡ، حرف جار، سے، اٰلِـہَتِ، مجرور، مضاف، معبودوں، واحد، اِلٰہٌ، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (ہمارے معبودوں سے)

فَاۡتِنَا بِمَا تَعِدُنَاۤ اِنۡ کُنۡتَ مِنَ الصّٰدِقِیۡنَ ﴿۲۲﴾	پس تو ہم پر اس (عذاب) کو لے آ جس کی تو ہمیں دھمکی دیتا ہے اگر تو سچوں میں سے ہے

فَاۡتِنَا(فَ، اِئۡتِ، نَا)فَ، حرف عطف، پس، اِئۡتِ، فعل امر واحد مذکر حاضر اَتٰی یَاۡتِیۡ، مصدر اِتۡیَانٌ، آنا، صلہ میں باء ہے معنی، لانا، تو لے آ، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (پس تو ہم پر لے آ)

بِمَا(بِ، مَا)بِ، حرف جار، کو، مَا، مجرور، موصولہ، جس (اس کو جس کی)

تَعِدُنَاۤ(تَعِدُ، نَا)تَعِدُ، فعل مضارع واحد مذکر حاضر وَعَدَ یَعِدُ، مصدر وَعۡدًا، وعدہ کرنا، ڈرا دینا، دھمکی دینا، تو دھمکی دیتا ہے، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہمیں (تو ہمیں دھمکی دیتا ہے)

اِنۡ، شرطیہ (اگر) کُنۡتَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر حاضر کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا (تو ہے)

مِنَ الصّٰدِقِیْنَ (مِنْ، اَلصّٰدِقِیْنَ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلصّٰدِقِیْنَ، مجرور، صِدْقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، سچ بولنے والے، سچوں، واحد، صَادِقٌ (سچوں میں سے)

قَالَ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۖ	اس نے کہا (کہ عذاب کے وقت کا) علم صرف اللہ کے پاس ہے

قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ یَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (اس نے کہا) اِنَّمَا (اِنَّ، مَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل اور مَا، کافہ حصر کیلئے (بے شک، سوائے اس کے نہیں، تحقیق، صرف)

اَلْعِلْمُ، مصدر (علم) عِنْدَ اللّٰهِ (عِنْدَ، اَللّٰهِ) عِنْدَ، مضاف، ظرف مکان، پاس، ہاں،

اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے پاس)

وَ اُبَلِّغُکُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖ وَلٰكِنِّیْٓ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿۲۳﴾	اور میں تمہیں وہ پیغام پہنچاتا ہوں جس کے ساتھ مجھے بھیجا گیا ہے اور لیکن میں تمہیں ایسے لوگ دیکھتا ہوں کہ تم جہالت برتتے ہو

وَ، حرف عطف (اور) اُبَلِّغُکُمْ (اُبَلِّغُ، کُمْ) اُبَلِّغُ، فعل مضارع واحد متکلم بَلَّغَ یُبَلِّغُ، مصدر تَبْلِیْغٌ، تبلیغ کرنا، پیغام پہنچانا، میں پیغام پہنچاتا ہوں، کُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (میں تمہیں پیغام پہنچاتا ہوں) مَا، اسم موصول (وہ جس) اُرْسِلْتُ، فعل ماضی مجہول واحد متکلم اَرْسَلَ یُرْسِلُ، مصدر اِرْسَالٌ، بھیجنا (مجھے بھیجا گیا ہے) بِهٖ (بِ، ہٖ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، ہٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کے ساتھ) وَ، حرف عطف (اور) لٰكِنِّیْٓ (لٰكِنِّ، یْ) لٰكِنِّ، اصل میں، لٰكِنَّ، ہے، یْ، کی مناسبت سے نون کو کسرہ دے دیا، حرف مشبہ بالفعل، لیکن، یْ، ضمیر واحد متکلم، میں (لیکن میں)

اَرٰىكُمْ (اَرٰی، کُمْ) اَرٰی، فعل مضارع واحد متکلم رَاٰی یَرٰی، مصدر رُؤْیَةٌ، دیکھنا، میں دیکھتا ہوں، کُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (میں تمہیں دیکھتا ہوں) قَوْمًا (قوم، لوگ) تَجْهَلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر جَهَلَ یَجْهَلُ، مصدر جَهْلًا وَّ جَهَالَةً، جاہل ہونا، جہالت برتنا (تم جہالت برتتے ہو)

فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِيَتِهِمْ ۙ قَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا ؕ	پھر جب اُنہوں نے اس (عذاب) کو بادل کی صورت میں اپنی وادیوں کا رُخ کرتے ہوئے دیکھا (تو) اُنہوں نے کہا یہ بادل ہم پر بارش برسانے والا ہے

فَلَمَّا (فَ، لَمَّا) فَ، حرف عطف، پھر، لَمَّا، اسم ظرف، بمعنی، حِيْنَ، جب (پھر جب)

رَاَوْهُ (رَاَوْا، هُ) رَاَوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب رَاٰی يَرٰی، مصدر رُؤْيَةٌ، دیکھنا، اُنہوں نے دیکھا،

هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس (اُنہوں نے اُس کو دیکھا) عَارِضًا، عَرْضٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر

(وہ بادل جو فضا کے عرض میں پھیلتا ہے اور نمایاں ہوتا ہے، ابر، بادل)

مُسْتَقْبِلَ، مضاف، اِسْتِقْبَالٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، سامنے آنے والا، رُخ کرنے والا (رُخ

کرتے ہو) اَوْدِيَتِهِمْ (اَوْدِيَتِ، هِمْ) اَوْدِيَتِ، مضاف الیہ، مضاف، نالے، وادیاں، واحد، وَادِیٌ،

هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی، اپنی وادیوں کا (اپنی وادیوں کا رُخ کرنے والا، اپنی وادیوں کا رُخ

کرتے ہوئے) قَالُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (اُنہوں نے کہا)

هٰذَا، اسم اشارہ واحد مذکر قریب (یہ) عَارِضٌ، عَرْضًا، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (ابر، بادل)

مُّمْطِرُنَا (مُمْطِرُ، نَا) مُمْطِرُ، اِمْطَارٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، بارش برسانے والا،

نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (ہم پر بارش برسانے والا)

بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُمْ بِهٖ ؕ	(نہیں) بلکہ وہ (عذاب) ہے جس کو تم نے جلدی مانگا تھا

بَلْ، حرف اضراب (بلکہ) هُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب (وہ) مَا، موصولہ (وہ جس)

اِسْتَعْجَلْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر اِسْتَعْجَلَ يَسْتَعْجِلُ، مصدر اِسْتِعْجَالٌ، جلدی مانگنا، عجلت

کرنا (تم نے جلدی مانگا تھا) بِهٖ (بِ، هٖ) بِ، حرف جار، کو، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کو)

رِيْحٌ فِيْهَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ﴿۲۴﴾	آندھی ہے اس میں دردناک عذاب ہے

رِيْحٌ، ہوا، آندھی، جمع، رِيَاحٌ، فِيْهَا (فِيْ، هَا) فِيْ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس

(اس میں) عَذَابٌ اَلِیْمٌ (عَذَابٌ، اَلِیْمٌ) عَذَابٌ، موصوف، عذاب، اَلِیْمٌ، صفت، اَلَمٌ، مصدر سے بمعنی فاعل، صفت مشبہ، دکھ دینے والا، دردناک (دردناک عذاب)

تُدَمِّرُ كُلَّ شَیْءٍۭ بِاَمْرِ رَبِّهَا فَاَصْبَحُوْا لَا یُرٰۤى اِلَّا مَسٰكِنُهُمْ ؕ	وہ اپنے رب کے حکم سے ہر چیز کو تباہ و برباد کر دے گی پس وہ ایسے ہوگئے کہ اُن کے (مسمار) گھروں کے سوا کچھ دکھائی نہ دیتا تھا

تُدَمِّرُ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب دَمَّرَ یُدَمِّرُ، مصدر تَدْمِیْرًا، ہلاک کرنا، تباہ و برباد کرنا (وہ تباہ و برباد کر دے گی) كُلَّ شَیْءٍ (كُلَّ، شَیْءٍ) كُلَّ، مضاف، ہر، شَیْءٍ، مضاف الیہ، چیز (ہر چیز)

بِاَمْرِ (بِ، اَمْرِ) بِ، حرف جار، سے، اَمْرِ، مجرور، حکم (حکم سے)

رَبِّهَا (رَبِّ، هَا) رَبِّ، مضاف، رب، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اپنے (اپنے رب)

فَاَصْبَحُوْا (فَ، اَصْبَحُوْا) فَ، حرف عطف (پس) اَصْبَحُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اَصْبَحَ یُصْبِحُ، مصدر اِصْبَاحٌ، ہونا، صبح کرنا، وہ ہوگئے (پس وہ ہوگئے)

لَا یُرٰى، فعل مضارع مجہول منفی واحد مذکر غائب رَاٰی یَرٰی، مصدر رُؤْیَةٌ، دیکھنا (دکھائی نہ دیتا)

اِلَّا، حرف استثنا (مگر، سوا) مَسٰكِنُهُمْ (مَسٰكِنُ، هُمْ) مَسٰكِنُ، مضاف، گھروں، رہنے کی جگہیں، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے گھروں)

كَذٰلِكَ نَجْزِی الْقَوْمَ الْمُجْرِمِیْنَ ۝۲۵	اسی طرح ہم مجرم لوگوں کو سزا دیتے ہیں

كَذٰلِكَ (كَ، ذٰلِكَ) كَ، حرف تشبیہ، مانند، طرح، ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اسی (اسی طرح)

نَجْزِیْ، فعل مضارع جمع متکلم جَزٰی یَجْزِیْ، مصدر جَزَآءٌ، بدلہ دینا، صلہ دینا، سزا دینا (ہم سزا دیتے ہیں) الْقَوْمَ الْمُجْرِمِیْنَ (اَلْقَوْمَ، اَلْمُجْرِمِیْنَ) اَلْقَوْمَ، موصوف، قوم، لوگوں، اَلْمُجْرِمِیْنَ، صفت، اِجْرَامٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، جرم کرنے والے، مجرموں، واحد، اَلْمُجْرِمُ (جرم کرنے والے لوگوں کو، مجرم لوگوں کو)

وَلَقَدْ مَكَّنّٰهُمْ فِيْمَآ اِنْ مَّكَّنّٰكُمْ فِيْهِ وَجَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعًا وَّ اَبْصَارًا وَّ اَفْـِٕدَةً	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے انہیں اُن چیزوں میں قدرت دی کہ جن میں ہم نے تمہیں قدرت نہیں دی ہم نے اُن کیلئے کان اور آنکھیں اور دل بنائے

وَ، حرف عطف (اور) لَقَدْ (لَ، قَدْ) لَ، لام تاکید، بلاشبہ، قَدْ، حرف تحقیق، یقیناً (بلاشبہ یقیناً) مَكَّنّٰهُمْ (مَكَّنَّا، هُمْ) مَكَّنَّا، فعل ماضی جمع متکلم مَكَّنَ يُمَكِّنُ، مصدر تَمْكِيْنٌ، اقتدار دینا، قدرت دینا، ہم نے قدرت دی، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (ہم نے انہیں قدرت دی)

فِيْمَآ (فِيْ، مَا) فِيْ، حرف جار، میں، مَا، مجرور، اسم موصول، جن (اُن (چیزوں) میں جن) اِنْ، نافیہ (نہیں) مَّكَّنّٰكُمْ (مَكَّنَّا، كُمْ) مَكَّنَّا، فعل ماضی جمع متکلم مَكَّنَ يُمَكِّنُ، مصدر تَمْكِيْنٌ، قدرت دینا، ہم نے قدرت دی، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (ہم نے تمہیں قدرت دی)

فِيْهِ (فِيْ، هِ) فِيْ، حرف جار، میں، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس، مرجع سابقہ اقوام پر انعامات ہیں (ان میں) وَ، حرف عطف (اور) جَعَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم جَعَلَ يَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا، بنانا (ہم نے بنائے) لَهُمْ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کیلئے) سَمْعًا (کان) وَ، حرف عطف (اور) اَبْصَارًا (آنکھیں) واحد، بَصَرٌ، وَ، حرف عطف (اور) اَفْـِٕدَةً (دل) واحد، فُؤَادٌ،

فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ وَلَآ اَبْصَارُهُمْ وَلَآ اَفْـِٕدَتُهُمْ مِّنْ شَيْءٍ اِذْ كَانُوْا يَجْحَدُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۲٦﴾	پس اُن کے کان اُن کے کچھ بھی کام نہ آئے اور نہ اُن کی آنکھیں اور نہ اُن کے دل جبکہ وہ اللہ کی آیات کا انکار کرتے تھے اور اُن کو اس (عذاب) نے گھیر لیا جس کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھے

ع ۳

فَمَآ (فَ، مَا) فَ، حرف عطف، پس، مَا، نافیہ، نہ (پس نہ) اَغْنٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَغْنٰى يُغْنِيْ، مصدر اِغْنَآءٌ، کام آنا (وہ کام آیا) عَنْهُمْ (عَنْ، هُمْ) عَنْ، حرف جار، اصل ترجمہ، سے، ضرورتاً ترجمہ، کے، کیا جاتا ہے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کے)

سَمْعُهُمْ (سَمْعُ، هُمْ) سَمْعُ، مضاف، کان، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے کان) وَ، حرف عطف (اور) لَآ، نافیہ (نہ) اَبْصَارُهُمْ (اَبْصَارُ، هُمْ) اَبْصَارُ، مضاف (آنکھیں) هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کی (ان کی آنکھیں) وَ، حرف عطف (اور) لَآ، نافیہ (نہ) اَفْـِٕدَتُهُمْ (اَفْـِٕدَتُ، هُمْ) اَفْـِٕدَتُ، مضاف، دلوں، واحد، فُؤَادٌ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے دل) مِّنْ شَیْءٍ (مِنْ، شَیْءٍ) مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، شَیْءٍ، مجرور (کچھ بھی) اِذْ، ظرف زمان (جب، جبکہ) كَانُوْا، فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ تھے) يَجْحَدُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب جَحَدَ يَجْحَدُ، مصدر جُحُوْدًا، انکار کرنا (وہ انکار کرتے) بِاٰيٰتِ اللّٰهِ (بِ، اٰيٰتِ، اَللّٰهِ) بِ، حرف جار، کا، اٰيٰتِ، مجرور، مضاف، آیات، واحد، اٰيَةٌ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی (اللہ کی آیات کا) وَ، حرف عطف (اور) حَاقَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب حَاقَ يَحِيْقُ، مصدر حَيْقًا، گھیر لینا (اس نے گھیر لیا) بِهِمْ (بِ، هِمْ) بِ، حرف جار، کو، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کو) مَا، موصولہ (اس جس) كَانُوْا، فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ تھے) بِهٖ (بِ، هٖ) بِ، حرف جار، کا، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کا) يَسْتَهْزِءُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اِسْتَهْزَاَ يَسْتَهْزِئُ، مصدر اِسْتِهْزَآءٌ، مذاق اڑانا (وہ مذاق اڑایا کرتے)

وَ لَقَدْ اَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُمْ مِّنَ الْقُرٰى وَ صَرَّفْنَا الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۝	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے ان بستیوں کو جو تمہارے گردونواح میں تھیں ہلاک کر دیا اور ہم نے آیات طرح طرح سے بیان کیں تاکہ وہ رجوع کریں

وَ، حرف عطف (اور) لَقَدْ (لَ، قَدْ) لَ، لام تاکید، بلاشبہ، قَدْ، حرف تحقیق، یقیناً (بلاشبہ یقیناً) اَهْلَكْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَهْلَكَ يُهْلِكُ، مصدر اِهْلَاكًا، ہلاک کرنا (ہم نے ہلاک کر دیا) مَا، موصولہ (ان کو جو) حَوْلَكُمْ (حَوْلَ، كُمْ) حَوْلَ، مضاف، گردونواح، ار گرد، كُمْ، مضاف الیہ،

ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے گردونواح) مِّنَ الْقُرٰی (مِنْ، اَلْقُرٰی) مِنْ، حرف جار، سے، اَلْقُرٰی، مجرور، بستیوں، واحد، قَرْیَةٌ (بستیوں سے) وَ، حرف عطف (اور) صَرَّفْنَا، فعل ماضی جمع متکلم صَرَّفَ یُصَرِّفُ، مصدر تَصْرِیْفًا، پھیر پھیر کر بیان کرنا، طرح طرح سے بیان کرنا (ہم نے طرح طرح سے بیان کیں) اَلْاٰیٰتِ (آیات، نشانیاں) واحد، اٰیَةٌ، لَعَلَّهُمْ (لَعَلَّ، هُمْ) لَعَلَّ، حرف مشبہ بالفعل، تاکہ، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (تاکہ وہ) یَرْجِعُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب رَجَعَ یَرْجِعُ، مصدر رُجُوْعٌ، رجوع کرنا، وہ رجوع کریں (تاکہ وہ رجوع کریں)

فَلَوْ لَا نَصَرَهُمُ الَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قُرْبَانًا اٰلِهَةً ؕ	پھر اُنہوں نے اُن کی مدد کیوں نہیں کی جن کو اُنہوں نے قرب حاصل کرنے کیلئے اللہ کے سوا معبود بنایا

فَلَوْ لَا (فَ، لَوْ لَا) فَ، حرف عطف، پھر، لَوْ لَا، زجر و توبیخ کیلئے، کیوں نہیں (پھر کیوں نہیں) نَصَرَهُمْ (نَصَرَ، هُمْ) نَصَرَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب نَصَرَ یَنْصُرُ، مصدر نَصْرًا، مدد کرنا، اس نے مدد کی، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کی (اس نے ان کی مدد کی) اَلَّذِیْنَ، اسم موصول جمع مذکر (اُنہوں نے جن کو) اِتَّخَذُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اِتَّخَذَ یَتَّخِذُ، مصدر اِتِّخَاذٌ، پکڑنا، بنانا (اُنہوں نے بنایا) مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (مِنْ، دُوْنِ، اَللّٰهِ) مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، دُوْنِ، مجرور، مضاف، علاوہ، سوا، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے سوا) قُرْبَانًا، مصدر (قرب حاصل کرنے کیلئے دوسروں کو پوجنا، قرب حاصل کرنے (کیلئے)) اٰلِهَةً (معبود) واحد، اِلٰهٌ،

بَلْ ضَلُّوْا عَنْهُمْ ج	بلکہ وہ اُن سے گم ہو گئے

بَلْ، حرف اضراب (بلکہ) ضَلُّوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب ضَلَّ یَضِلُّ، مصدر ضَلٰلًا، گمراہ ہونا، گم ہونا (وہ گم ہو گئے) عَنْهُمْ (عَنْ، هُمْ) عَنْ، حرف جار، سے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن سے)

وَ ذٰلِكَ اِفْكُهُمْ وَ مَا كَانُوْا یَفْتَرُوْنَ ﴿۲۸﴾	اور یہ اُن کا جھوٹ تھا اور جو وہ بہتان باندھتے تھے

وَ، حرف عطف (اور) ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد ذکر بعید (یہ) اِفْكُهُمْ (اِفْكُ، هُمْ) اِفْكُ، مضاف، اسم مصدر،

جھوٹ، بہتان، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کا (اُن کا جھوٹ) وَ، حرف عطف (اور)
مَا، موصولہ (جو) كَانُوْا، فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ تھے)
يَفْتَرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اِفْتَرٰى يَفْتَرِيْ، مصدر اِفْتِرَآءٌ،
بہتان باندھنا (وہ بہتان باندھتے)

وَ اِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ	اور جب ہم نے جنوں میں سے ایک جماعت کو آپ کی طرف پھیرا کہ وہ قرآن کو غور سے سن لیں

وَ، حرف عطف (اور) اِذْ، ظرف زمان (جب) صَرَفْنَآ، فعل ماضی جمع متکلم صَرَفَ يَصْرِفُ، مصدر
صَرْفًا، موڑنا، پھیرنا، متوجہ کرنا (ہم نے پھیرا) اِلَيْكَ (اِلٰى، كَ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف،
كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر آپ (آپ کی طرف) نَفَرًا، اسم جمع، منصوب (جماعت، گروہ)
مِّنَ الْجِنِّ (مِنْ، اَلْجِنِّ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلْجِنِّ، مجرور، جنوں (جنوں سے)
يَسْتَمِعُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اِسْتَمَعَ يَسْتَمِعُ، مصدر اِسْتِمَاعٌ، غور سے سننا (وہ غور سے سن
لیں) اَلْقُرْاٰنَ، مفعول (قرآن)

فَلَمَّا حَضَرُوْهُ قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا ۚ	تو جب وہ اس کے پاس حاضر ہوئے اُنہوں نے کہا تم خاموشی سے سنتے رہو

فَلَمَّا (فَ، لَمَّا) فَ، حرف عطف، تو، لَمَّا، اسم ظرف، بمعنی، حِيْنَ، جب (تو جب)
حَضَرُوْهُ (حَضَرُوْا، هُ) حَضَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب حَضَرَ يَحْضُرُ، مصدر حُضُوْرًا، حاضر ہونا،
وہ حاضر ہوئے، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب اس کے، ضمیر کا مرجع رسول ﷺ ہے (وہ اس کے پاس حاضر
ہوئے) قَالُوْٓا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (اُنہوں نے کہا) اَنْصِتُوْا، فعل امر
جمع مذکر حاضر اَنْصَتَ يُنْصِتُ، مصدر اِنْصَاتٌ، خاموشی سے سننا (تم خاموشی سے سنتے رہو)

فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ	پھر جب (پڑھنا) ختم کیا گیا وہ اپنی قوم کی طرف (اللہ

مُّنْذِرِيْنَ ﴿٢٩﴾	سے) ڈرانے والے بن کر واپس لوٹے

فَلَمَّا (فَ، لَمَّا) فَ، حرف عطف، پھر، لَمَّا، ظرف زمان، جب (پھر جب) قُضِيَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب قَضٰى يَقْضِيْ، مصدر قَضَآءٌ، فیصلہ کرنا، پورا کرنا، خاتمہ کرنا ((پڑھنا) ختم کیا گیا) وَلَّوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب وَلّٰى يُوَلِّيْ، مصدر تَوْلِيَةٌ، واپس لوٹنا (وہ واپس لوٹے) اِلٰى قَوْمِهِمْ (اِلٰى، قَوْمِ، هِمْ) اِلٰى، حرف جار کی طرف، قَوْمِ، مجرور، مضاف، قوم، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی (اپنی قوم کی طرف) مُنْذِرِيْنَ، اِنْذَارٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ڈرانے والے) واحد، مُنْذِرٌ،

قَالُوْا يٰقَوْمَنَآ اِنَّا سَمِعْنَا كِتٰبًا اُنْزِلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ وَ اِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٣٠﴾	اُنہوں نے کہا اے ہماری قوم! بے شک ہم نے ایک کتاب سنی ہے وہ (حضرت) موسٰی کے بعد نازل کی گئی ہے اُن (کتابوں) کی تصدیق کرنے والی جو اس سے پہلے ہیں وہ حق کی طرف اور سیدھے راستے کی طرف رہنمائی کرتی ہے

قَالُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (اُنہوں نے کہا)

يٰقَوْمَنَآ (يَا، قَوْمَ، نَا) يَا، حرف ندا، اے، قَوْمَنَا، منادٰی، قَوْمَ، مضاف، قوم، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہماری (اے ہماری قوم) اِنَّا (اِنَّ، نَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم) سَمِعْنَا، فعل ماضی جمع متکلم سَمِعَ يَسْمَعُ، مصدر سَمْعًا، سننا (ہم نے سنا)

كِتٰبًا (ایک کتاب) اُنْزِلَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب اَنْزَلَ يُنْزِلُ، مصدر اِنْزَالًا، اُتارنا، نازل کرنا (نازل کی گئی ہے) مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى (مِنْ، بَعْدِ، مُوْسٰى) مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، بَعْدِ، مجرور، مضاف، بعد، مُوْسٰى، مضاف الیہ، حضرت موسٰیؑ کے (حضرت موسٰیؑ کے بعد)

مُصَدِّقًا، تَصْدِيْقٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، کتاب اردو میں مؤنث ہونے کی وجہ سے ترجمہ (تصدیق کرنے والی) لِّمَا (لِ، مَا) لِ، حرف جار، کی، مَا، مجرور، موصولہ، جو (اُن کی جو)

بَيْنَ يَدَيْهِ (بَيْنَ، يَدَيْ، هِ) بَيْنَ، مضاف، درمیان، يَدَيْ، مضاف الیہ، مضاف، اصل میں،

يَدَيْنِ، تھا، اضافت کی وجہ سے تثنیہ کا نون گر گیا، دونوں ہاتھ ،ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے دونوں ہاتھوں کے درمیان، اس کے سامنے، یہاں مراد ہے، اس سے پہلے)

يَهْدِيْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب هَدٰى يَهْدِيْ، مصدر هِدَايَةٌ، ہدایت دینا، رہنمائی کرنا، کتاب اردو میں مؤنث ہونے کی وجہ سے ترجمہ (وہ رہنمائی کرتی ہے) اِلَى الْحَقِّ (اِلٰى، اَلْحَقِّ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، اَلْحَقِّ، مجرور، حق (حق کی طرف) وَ، حرف عطف (اور)

اِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ (اِلٰى، طَرِيْقٍ، مُسْتَقِيْمٍ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، طَرِيْقٍ، مجرور، موصوف، راستے، مُسْتَقِيْمٍ، صفت، اِسْتِقَامَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، سیدھے (سیدھے راستے کی طرف)

يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۳۱﴾	اے ہماری قوم! تم اللہ کی طرف بلانے والے کی دعوت قبول کرو اور تم اس پر ایمان لاؤ وہ (اللہ) تمہارے لئے تمہارے گناہوں سے در گزر کرے گا اور وہ تمہیں دردناک عذاب سے بچالے گا

يٰقَوْمَنَآ (يَا، قَوْمَ، نَا) يَا، حرف ندا، اے، قَوْمَنَا، منادٰی، قَوْمَ، مضاف، قوم، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہماری (اے ہماری قوم) اَجِيْبُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَجَابَ يُجِيْبُ، مصدر اِجَابَةٌ، دعوت قبول کرنا (تم دعوت قبول کرو) دَاعِيَ اللّٰهِ (دَاعِيَ، اَللّٰهِ) دَاعِيَ، مضاف، دُعَآءٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، بلانے والا، داعی، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی (اللہ کی طرف بلانے والا) وَ، حرف عطف (اور)

اٰمِنُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا (تم ایمان لاؤ)

بِهٖ (بِ، هٖ) بِ، حرف جار بمعنی، عَلٰى، پر، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس پر)

يَغْفِرْ، فعل مضارع مجزوم واحد مذکر غائب غَفَرَ يَغْفِرُ، مصدر غُفْرَانًا، معاف کرنا، درگزر کرنا، بخشنا (وہ درگزر کرے گا) لَكُمْ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، لیے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے

(تمہارے لیے) مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ (مِنْ، ذُنُوْبِ، كُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، ذُنُوْبِ، مجرور، مضاف، گناہوں، واحد، ذَنْبٌ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے گناہوں سے)

وَ، حرف عطف (اور) يُجِرْكُمْ (يُجِرْ، كُمْ) يُجِرْ، فعل مضارع مجزوم واحد مذکر غائب اَجَارَ يُجِيْرُ، مصدر اِجَارَةٌ، پناہ دینا، بچانا، وہ بچالے گا، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (وہ تمہیں بچالے گا)

مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ (مِنْ، عَذَابٍ، اَلِيْمٍ) مِنْ، حرف جار، سے، عَذَابٍ، مجرور، موصوف، عذاب، اَلِيْمٍ، صفت، اَلَمٌ، مصدر سے بمعنی اسم فاعل، صفت مشبہ، دکھ دینے والا، دردناک (دردناک عذاب سے)

وَمَنْ لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْاَرْضِ وَلَيْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءُ ؕ	اور جو اللہ کی طرف بلانے والے کی دعوت قبول نہیں کرے گا تو وہ زمین میں ہرگز عاجز کرنے والا نہیں ہوگا اور نہ اُس کیلئے اُس (اللہ) کے سوا مددگار ہوں گے

وَ، حرف عطف (اور) مَنْ، اسم موصول شرطیہ (جو) لَا يُجِبْ، فعل مضارع منفی مجزوم (بوجہ، مَنْ، شرطیہ) واحد مذکر غائب اَجَابَ يُجِيْبُ، مصدر اِجَابَةٌ، دعوت قبول کرنا (وہ دعوت قبول نہیں کرے گا) دَاعِيَ اللّٰهِ (دَاعِيَ، اَللّٰهِ) دَاعِيَ، مضاف، دُعَآءٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، بلانے والا، پکارنے والا، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی (اللہ کی طرف بلانے والا)

فَلَيْسَ (فَ، لَيْسَ) فَ، حرف عطف، تو، لَيْسَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب، اس کی فعل مضارع کی گردان نہیں ہوتی، مَنْ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ، وہ نہیں ہوگا (تو وہ نہیں ہوگا)

بِمُعْجِزٍ (بِ، مُعْجِزٍ) بِ، حرف جار، برائے تاکید نفی، ہرگز، مُعْجِزٍ، مضاف الیہ، اِعْجَازٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (عاجز کرنے والا) فِي الْاَرْضِ (فِيْ، اَلْاَرْضِ) فِيْ، حرف جار، میں، اَلْاَرْضِ، مجرور، زمین (زمین میں) وَ، حرف عطف (اور) لَيْسَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب اس کا فعل مضارع اور فعل امر نہیں ہوتا (وہ نہ ہوگا) لَهٗ (لَ، هٗ) لَ، حرف جار، کیلئے، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس

کیلئے) مِنْ دُوْنِہٖٓ (مِنْ، دُوْنِ، ہٖ) مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، دُوْنِ، مجرور، مضاف، سوا، علاوہ، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس کے (اُس کے سوا)

اَوْلِیَآءُ، وَلَایَۃٌ، مصدر سے صفت مشبہ (مددگار، کارساز) واحد، وَلِیٌّ،

اُولٰٓئِكَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿۳۲﴾	یہی لوگ کھلی گمراہی میں ہیں

اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ جمع مذکر بعید (یہی لوگ) فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ (فِیْ، ضَلٰلٍ، مُبِیْنٍ) فِیْ، حرف جار، میں، ضَلٰلٍ، مجرور، موصوف، مصدر، گمراہی، مُبِیْنٍ، صفت، اِبَانَۃٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، کھلی، واضح، صریح (کھلی گمراہی میں)

اَوَ لَمْ یَرَوْا اَنَّ اللّٰہَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَ لَمْ یَعْیَ بِخَلْقِھِنَّ بِقٰدِرٍ عَلٰٓی اَنْ یُّحْیِیَ الْمَوْتٰی ؕ	اور کیا اُنھوں نے نہیں دیکھا کہ بے شک اللہ وہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور وہ اُن کے پیدا کرنے سے تھکا نہیں، وہ اس پر قادر ہے کہ مُردوں کو زندہ کر دے

اَوَ لَمْ یَرَوْا ا (اَ، وَ، لَمْ یَرَوْا) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، وَ، حرف عطف، اور، لَمْ یَرَوْا، فعل مضارع منفی جحد بلم جمع مذکر غائب رَاٰی یَرٰی، مصدر رُؤْیَۃٌ، دیکھنا، لَمْ، کی وجہ سے ترجمہ، اُنھوں نے نہیں دیکھا (اور کیا اُنھوں نے نہیں دیکھا) اَنَّ اللّٰہَ (اَنَّ، اَللّٰہَ) اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اَللّٰہَ، اَنَّ، کا اسم منصوب، اللہ (بے شک اللہ) اَلَّذِیْ، اسم موصول واحد مذکر (وہ جس نے)

خَلَقَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب خَلَقَ یَخْلُقُ، مصدر خَلْقًا، پیدا کرنا (اس نے پیدا کیا)

اَلسَّمٰوٰتِ (آسمانوں) واحد، اَلسَّمَآءُ، وَ، حرف عطف (اور) اَلْاَرْضَ (زمین)

وَ، حرف عطف (اور) لَمْ یَعْیَ، فعل مضارع منفی جحد بلم واحد مذکر غائب عَیِیَ یَعْیٰ، مصدر عَیَآءٌ، تھک جانا، لَمْ، کی وجہ سے ترجمہ (وہ تھکا نہیں) بِخَلْقِھِنَّ (بِ، خَلْقِ، ھِنَّ) بِ، حرف جار، سے، خَلْقِ، مجرور، مضاف، اسم مصدر، پیدا کرنا، ھِنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اُن کے، ضمیر کا

مرجع، اَلسَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ (اُن کے پیدا کرنے سے) بِقٰدِرٍ (بِ، قَادِرٍ) بِ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، قَادِرٍ، مجرور (قادر) عَلٰی، حرف جار (اس پر) اَنْ، مصدریہ ناصبہ (کہ)

يُّحْيِۦَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَحْيٰى يُحْيِىْ، مصدر اِحْيَآءٌ، زندہ کرنا (وہ زندہ کردے)

اَلْمَوْتٰى (مُردوں) واحد، اَلْمَيِّتُ،

بَلٰٓى اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ۝٣٣	کیوں نہیں یقیناً وہ ہر چیز پر قادر ہے

بَلٰٓى، حرف ایجاب (کیوں نہیں) اِنَّهٗ (اِنَّ، هٗ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ (یقیناً وہ) عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ (عَلٰى، كُلِّ، شَیْءٍ) عَلٰى، حرف جار، پر، كُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، شَیْءٍ، مضاف الیہ، چیز (ہر چیز پر) قَدِيْرٌ، قُدْرَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (قدرت والا، قادر)

وَ يَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ؕ	اور جس دن وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا آگ پر پیش کئے جائیں گے

وَ، حرف عطف (اور) يَوْمَ، ظرف زمان (جس دن) يُعْرَضُ، فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب عَرَضَ يَعْرِضُ، مصدر عَرْضًا، پیش کرنا (وہ پیش کئے جائیں گے) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر بعید (وہ لوگ جنہوں نے) كَفَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا (اُنہوں نے کفر کیا) عَلَى النَّارِ (عَلٰى، اَلنَّارِ) عَلٰى، حرف جار، پر، اَلنَّارِ، مجرور، آگ (آگ پر)

اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ؕ	کیا یہ (عذاب) حق نہیں

اَلَيْسَ (اَ، لَيْسَ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، لَيْسَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب اس کا فعل مضارع اور فعل امر نہیں ہوتا، نہیں ہے (کیا نہیں ہے) هٰذَا، اسم اشارہ واحد مذکر قریب (یہ)

بِالْحَقِّ (بِ، اَلْحَقِّ) بِ، حرف جار زائدہ، ترجمہ کی ضرورت نہیں، اَلْحَقِّ، مجرور (حق)

قَالُوْا بَلٰى وَ رَبِّنَا ؕ	وہ کہیں گے کیوں نہیں ہمارے رب کی قسم

قَالُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، ترجمہ بحوالہ قیامت (وہ کہیں گے)

بَلٰی، حرف ایجاب (کیوں نہیں) وَرَبِّنَا (وَ، رَبِّ، نَا) وَ، حرف جار و قسمیہ، قسم، رَبِّ، مجرور، مقسم بہ، مضاف، رب، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (ہمارے رب کی قسم)

قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ۞	وہ کہے گا پھر تم اس عذاب کا مزہ چکھو جس کا تم انکار کیا کرتے تھے

قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، ترجمہ بحوالہ قیامت (وہ کہے گا) فَذُوْقُوا (فَ، ذُوْقُوْا) فَ، حرف عطف، پھر، ذُوْقُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر ذَاقَ يَذُوْقُ، مصدر ذَوْقًا، مزہ چکھنا، تم مزہ چکھو (پھر تم مزہ چکھو) اَلْعَذَابَ (عذاب) بِمَا (بِ، مَا) بِ، حرف جار، کا، مَا، مجرور، موصولہ، جس، جو (اس کا جس کا) كُنْتُمْ، فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (تم تھے) تَكْفُرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا، انکار کرنا (تم انکار کر کیا کرتے)

فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَّهُمْ ؕ	پس آپ صبر کریں جس طرح پُختہ ارادے والے رسولوں نے صبر کیا اور آپ اِن (کے عذاب) کیلئے جلدی کا مطالبہ نہ کریں

فَاصْبِرْ (فَ، اِصْبِرْ) فَ، حرف عطف، پس، اِصْبِرْ، فعل امر واحد مذکر حاضر صَبَرَ يَصْبِرُ، مصدر صَبْرًا، صبر کرنا، آپ صبر کریں (پس آپ صبر کریں) كَمَا (كَ، مَا) كَ، حرف جار و تشبیہ، مانند، جیسا، طرح، مَا، موصولہ، جس (جس طرح) صَبَرَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب صَبَرَ يَصْبِرُ، مصدر صَبْرًا، صبر کرنا (اس نے صبر کیا) اُولُوا الْعَزْمِ (اُولُوْا، اَلْعَزْمِ) اُولُوْا، مضاف، والے، اس کا واحد نہیں آتا، بعض، ذُوْ، کو اس کا واحد بیان کرتے ہیں، اَلْعَزْمِ، مضاف الیہ، مصدر رہے، ہمت، پختہ ارادہ (پختہ ارادے والے) مِنَ الرُّسُلِ (مِنْ، اَلرُّسُلِ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلرُّسُلِ، مجرور، رسولوں، واحد، رَسُوْلٌ (رسولوں سے) وَ، حرف عطف (اور) لَا تَسْتَعْجِلْ، فعل نہی واحد مذکر حاضر اِسْتَعْجَلَ

یَسۡتَعۡجِلۡ، مصدر اِسۡتِعۡجَالٌ، جلدی کرنا، جلدی مانگنا، جلدی کا مطالبہ کرنا (آپ جلدی کا مطالبہ نہ کریں) لَّهُمۡ (لَ، هُمۡ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کیلئے)

كَاَنَّهُمۡ يَوۡمَ يَرَوۡنَ مَا يُوۡعَدُوۡنَ ۙ لَمۡ يَلۡبَثُوۡۤا اِلَّا سَاعَةً مِّنۡ نَّهَارٍ ؕ	جس دن وہ (عذاب آخرت) کو دیکھیں گے جس کا اُن سے وعدہ کیا جاتا ہے تو (خیال کریں گے) گویا وہ (دنیا میں) نہیں ٹھہرے مگر دن کی ایک گھڑی

كَاَنَّهُمۡ (كَاَنَّ، هُمۡ) كَاَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، گویا، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (گویا وہ)

يَوۡمَ، ظرف زمان (جس دن) يَرَوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب رَاٰی یَرٰی، مصدر رُؤۡيَةٌ، دیکھنا (وہ دیکھیں گے) مَا، موصولہ (اس کو جس کا) يُوۡعَدُوۡنَ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب وَعَدَ يَعِدُ، مصدر وَعۡدًا، وعدہ کرنا (اُن سے وعدہ کیا جاتا ہے)

لَمۡ يَلۡبَثُوۡۤا، فعل مضارع منفی جحد بلم جمع مذکر غائب لَبِثَ يَلۡبَثُ، مصدر لَبۡثٌ، ٹھہرنا، قیام کرنا، لَمۡ، کی وجہ سے ترجمہ (وہ نہیں ٹھہرے) اِلَّا، حرف استثنا (مگر سوائے) سَاعَةً (ایک گھڑی)

مِّنۡ نَّهَارٍ (مِنۡ، نَهَارٍ) مِنۡ، حرف جار، سے، ضرورتاً ترجمہ، کی، کیا جاتا ہے، نَهَارٍ، مجرور، دن (دن کی)

بَلٰغٌ ۚ فَهَلۡ يُهۡلَكُ اِلَّا الۡقَوۡمُ الۡفٰسِقُوۡنَ ۟	پیغام پہنچا دینا ہے، پھر نافرمان لوگوں کے سوا کوئی (اور) ہلاک نہیں کیا جائے گا

بَلٰغٌ، مصدر ہے، بطور تبلیغ آیا ہے (پیغام پہنچا دینا) فَهَلۡ (فَ، هَلۡ) فَ، حرف عطف، پھر، هَلۡ، صلہ میں، اِلَّا، ہے، نافیہ ہے، نہیں (پھر نہیں) يُهۡلَكُ، فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب اَهۡلَكَ يُهۡلِكُ، مصدر اِهۡلَاكٌ، ہلاک کرنا (ہلاک کیا جائے گا) اِلَّا، حرف استثنا (مگر، سوا)

الۡقَوۡمُ الۡفٰسِقُوۡنَ (اَلۡقَوۡمُ، اَلۡفٰسِقُوۡنَ) اَلۡقَوۡمُ، موصوف، قوم، لوگوں، اَلۡفٰسِقُوۡنَ، صفت، فُسُوۡقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، نافرمانی کرنے والے، نافرمان، بدکار، واحد، اَلۡفَاسِقُ (نافرمان لوگوں کے)

اٰيَاتُهَا:۳۸	سُوْرَةُ مُحَمَّدٍ مَّدَنِيَّةٌ	رُكُوْعَاتُهَا:۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے۔

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝۱	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور اللہ کی راہ سے روکا اس نے اُن کے اعمال برباد کر دیئے

اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جنہوں نے) كَفَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا (اُنہوں نے کفر کیا) وَ، حرف عطف (اور)

صَدُّوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب صَدَّ يَصُدُّ، مصدر صَدًّا، روکنا (اُنہوں نے روکا)

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (عَنْ، سَبِيْلِ، اَللّٰهِ) عَنْ، حرف جار، سے، سَبِيْلِ، مجرور، مضاف، راہ، راستہ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی (اللہ کی راہ سے) اَضَلَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَضَلَّ يُضِلُّ، مصدر اِضْلَالٌ، گمراہ کرنا، برباد کرنا (اس نے برباد کر دیئے) ضمیر کا مرجع، اللّٰهِ، ہے،

اَعْمَالَهُمْ (اَعْمَالَ، هُمْ) اَعْمَالَ، مضاف، اعمال، واحد، عَمَلٌ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے اعمال)

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَاَصْلَحَ بَالَهُمْ ۝۲	اور وہ لوگ جو ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک عمل کئے اور وہ اس پر ایمان لائے جو محمد (ﷺ) پر نال کیا گیا اور وہی اُن کے رب کی طرف سے حق ہے اُس نے اُن سے اُن کی بُرائیاں دور کر دیں اور اُس نے اُن کا حال درست کر دیا

وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو) اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ

يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لائے) وَ، حرف عطف (اور) عَمِلُوا، فعل ماضی جمع مذکر غائب عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (اُنہوں نے عمل کئے) اَلصّٰلِحٰتِ، صَلَاحٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث (نیک، اچھے) واحد، اَلصَّالِحَةُ، وَ، حرف عطف (اور)

اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لائے)

بِمَا (بِ، مَا) بِ، حرف جار بمعنی، عَلٰى، پر، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس پر جو) نُزِّلَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب نَزَّلَ يُنَزِّلُ، مصدر تَنْزِيْلًا، اُتارنا، نازل کرنا (وہ نازل کیا گیا)

عَلٰى مُحَمَّدٍ (عَلٰى، مُحَمَّدٍ) عَلٰى، حرف جار، پر، مُحَمَّدٍ، مجرور، محمد ﷺ (محمد ﷺ پر)

وَ، حرف عطف (اور) هُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب (وہی) اَلْحَقُّ، اسم مصدر (حق، سچ)

مِنْ رَّبِّهِمْ (مِنْ، رَبِّ، هِمْ) مِنْ، حرف جار، بمعنی، اِلٰى، کی طرف سے، رَبِّ، مجرور، مضاف، رب، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے رب کی طرف سے) كَفَّرَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب كَفَّرَ يُكَفِّرُ، مصدر تَكْفِيْرٌ، کفارہ دینا، دور کرنا (اس نے دور کردیں) عَنْهُمْ (عَنْ، هُمْ) عَنْ، حرف جار، سے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان سے)

سَيِّاٰتِهِمْ (سَيِّاٰتِ، هِمْ) سَيِّاٰتِ، مضاف، بُرائیاں، واحد، سَيِّئَةٌ، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کی (اُن کی بُرائیاں) وَ، حرف عطف (اور) اَصْلَحَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَصْلَحَ يُصْلِحُ، مصدر اِصْلَاحٌ، اصلاح کرنا، درست کرنا (اُس نے درست کردیا) بَالَهُمْ (بَالَ، هُمْ) بَالَ، مضاف، جس حال کی پرواہ کی جائے وہ، بَالَ، کھلاتا ہے، اور کبھی جس حالت میں دل جمنے لگے اس کو بھی، بَالَ، کہتے ہیں، حال، دل، جی، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کا (اُن کا حال)

ذٰلِكَ بِاَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ وَ اَنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبَعُوا الْحَقَّ مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ	یہ اس وجہ سے ہے کہ بے شک وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اُنہوں نے باطل کی پیروی کی اور بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے اُنہوں نے اپنے رب کی طرف سے حق کی پیروی کی

ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید (یہ) بِاَنَّ (بِ، اَنَّ) بِ، حرف جار سببیہ، وجہ سے، اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، کہ بے شک (اس وجہ سے کہ بے شک) اَلَّذِیْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جنہوں نے)
کَفَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب کَفَرَ یَکْفُرُ، مصدر کُفْرًا، کفر کرنا (اُنہوں نے کفر کیا)
اِتَّبَعُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اِتَّبَعَ یَتَّبِعُ، مصدر اِتِّبَاعًا، پیروی کرنا (اُنہوں نے پیروی کی)
اَلْبَاطِلَ (باطل، جھوٹ) وَ، حرف عطف (اور) اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل (کہ بے شک)
اَلَّذِیْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو) اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ یُؤْمِنُ، مصدر اِیْمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لائے) اِتَّبَعُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اِتَّبَعَ یَتَّبِعُ، مصدر اِتِّبَاعًا، پیروی کرنا، پیچھے چلنا (اُنہوں نے پیروی کی) اَلْحَقَّ (حق کی)
مِنْ رَّبِّهِمْ (مِنْ، رَبِّ، هِمْ) مِنْ، حرف جار، بمعنی اِلٰی، کی طرف سے، رَبِّ، مجرور، مضاف، رب، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے رب کی طرف سے)

كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ ۝	اسی طرح اللہ لوگوں کیلئے اُن کی مثالیں بیان کرتا ہے

كَذٰلِكَ (كَ، ذٰلِكَ) كَ، حرف تشبیہ، مانند، طرح، جیسا، ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اس، اسی (اسی طرح) يَضْرِبُ اللّٰهُ (يَضْرِبُ، اَللّٰهُ) يَضْرِبُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب ضَرَبَ يَضْرِبُ، مصدر ضَرْبًا، بیان کرنا، وہ بیان کرتا ہے، اَللّٰهُ، فاعل ہے، اللہ (اللہ بیان کرتا ہے) لِلنَّاسِ (لِ، اَلنَّاسِ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَلنَّاسِ، مجرور، لوگوں (لوگوں کیلئے) اَمْثَالَهُمْ (اَمْثَالَ، هُمْ) اَمْثَالَ، مضاف، مثالیں، واحد، مَثَلٌ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کی (اُن کی مثالیں)

فَاِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ الرِّقَابِ ؕ	پھر جب تم ان لوگوں سے (میدان جنگ میں) ملو جنہوں نے کفر کیا تو گردنیں مارنا ہے

فَاِذَا (فَ، اِذَا) فَ، حرف عطف، پھر، اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط، جب (پھر جب)
لَقِيْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر لَقِيَ يَلْقٰى، مصدر لِقَآءً، ملنا، آمنا سامنا ہونا، اِذَا، کی وجہ

ترجمہ (تم ملو) اَلَّذِیْنَ، اسم موصول جمع مذکر (اُن لوگوں سے جنہوں نے)

کَفَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب کَفَرَ یَکْفُرُ، مصدر کُفْرًا، کفر کرنا (اُنہوں نے کفر کیا)

فَضَرْبَ الرِّقَابِ (فَ، ضَرْبَ، اَلرِّقَابِ) فَ، حرف عطف، تو، ضَرْبَ، مضاف، اسم مصدر، مارنا،

اَلرِّقَابِ، مضاف الیہ، گردنیں، واحد، رَقَبَۃٌ (تو گردنیں مارنا ہے)

حَتّٰۤی اِذَاۤ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ ۙ فَاِمَّا مَنًّۢا بَعْدُ وَ اِمَّا فِدَآءً حَتّٰی تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا ۚۛ	یہاں تک کہ تم انہیں خوب قتل کر چکو تو تم مضبوط کرو (اُن کا) باندھنا پھر اس کے بعد یا احسان کرنا ہے اور یا فدیہ لے لینا ہے یہاں تک کہ لڑائی (کرنے والی مخالف فوج) اپنے ہتھیار رکھ دے

حَتّٰۤی، حرف جار و حرف غایت (یہاں تک کہ) اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط، جب (پھر جب)

اَثْخَنْتُمُوْهُمْ (اَثْخَنْتُمْ، وْ، هُمْ) اَثْخَنْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر اَثْخَنَ یُثْخِنُ، مصدر اِثْخَانٌ،

خوب قتل کرنا، خوب خونریزی کرنا، تم خوب قتل کر چکو، وْ، اشباع کا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (تم انہیں خوب قتل کر چکو) فَشُدُّوا (فَ، شُدُّوْا) فَ، حرف عطف، تو، شُدُّوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر شَدَّ

یَشُدُّ، مصدر شَدًّا، باندھنا، مضبوط کرنا (تم مضبوط کرو) اَلْوَثَاقَ، مصدر (تیار کرنا، باندھنا)

فَاِمَّا (فَ، اِمَّا) فَ، حرف عطف، پھر، اِمَّا، اِنَّ، اور، مَا، کا مرکب ہے، اگر، یا (پھر یا)

مَنًّا، مصدر ہے (احسان کرنا) بَعْدُ (اس کے بعد) وَ، حرف عطف (اور) اِمَّا، اِنَّ، اور، مَا، کا مرکب

ہے (اگر، یا) فِدَآءً، مصدر ہے (فدیہ لے لینا) حَتّٰی، حرف جار، وغایت (یہاں تک کہ)

تَضَعَ الْحَرْبُ (تَضَعَ، اَلْحَرْبُ) تَضَعَ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب وَضَعَ یَضَعُ، مصدر

وَضْعٌ، رکھنا، نیچے ڈال دینا، وہ رکھ دے، اَلْحَرْبُ، فاعل، لڑائی (لڑائی رکھ دے)

اَوْزَارَهَا (اَوْزَارَ، هَا) اَوْزَارَ، مضاف، ہتھیار، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اپنے (اپنے ہتھیار)

ذٰلِكَ ۛؕ وَ لَوْ یَشَآءُ اللّٰهُ لَانْتَصَرَ	یہی (حکم) ہے اور اگر اللہ چاہتا وہ اُن سے ضرور انتقام

مِنْهُمْ وَلٰكِنْ لِّيَبْلُوَاْ بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ ؕ	لے لیتا اور لیکن تاکہ وہ تمہارے بعض کو بعض کے ساتھ (لڑاکر) آزمائے

ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد ذکر بعید (یہی (حکم) ہے) وَ، حرف عطف (اور) لَوْ، شرطیہ (اگر) يَشَآءُ اللّٰهُ (يَشَآءُ، اَللّٰهُ) يَشَآءُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب شَآءَ يَشَآءُ، مصدر مَشِيْئَةٌ، چاہنا، وہ چاہتا، اَللّٰهُ، فاعل ہے، اللہ (اللہ چاہتا) لَانْتَصَرَ (لَ، اِنْتَصَرَ) لَ، لام جواب شرط، لَوْ، کیلئے ہے، ضرور، اِنْتَصَرَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اِنْتَصَرَ يَنْتَصِرُ، مصدر اِنْتِصَارٌ، مدد طلب کرنا، انتقام لینا، سزا دینا، لَوْ، شرطیہ کیوجہ سے ترجمہ، وہ انتقام لے لیتا (ضرور وہ انتقام لے لیتا) مِنْهُمْ (مِنْ، هُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن سے) وَ، حرف عطف (اور) لٰكِنْ، حرف استدراک (لیکن) لِّيَبْلُوَاْ (لِ، يَبْلُوَاْ) لِ، لام تعلیل ناصبہ، تاکہ، يَبْلُوَاْ، فعل مضارع منصوب واحد مذکر غائب بَلَا يَبْلُوْ، مصدر بَلَآءٌ، آزمانا، آزمائش ڈالنا، وہ آزمائے (تاکہ وہ آزمائے) بَعْضَكُمْ (بَعْضَ، كُمْ) بَعْضَ، مضاف، کل کا حصہ، کچھ، بعض، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے بعض) بِبَعْضٍ (بِ، بَعْضٍ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، بَعْضٍ، مجرور، بعض (بعض کے ساتھ)

وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَنْ يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝۴	اور وہ لوگ جو اللہ کی راہ میں قتل کردیئے گئے تو وہ (اللہ) ہرگز اُن کے اعمال ضائع نہیں کرے گا

وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو) قُتِلُوْا، فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب قَتَلَ يَقْتُلُ، مصدر قَتْلًا، قتل کرنا (وہ قتل کردیئے گئے) فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (فِيْ، سَبِيْلِ، اَللّٰهِ) فِيْ، حرف جار، میں، سَبِيْلِ، مجرور، مضاف، راہ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی (اللہ کی راہ میں) فَلَنْ يُّضِلَّ (فَ، لَنْ يُّضِلَّ) فَ، حرف عطف، تو، لَنْ يُّضِلَّ، فعل مضارع منفی تاکید بلن واحد مذکر غائب اَضَلَّ يُضِلُّ، مصدر اِضْلَالٌ، گمراہ کرنا برباد کرنا، ضائع کرنا (تو وہ ہرگز ضائع نہیں کرے گا) اَعْمَالَهُمْ (اَعْمَالَ، هُمْ) اَعْمَالَ، مضاف، اعمال، واحد، عَمَلٌ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر

جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے اعمال)

سَيَهْدِيْهِمْ وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ ۝	وہ عنقریب انہیں سیدھی راہ دکھائے گا اور اُن کا حال درست کر دے گا

سَيَهْدِيْهِمْ (سَ، يَهْدِيْ، هِمْ) سَ، حرف استقبال، عنقریب، يَهْدِيْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب هَدٰى يَهْدِيْ، مصدر هِدَايَةٌ، ہدایت دینا، سیدھی راہ دکھانا، وہ سیدھی راہ دکھائے گا، هِمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (وہ عنقریب انہیں سیدھی راہ دکھائے گا) وَ، حرف عطف (اور) يُصْلِحُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَصْلَحَ يُصْلِحُ، مصدر اِصْلَاحٌ، اصلاح کرنا، درست کرنا (وہ درست کر دے گا)

بَالَهُمْ (بَالَ، هُمْ) بَالَ، مضاف، حال، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کا (اُن کا حال)

وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ۝	اور وہ انہیں جنت میں داخل کرے گا اُس نے اُن کو اس کی پہچان کرادی ہے

وَ، حرف عطف (اور) يُدْخِلُهُمْ (يُدْخِلُ، هُمْ) يُدْخِلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَدْخَلَ يُدْخِلُ، مصدر اِدْخَالٌ، داخل کرنا، وہ داخل کرے گا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُنہیں (وہ اُنہیں داخل کرے گا) اَلْجَنَّةَ (جنت) عَرَّفَهَا (عَرَّفَ، هَا) عَرَّفَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب عَرَّفَ يُعَرِّفُ، مصدر تَعْرِيْفٌ، تعارف کرانا، پہچان کرادینا، اس نے پہچان کرادی ہے،

هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اُس، ضمیر کا مرجع، اَلْجَنَّةَ، ہے (اُس نے اس کی پہچان کرادی ہے)

لَهُمْ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار، کو، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کو)

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ ۝	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! اگر تم اللہ (کے دین) کی مدد کرو گے (تو) وہ تمہاری مدد کرے گا اور وہ تمہارے قدموں کو جمادے گا

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (يَا، اَيُّهَا، اَلَّذِيْنَ، اٰمَنُوْا) يَا، حرف ندا، اے، اَيُّهَا، جب منادیٰ پر، اَلْ، داخل ہو تو

مذکر کیلئے ،یَا، کے ساتھ ،اَیُّھَا، بڑھادیتے ہیں،اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا، منادٰی،اَلَّذِیْنَ،اسم موصول جمع مذکر،وہ لوگو جو،اٰمَنُوْٓا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ یُؤْمِنُ، مصدر اِیْمَانًا،ایمان لانا،ایمان لائے ہو (اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو) اِنْ، شرطیہ جازمہ (اگر) تَنْصُرُوْا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر نَصَرَ یَنْصُرُ، مصدر نَصْرًا، مدد کرنا (تم مدد کروگے) اَللّٰہَ(اللہ کی) یَنْصُرْکُمْ (یَنْصُرْ، کُمْ) یَنْصُرْ، فعل مضارع مجزوم واحد مذکر غائب نَصَرَ یَنْصُرُ، مصدر نَصْرًا، مدد کرنا،وہ مدد کرے گا، کُمْ، ضمیر جمع حاضر، تمہاری (وہ تمہاری مدد کرے گا) وَ، حرف عطف (اور) یُثَبِّتْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب ثَبَّتَ یُثَبِّتُ، مصدر تَثْبِیْتًا، جمادینا، مضبوط رکھنا، برقرار رکھنا (وہ جمادے گا) اَقْدَامَکُمْ (اَقْدَامَ، کُمْ) اَقْدَامَ، مضاف، قدموں، واحد، قَدَمٌ، کُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے قدموں کو)

وَالَّذِیْنَ کَفَرُوْا فَتَعْسًا لَّھُمْ وَ اَضَلَّ اَعْمَالَھُمْ ﴿۸﴾	اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا تو اُن کیلئے ہلاکت ہے اور اُس نے اُن کے اعمال ضائع کردیئے

وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِیْنَ،اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جنہوں نے)

کَفَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب کَفَرَ یَکْفُرُ، مصدر کُفْرًا، کفر کرنا (اُنہوں نے کفر کیا)

فَتَعْسًا (فَ، تَعْسًا) فَ، حرف عطف، تو، تَعْسًا، مصدر، ہلاکت، بربادی، خواری (تو ہلاکت)

لَّھُمْ (لَ، ھُمْ) لَ، حرف جار، کیلئے، ھُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کیلئے)

وَ، حرف عطف (اور) اَضَلَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَضَلَّ یُضِلُّ، مصدر اِضْلَالٌ، گمراہ کرنا، برباد کرنا، ضائع کرنا (اس نے ضائع کردیئے) اَعْمَالَھُمْ (اَعْمَالَ، ھُمْ) اَعْمَالَ، مضاف، اعمال، واحد، عَمَلٌ، ھُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے اعمال)

ذٰلِکَ بِاَنَّھُمْ کَرِھُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَھُمْ ﴿۹﴾	یہ اس وجہ سے کہ بالیقین اُنہوں نے اس کو ناپسند کیا جو اللہ نے نازل کیا تو اُس نے اُن کے اعمال ضائع کردیئے

ذٰلِکَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید (یہ) بِاَنَّھُمْ (بِ، اَنَّ، ھُمْ) بِ، حرف جار سببیہ، وجہ سے، اَنَّ، مجرور، حرف مشبہ بالفعل، کہ بے شک، بالیقین، ھُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان نے (اس وجہ

سے کہ بالیقین ان نے) کَرِهُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب کَرِهَ یَکْرَهُ، مصدر کَرْهًا وَّ کُرْهًا، ناپسند کرنا، نفرت کرنا (اُنہوں نے ناپسند کیا) مَا، اسم موصول (اُس کو جو) اَنْزَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَنْزَلَ یُنْزِلُ، مصدر اِنْزَالًا، اتارنا، نازل کرنا (اُس نے نازل کیا) اَللّٰهُ، فاعل ہے (اللہ نے)

فَاَحْبَطَ (فَ، اَحْبَطَ) فَ، حرف عطف، تو، اَحْبَطَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَحْبَطَ یُحْبِطُ، مصدر اِحْبَاطٌ، اکارت کردینا، ضائع کردینا، اس نے ضائع کردیئے (تو اس نے ضائع کردیئے)

اَعْمَالَهُمْ (اَعْمَالَ، هُمْ) اَعْمَالَ، مضاف، اعمال، واحد، عَمَلٌ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے اعمال)

اَفَلَمْ یَسِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ فَیَنْظُرُوْا کَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ط	تو کیا وہ لوگ زمین میں چلے پھرے نہیں کہ وہ دیکھتے اُن لوگوں کا انجام کیسا ہو جو اُن سے پہلے تھے

اَفَلَمْ یَسِیْرُوْا (اَ، فَ، لَمْ یَسِیْرُوْا) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، فَ، حرف عطف، تو، لَمْ یَسِیْرُوْا، فعل مضارع منفی جحد بلم جمع مذکر غائب سَارَ یَسِیْرُ، مصدر سَیْرًا، سیر کرنا، چلنا پھرنا، لَمْ، کی وجہ سے ترجمہ، وہ چلے پھرے نہیں (تو کیا وہ چلے پھرے نہیں) فِی الْاَرْضِ (فِیْ، اَلْاَرْضِ) فِیْ، حرف جار، میں، اَلْاَرْضِ، مجرور، زمین (زمین میں) فَیَنْظُرُوْا (فَ، یَنْظُرُوْا) فَ، حرف عطف سببیہ، کہ، یَنْظُرُوْا، فعل مضارع جمع مذکر غائب نَظَرَ یَنْظُرُ، مصدر نَظْرًا، دیکھنا، وہ دیکھتے (کہ وہ دیکھتے)

کَیْفَ، استفہامیہ (کیسا) كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ یَکُوْنُ، مصدر کَوْنًا، ہونا (وہ ہوا)

عَاقِبَةُ، اسم مصدر (عاقبت، انجام) اَلَّذِیْنَ، اسم موصول جمع مذکر (اُن لوگوں کا جو)

مِنْ قَبْلِهِمْ (مِنْ، قَبْلِ، هِمْ) مِنْ، حرف جار، سے، قَبْلِ، مجرور، مضاف، پہلے، قبل، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن سے پہلے)

دَمَّرَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ ز	اللہ نے اُن پر ہلاکت ڈال دی

دَمَّرَ اللّٰهُ (دَمَّرَ، اَللّٰهُ) دَمَّرَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب دَمَّرَ یُدَمِّرُ، مصدر تَدْمِیْرٌ، تباہ کرنا، برباد کرنا،

ہلاکت ڈالنا، اس نے ہلاکت ڈال دی، اَللّٰهُ، فاعل، اللہ (اللہ نے ہلاکت ڈال دی)

عَلَيْهِمْ (عَلٰى، هِمْ) عَلٰى، حرف جار، پر، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن پر)

وَ لِلْكٰفِرِيْنَ اَمْثَالُهَا ۝	اور کافروں کیلئے اسی جیسی (ہلاکتیں) ہیں

وَ، حرف عطف (اور) **لِلْكٰفِرِيْنَ** (لِ، اَلْكٰفِرِيْنَ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَلْكٰفِرِيْنَ، مجرور، كُفْرًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (کفر کرنے والے، کافروں) واحد، اَلْكَافِرُ (کافروں کیلئے)

اَمْثَالُهَا (اَمْثَالُ، هَا) اَمْثَالُ، مضاف، طرح، جیسی، واحد، مَثَلٌ، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اسی، ضمیر کا مرجع، عَاقِبَةُ، ہے (اسی جیسی)

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ مَوْلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ اَنَّ الْكٰفِرِيْنَ لَا مَوْلٰى لَهُمْ ۝	یہ اس وجہ سے کہ بے شک اللہ اُن لوگوں کا مددگار ہے جو ایمان لائے اور بے شک کافر ہیں کہ اُن کا کوئی مددگار نہیں

ع ۵

ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید (یہ) **بِاَنَّ** (بِ، اَنَّ) بِ، حرف جار سببیہ، وجہ سے، اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، کہ بے شک (اس وجہ سے کہ بے شک) اَللّٰهَ، اَنَّ، کا اسم منصوب (اللہ) **مَوْلٰى**، اسم مفرد، حمایتی، مددگار، جمع، اَمْوَالِيْ، اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (اُن لوگوں کا جو) **اٰمَنُوْا**، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لائے) وَ، حرف عطف (اور) اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) **اَلْكٰفِرِيْنَ**، كُفْرًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (کافروں) لَا، نافیہ (نہیں)

مَوْلٰى (مددگار، حمایتی) **لَهُمْ** (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار، کا، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کا)

اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ	یقیناً اللہ اُن لوگوں کو جو ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک عمل کئے جنتوں میں داخل کرے گا کہ ان کے نیچے سے نہریں بہتی ہیں

اِنَّ اللّٰهَ (اِنَّ، اَللّٰهَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، اَللّٰهَ، اِنَّ، کا اسم منصوب، اللہ (یقیناً اللہ)

يُدْخِلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَدْخَلَ يُدْخِلُ، مصدر اِدْخَالًا، داخل کرنا (وہ داخل کرے گا)

اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (ان لوگوں کو جو) اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لائے) وَ، حرف عطف (اور) عَمِلُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (اُنہوں نے عمل کئے) اَلصّٰلِحٰتِ، صَلَاحٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث (نیک، اچھے) واحد، اَلصَّالِحَةُ، جَنّٰتٍ (جنتوں، باغات) واحد، جَنَّةٌ،

تَجْرِیْ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب جَرٰی يَجْرِیْ، مصدر جِرْيَانٌ وَّ جَرْيًا، بہنا (وہ بہتی ہے) مِنْ تَحْتِهَا (مِنْ، تَحْتِ، هَا) مِنْ، حرف جار، سے، تَحْتِ، مجرور، مضاف، نیچے، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اُس کے، ضمیر کا مرجع، جَنّٰتٍ ہے (اُن کے نیچے سے) اَلْاَنْهٰرُ (نہریں) واحد، اَلنَّهْرُ،

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَتَمَتَّعُوْنَ وَيَاْكُلُوْنَ كَمَا تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ۝	اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا وہ فائدہ اٹھاتے ہیں اور وہ کھاتے ہیں جس طرح چوپائے کھاتے ہیں اور آگ اُن کا ٹھکانہ ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جنہوں نے)

كَفَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا (اُنہوں نے کفر کیا)

يَتَمَتَّعُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب تَمَتَّعَ يَتَمَتَّعُ، مصدر تَمَتُّعٌ، فائدہ اٹھانا، (وہ فائدہ اٹھاتے ہیں)

وَ، حرف عطف (اور) يَاْكُلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اَكَلَ يَاْكُلُ، مصدر اَكْلًا، کھانا (وہ کھاتے ہیں)

كَمَا (كَ، مَا) كَ، حرف تشبیہ، مانند، طرح، جیسا، مَا، اسم موصول، جس (جس طرح)

تَاْكُلُ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب اَكَلَ يَاْكُلُ، مصدر اَكْلًا، کھانا (وہ کھاتا ہے)

اَلْاَنْعَامُ (مویشی، چوپائے) واحد، نَعَمٌ، جس کے اصل معنی اونٹ کے ہیں مگر بھیڑ بکری گائے بھینس کیلئے بھی بولا جاتا ہے، وَ، حرف عطف (اور) اَلنَّارُ (آگ) مَثْوًى، ثَوَآءٌ، مصدر سے اسم ظرف مکان (ٹھکانا) لَّهُمْ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار، کا، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کا)

وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ هِيَ اَشَدُّ قُوَّةً	اور کتنی ہی بستیاں تھیں وہ قوت میں آپ کی بستی سے

مِّنۡ قَرۡيَتِكَ الَّتِيۡٓ اَخۡرَجَتۡكَ ۚ	زیادہ سخت تھیں جس (کے رہنے والوں) نے آپ کو نکالا

وَ، حرف عطف (اور) كَاَيِّنۡ، اصل میں، كَاَيٍّ، تھا، تنوین کو بصورت نون لکھا گیا ہے، اسم تکثیر ہے (بہت، کتنی) مِّنۡ قَرۡيَةٍ (مِنۡ، قَرۡيَةٍ) مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، قَرۡيَةٍ، مجرور (بستیاں)

هِيَ، ضمیر واحد مؤنث غائب (وہ) اَشَدُّ، شِدَّةٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ سخت)

قُوَّةً (طاقت، قوت) مِّنۡ قَرۡيَتِكَ (مِنۡ، قَرۡيَةِ، كَ) مِنۡ، حرف جا، سے، قَرۡيَةِ، مجرور، مضاف، بستی، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کی (آپ کی بستی سے) اَلَّتِيۡ، اسم موصول واحد مؤنث (جس نے) اَخۡرَجَتۡكَ (اَخۡرَجَتۡ، كَ) اَخۡرَجَتۡ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب اَخۡرَجَ يُخۡرِجُ، مصدر اِخۡرَاجًا، نکالنا، اُس نے نکالا، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (اُس نے آپ کو نکالا)

اَهۡلَكۡنٰهُمۡ فَلَا نَاصِرَ لَهُمۡ ۝	ہم نے انہیں ہلاک کر دیا پھر اُن کا کوئی مددگار نہ تھا

اَهۡلَكۡنٰهُمۡ (اَهۡلَكۡنَا، هُمۡ) اَهۡلَكۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَهۡلَكَ يُهۡلِكُ، مصدر اِهۡلَاكًا، ہلاک کرنا، ہم نے ہلاک کر دیا، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (ہم نے انہیں ہلاک کر دیا)

فَلَا نَاصِرَ (فَ، لَا، نَاصِرَ) فَ، حرف عطف، پھر، لَا، نافیہ، نہ، نَاصِرَ، نَصۡرًا، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، مدد کرنے والا، کوئی مددگار (پھر نہ کوئی مددگار)

لَهُمۡ (لَ، هُمۡ) لَ، حرف جار، کا، هُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کا)

اَفَمَنۡ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنۡ رَّبِّهٖ كَمَنۡ زُيِّنَ لَهٗ سُوۡٓءُ عَمَلِهٖ وَاتَّبَعُوۡٓا اَهۡوَآءَهُمۡ ۝	تو کیا وہ جو اپنے رب کی طرف سے واضح دلیل پر ہو اس کی طرح ہو سکتا ہے جس کیلئے اس کے برے عمل کو مُزیّن کر دیا گیا ہو اور وہ اپنی خواہشات کی پیروی کریں

اَفَمَنۡ (اَ، فَ، مَنۡ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، فَ، حرف عطف، تو، مَنۡ، اسم موصول شرطیہ، جو (تو کیا جو)

كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوۡنُ، مصدر كَوۡنًا، ہونا (وہ ہو)

عَلٰى بَيِّنَةٍ (عَلٰى، بَيِّنَةٍ) عَلٰى، حرف جار، پر، بَيِّنَةٍ، مجرور، واضح دلیل (واضح دلیل پر)

مِّنۡ رَّبِّهٖ (مِنۡ، رَبِّ، هٖ) مِنۡ، حرف جار، بمعنی اِلٰی، کی طرف سے، رَبِّ، مجرور، مضاف، رب،

هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے رب کی طرف سے)

كَمَنْ (كَ، مَنْ) كَ، حرف جار و تشبیہ، مانند، طرح، مَنْ، اسم موصول، جس (اس کی طرح جس)

زُيِّنَ، فعل ماضی مجہول واحد، مذکر غائب زَيَّنَ يُزَيِّنُ، مصدر تَزْيِيْنٌ، زینت دینا، مزین کرنا (وہ مزین کردیا گیا ہو) لَهٗ (لَ، هٗ) لَ، حرف جار، کیلئے، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کیلئے)

سُوْٓءُ، سَوْءٌ، مصدر سے اسم، ہر وہ چیز جو انسان کو غم میں ڈال دے (بُرائی، گناہ، بُرا کام، عیب)

عَمَلِهٖ (عَمَلِ، هٖ) عَمَلِ، مضاف، اسم مصدر، عمل، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذ غائب، اس کے (اس کے عمل) وَ، حرف عطف (اور) اِتَّبَعُوْٓا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ، مصدر اِتِّبَاعًا، پیروی کرنا (وہ پیروی کریں) اَهْوَآءَهُمْ (اَهْوَآءَ، هُمْ) اَهْوَآءَ، مضاف، خواہشات، واحد، هَوٰى،

هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی (اپنی خواہشات کی)

مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ	(اس) جنت کی صفت جس کا پرہیز گاروں سے وعدہ کیا گیا ہے

مَثَلُ الْجَنَّةِ (مَثَلُ، اَلْجَنَّةِ) مَثَلُ، مضاف، مثال، صفت، اَلْجَنَّةِ، مضاف الیہ، جنت کی (جنت کی صفت) اَلَّتِيْ، اسم موصول واحد مؤنث (اس جس کا) وُعِدَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب وَعَدَ يَعِدُ، مصدر وَعْدًا، وعدہ کرنا (وہ وعدہ کیا گیا ہے) اَلْمُتَّقُوْنَ، اِتِّقَآءٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (اللہ سے ڈرنے والے، متقیوں، پرہیزگاروں) واحد، اَلْمُتَّقِيْ،

فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ	اس میں (ایسے) پانی کی نہریں ہیں کہ وہ بدبو کرنے والا نہیں

فِيْهَآ (فِيْ، هَا) فِيْ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اُس، ضمیر کا مرجع، اَلْجَنَّةِ، ہے (اس میں) اَنْهٰرٌ (نہریں) واحد، نَهْرٌ، مِّنْ مَّآءٍ (مِنْ، مَآءٍ) مِنْ، حرف جار، ترجمہ، سے، ضرورتاً، کی، کیا جاتا ہے، مَآءٍ، مجرور، پانی (پانی کی) غَيْرِ اٰسِنٍ (غَيْرِ، اٰسِنٍ) غَيْرِ، مضاف، نہیں، اٰسِنٍ، مضاف الیہ، اُسُوْنًا مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، بدبودار، بدبو کرنے والا (بدبو کرنے والا نہیں)

وَ اَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ	اور (ایسے) دودھ کی نہریں ہیں کہ اُس کا ذائقہ نہیں بدلا

وَ، حرف عطف (اور) اَنْهٰرٌ (نہریں) واحد، نَهْرٌ، مِّنْ لَّبَنٍ (مِنْ، لَبَنٍ) مِنْ، حرف جار، ترجمہ، سے، ضرورتاً، کی، کیا جاتا ہے، لَبَنٍ، مجرور، دودھ (دودھ کی)

لَمْ يَتَغَيَّرْ، فعل مضارع منفی جحد بلم واحد مذکر غائب غَيَّرَ يُغَيِّرُ، مصدر تَغْيِيْرًا، بدلنا، تبدیل کرنا، لَمْ، کی وجہ سے ترجمہ ماضی میں (وہ نہیں بدلا)

طَعْمُهٗ (طَعْمُ، هٗ) طَعْمُ، مضاف، مزہ، ذائقہ، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اُس کا (اُس کا ذائقہ)

وَ اَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ	اور (ایسی) شراب کی نہریں ہیں جو پینے والوں کیلئے لذیذ ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَنْهٰرٌ (نہریں) مِّنْ خَمْرٍ (مِنْ، خَمْرٍ) مِنْ، حرف جار، ترجمہ، سے، ضرورتاً، کی، کیا جاتا ہے، خَمْرٍ، مجرور، شراب (شراب کی) لَذَّةٍ، اسم مفرد، خوش مزہ، لذیذ، جمع، لَذَّاتٌ،

لِّلشّٰرِبِيْنَ (لِ، اَلشّٰرِبِيْنَ) لِ، حرف جا، کیلئے، اَلشّٰرِبِيْنَ، مجرور، شُرْبٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، پینے والے، واحد، اَلشَّارِبُ (پینے والوں کیلئے)

وَ اَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ۚ	اور صاف کئے ہوئے شہد کی نہریں ہیں

وَ، حرف عطف (اور) اَنْهٰرٌ (نہریں) واحد، نَهْرٌ، مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى (مِنْ، عَسَلٍ، مُصَفًّى) مِنْ، حرف جار، ترجمہ، سے، ضرورتاً، کی، کیا جاتا ہے، عَسَلٍ، مجرور، موصوف، شہد، مُصَفًّى، صفت، تَصْفِيَةٌ، مصدر سے اسم مفعول واحد مذکر، صاف کیا ہوا، صاف شدہ (صاف کئے ہوئے شہد کی)

وَ لَهُمْ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَ مَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ۚ	اور اُن کیلئے اس میں ہر قسم کے پھل اور اُن کے رب کی طرف سے بخشش ہے

وَ، حرف عطف (اور) لَهُمْ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کیلئے)

فِيْهَا (فِيْ، هَا) فِيْ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اُس، ضمیر کا مرجع، اَلْجَنَّةِ، ہے (اُس میں) مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ (مِنْ، كُلِّ، اَلثَّمَرٰتِ) مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں،

كُلِّ، مجرور، مضاف، ہر (قسم) اَلثَّمَرٰتِ، مضاف الیہ، پھل، میوے، واحد، ثَمَرٌ (ہر (قسم) کے پھل)

وَ، حرف عطف (اور) مَغْفِرَةٌ، اسم مصدر (بخشش، مغفرت)

مِّنْ رَّبِّهِمْ (مِنْ، رَبِّ، هِمْ) مِنْ، حرف جار، بمعنی اِلٰی، کی طرف سے، رَبِّ، مجرور، مضاف، رب، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے رب کی طرف سے)

كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِي النَّارِ وَسُقُوْا مَآءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَآءَهُمْ ﴿۱۵﴾	(کیا پرہیز گار لوگ) اُن کی طرح ہیں کہ جو ہمیشہ آگ میں رہنے والے ہیں انہیں کھولتا ہوا گرم پانی پلایا جائے گا تو وہ اُن کی آنتیں ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا

كَمَنْ (كَ، مَنْ) كَ، حرف جار و تشبیہ، مانند، طرح، مَنْ، اسم موصول، جو (اُن کی طرح جو)

هُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب (وہ) خَالِدٌ، خُلُوْدٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (ہمیشہ رہنے والا) جمع، خَالِدُوْنَ، فِي النَّارِ (فِيْ، اَلنَّارِ) فِيْ، حرف جار، میں، اَلنَّارِ، مجرور، آگ (آگ میں)

وَ، حرف عطف (اور) سُقُوْا، فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب سَقٰی يَسْقِيْ، مصدر سَقْيٌ، پانی پلانا، پانی دینا، ترجمہ بحولہ قیامت (انہیں پلایا جائے گا) مَآءً حَمِيْمًا (مَآءً، حَمِيْمًا) مَآءً، موصوف، پانی، حَمِيْمًا، صفت، حَمَمٌ، مصدر سے صفت مشبہ، نہایت گرم، کھولتا ہوا (کھولتا ہوا پانی)

فَقَطَّعَ (فَ، قَطَّعَ) فَ، حرف عطف، تو، قَطَّعَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَطَّعَ يُقَطِّعُ، مصدر تَقْطِيْعٌ، ٹکڑے ٹکڑے کرنا، ترجمہ بحوالہ قیامت (وہ ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا) اَمْعَآءَهُمْ (اَمْعَآءَ، هُمْ) اَمْعَآءَ، مضاف، آنتیں، واحد، مَعِيٌّ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کی (اُن کی آنتیں)

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ	اور اُن میں سے بعض وہ ہیں جو آپ کی طرف کان لگاتے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) مِنْهُمْ (مِنْ، هُمْ) مِنْ، حرف جار تبعیضیہ، میں سے بعض، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن میں سے بعض) مَّنْ، اسم موصول (وہ جو) يَسْتَمِعُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اِسْتَمَعَ يَسْتَمِعُ، مصدر اِسْتِمَاعٌ، توجہ سے سننا، کان لگانا (وہ کان لگاتا ہے)

اِلَيْكَ (اِلٰى، كَ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر آپ (آپ کی طرف)

حَتّٰۤى اِذَا خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ اٰنِفًا	یہاں تک کہ جب وہ آپ کے پاس سے نکلتے ہیں وہ ان لوگوں سے کہتے ہیں جنہیں علم دیا گیا ہے ابھی اس نے کیا کہا تھا

حَتّٰۤى، حرف جار و حرف غایت (یہاں تک کہ) اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط (جب)
خَرَجُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب خَرَجَ يَخْرُجُ، مصدر خُرُوْجًا، نکل جانا، نکلنا، اِذَا، شرطیہ، کی وجہ سے ترجمہ (وہ نکلتے ہیں) مِنْ عِنْدِكَ (مِنْ، عِنْدِ، كَ) مِنْ، حرف جار، سے، عِنْدِ، مجرور، مضاف، پاس، ہاں، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کے (آپ کے پاس سے)
قَالُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ کہتے ہیں)
لِلَّذِيْنَ (لِ، اَلَّذِيْنَ) لِ، حرف جار بمعنی، مِنْ، سے، اَلَّذِيْنَ، مجرور، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگ جنہیں (ان لوگوں سے جنہیں) اُوْتُوا، فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب اٰتٰى يُؤْتِيْ، مصدر اِيْتَآءً، دینا (انہیں دیا گیا ہے) اَلْعِلْمَ، اسم مصدر (علم) مَا ذَا، اسم استفہام (کیا) قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (اس نے کہا تھا) اٰنِفًا، اَنْفٌ، سے ماخوذ ہے، ظرف زمان (ابھی)

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَاتَّبَعُوْۤا اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۶﴾	یہی ہیں وہ لوگ جن کے دلوں پر اللہ نے مہر لگا دی اور اُنہوں نے اپنی خواہشات کی پیروی کی

اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ جمع مذکر بعید (یہی ہیں) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جن کے)
طَبَعَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب طَبَعَ يَطْبَعُ، مصدر طَبْعًا، مہر لگانا، چھاپنا (اس نے مہر لگادی)
اَللّٰهُ، فاعل (اللہ نے) عَلٰى قُلُوْبِهِمْ (عَلٰى، قُلُوْبِ، هِمْ) عَلٰى، حرف جار، پر، قُلُوْبِ، مجرور، مضاف، دلوں، واحد، قَلْبٌ، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے دلوں پر)
وَ، حرف عطف (اور) اِتَّبَعُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ، مصدر اِتِّبَاعًا، پیروی کرنا (اُنہوں

نے پیروی کی) اَهْوَآءَهُمْ (اَهْوَآءَ، هُمْ) اَهْوَآءَ، مضاف، خواہشات، واحد، هَوٰى،
هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی (اپنی خواہشات کی)

وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَّ اٰتٰىهُمْ تَقْوٰىهُمْ ﴿۱۷﴾	اور وہ لوگ جنہوں نے ہدایت پائی اس نے انہیں ہدایت میں بڑھا دیا اور اُس نے اُنہیں اُن کا تقوٰی عطا کیا

وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جنہوں نے)
اِهْتَدَوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اِهْتَدٰى يَهْتَدِىْ، مصدر اِهْتِدَآءٌ، ہدایت پانا (اُنہوں نے ہدایت پائی) زَادَهُمْ (زَادَ، هُمْ) زَادَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب زَادَ يَزِيْدُ، مصدر زِيَادَةٌ، زیادہ کرنا، بڑھا دینا، اُس نے بڑھا دیا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُنہیں (اُس نے اُنہیں بڑھا دیا)
هُدًى، اسم مصدر (ہدایت) وَ، حرف عطف (اور) اٰتٰىهُمْ (اٰتٰى، هُمْ) اٰتٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب اٰتٰى يُؤْتِىْ، مصدر اِيْتَآءٌ، دینا، عطا کرنا، اس نے عطا کیا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (اس نے انہیں عطا کیا) تَقْوٰىهُمْ (تَقْوٰى، هُمْ) تَقْوٰى، مضاف، اِتِّقَآءٌ، مصدر سے اسم، بچنا، پرہیزگاری، تقوٰی،
هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کا (اُن کا تقوٰی)

فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً ۚ	پس نہیں وہ انتظار کرتے مگر قیامت کا کہ وہ اُن پر اچانک آ جائے

فَهَلْ (فَ، هَلْ) فَ، حرف عطف، پس، هَلْ، صلہ میں، اِلَّا، سے ترجمہ، نہیں (پس نہیں)
يَنْظُرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب نَظَرَ يَنْظُرُ، مصدر نَظْرًا، دیکھنا، انتظار کرنا (وہ انتظار کرتے ہیں)
اِلَّا، حرف استثنا (مگر، سوائے) اَلسَّاعَةَ، مفعول (قیامت) اَنْ، مصدریہ ناصبہ (کہ)
تَاْتِيَهُمْ (تَاْتِىَ، هُمْ) تَاْتِىَ، فعل مضارع منصوب واحد مؤنث غائب اَتٰى يَاْتِىْ، مصدر اِتْيَانٌ، آنا، وہ آئے،
هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (وہ اُن پر آئے) بَغْتَةً (اچانک، یکایک، ایک دم)

فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ۚ	پس یقیناً اُس کی نشانیاں آ چکی ہیں

فَقَدْ (فَ، قَدْ) فَ، حرف عطف، پس، قَدْ، حرف تحقیق، یقیناً (پس یقیناً) جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ یَجِیْءُ، مصدر مَجِیْءٌ، آنا (وہ آچکی) اَشْرَاطُهَا (اَشْرَاطُ، هَا) اَشْرَاطُ، مضاف، شرائط، علامات، نشانیاں، واحد، شَرْطٌ، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اُس کی (اُس کی نشانیاں)

فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ﴿۱۸﴾	پھر اُن کیلئے اُن کی نصیحت کیسے ہوگی جب وہ (قیامت) اُن کے پاس آجائے گی

فَاَنّٰى (فَ، اَنّٰى) فَ، حرف عطف، پھر، اَنّٰى، استفہامیہ، بمعنی، كَیْفَ، کیسے، کیونکہ (پھر کیسے)

لَهُمْ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کیلئے)

اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط (جب) جَآءَتْهُمْ (جَآءَتْ، هُمْ) جَآءَتْ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب جَآءَ یَجِیْءُ مصدر مَجِیْءٌ، آنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ، وہ آجائے گی، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (وہ اُن کے پاس آجائے گی) ذِكْرٰىهُمْ (ذِكْرٰى، هُمْ) ذِكْرٰى، مضاف، مصدر ہے، نصیحت کرنا، ذکر کرنا، نصیحت، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کی (اُن کی نصیحت)

فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ ؕ	پس آپ جان لیں کہ بے شک حقیقت یہ ہے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور آپ اپنی کوتاہی کی بخشش مانگیے اور مومن مردوں اور مومن عورتوں کیلئے (بھی)

فَاعْلَمْ (فَ، اِعْلَمْ) فَ، حرف عطف، پس، اِعْلَمْ، فعل امر واحد مذکر حاضر عَلِمَ یَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا، آپ جان لیں (پس آپ جان لیں) اَنَّهٗ (اَنَّ، هٗ) اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، ضمیر کے بعد جملہ مفسرہ ہے، اس لئے ضمیر شان ہے، بات یہ ہے، حقیقت یہ ہے (بے شک حقیقت یہ ہے) لَا، نافیہ (نہیں ہے) اِلٰهَ (کوئی معبود) اِلَّا، حرف استثنا (مگر، سوا) اَللّٰهُ (اللہ کے) وَ، حرف عطف (اور) اِسْتَغْفِرْ، فعل امر واحد مذکر حاضر اِسْتَغْفَرَ یَسْتَغْفِرُ، مصدر اِسْتِغْفَارٌ، بخشش مانگنا، معافی مانگنا (آپ بخشش مانگیے) لِذَنْۢبِكَ (لِ، ذَنْۢبِ، كَ) لِ، حرف جار، کی، ذَنْۢبِ، مجرور، گناہ، قصور،

کوتاہی، جمع، ذُنُوْبٌ، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، اپنی (اپنی کوتاہی کی) وَ، حرف عطف (اور)
لِلْمُؤْمِنِيْنَ (لِ، اَلْمُؤْمِنِيْنَ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَلْمُؤْمِنِيْنَ، مجرور، اِيْمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع
مذکر، ایمان والے، مومن مردوں، واحد، اَلْمُؤْمِنُ (مومن مردوں کیلئے) وَ، حرف عطف (اور)
اَلْمُؤْمِنٰتِ، اِيْمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث، ایمان والیاں (مومن عورتوں) واحد، اَلْمُؤْمِنَةُ،

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ۝۱۹	اور اللہ تمہارے گھومنے پھرنے کی جگہ اور تمہارے ٹھہرنے کی جگہ کو جانتا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اللّٰهُ، خالق کائنات کا ذاتی نام ہے (اللہ) يَعْلَمُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَلِمَ
يَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (وہ جانتا ہے) مُتَقَلَّبَكُمْ (مُتَقَلَّبَ، كُمْ) مُتَقَلَّبَ، مضاف،
تَقَلُّبٌ، مصدر سے ظرف مکان، گھومنے پھرنے کی جگہ، آمدورفت، چلنے پھرنے کی جگہ، كُمْ، مضاف الیہ،
ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے گھومنے پھرنے کی جگہ) وَ، حرف عطف (اور)
مَثْوٰىكُمْ (مَثْوٰى، كُمْ) مَثْوٰى، مضاف، ثَوَآءٌ، مصدر سے ظرف مکان، ٹھہرنے کی جگہ، ٹھکانہ،
كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے ٹھہرنے کی جگہ)

وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْ لَا نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ ۚ	اور جو لوگ ایمان لائے وہ کہتے ہیں کوئی (جہاد کی) سورت کیوں نہیں نازل کی گئی؟

وَ، حرف عطف (اور) يَقُوْلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب قَالَ، يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا کہنا، صلہ، اَلَّذِيْنَ،
ہے ترجمہ (وہ کہتے ہیں) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (جو لوگ)
اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لائے)
لَوْ لَا، برائے زجر و توبیخ (کیوں نہیں) نُزِّلَتْ، فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب نَزَّلَ يُنَزِّلُ، مصدر
تَنْزِيْلًا، اتارنا، نازل کرنا (وہ نازل کی گئی) سُوْرَةٌ (کوئی سورت)

فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ	پھر جب محکم سورت نازل کی جاتی ہے اور اس میں جہاد کا

فِيْهَا الْقِتَالُ ۙ رَاَيْتَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يَّنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ؕ	ذکر کیا جاتا ہے اور آپ اُن لوگوں کو دیکھتے ہیں جن کے دلوں میں کوئی بیماری ہے کہ وہ آپ کی طرف دیکھتے ہیں (جیسے کہ) اس کا دیکھنا جس پر موت کی بیہوشی طاری ہو

فَاِذَآ(فَ،اِذَا) فَ، حرف عطف، پھر،اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط، جب (پھر جب) اُنْزِلَتْ، فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب اَنْزَلَ يُنْزِلُ، مصدر اِنْزَالًا، اتارنا، نازل کرنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ نازل کی جاتی ہے) سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ (سُوْرَةٌ، مُحْكَمَةٌ) سُوْرَةٌ، موصوف، سورت، مُحْكَمَةٌ، صفت، اِحْكَامٌ، مصدر سے اسم مفعول واحد مؤنث، مضبوط کی ہوئی، محکم (محکم سورت) وَ، حرف عطف (اور) ذُكِرَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب ذَكَرَ يَذْكُرُ، مصدر ذِكْرًا، ذکر کرنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (ذکر کیا جاتا ہے) فِيْهَا (فِيْ، هَا) فِيْ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، سُوْرَةٌ، ہے (اس میں) اَلْقِتَالُ، اسم مصدر (جنگ، لڑائی، جہاد) رَاَيْتَ، فعل ماضی واحد مذکر حاضر رَاٰى يَرٰى، مصدر رُؤْيَةٌ، دیکھنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (آپ دیکھتے ہیں) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (اُن لوگوں کو جن کے) فِيْ قُلُوْبِهِمْ (فِيْ، قُلُوْبِ، هِمْ) فِيْ، حرف جار، میں، قُلُوْبِ، مجرور، مضاف، دلوں، واحد، قَلْبٌ، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے دلوں میں) مَرَضٌ (کوئی بیماری) يَنْظُرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب نَظَرَ يَنْظُرُ، مصدر نَظْرًا، دیکھنا (وہ دیکھتے ہیں) اِلَيْكَ (اِلٰى، كَ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر آپ (آپ کی طرف) نَظَرَ الْمَغْشِيِّ (نَظَرَ، اَلْمَغْشِيِّ) نَظَرَ، مضاف، اصل میں، نَظَرًا، مصدر ہے اضافت کی وجہ سے تنوین گر گئی ہے، دیکھنا، اَلْمَغْشِيِّ، مضاف الیہ، غَشْيٌ، مصدر سے اسم مفعول واحد مذکر، جس پر بیہوشی طاری ہو، بیہوشی (اس کا دیکھنا کہ بیہوشی طاری ہو) عَلَيْهِ (عَلٰى، هِ) عَلٰى، حرف جار، پر، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس پر) مِنَ الْمَوْتِ (مِنْ، اَلْمَوْتِ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلْمَوْتِ، مجرور، موت (موت سے)

فَاَوْلٰى لَهُمْ ۚ ﴿۲۰﴾	پس اُن کیلئے خرابی ہے

فَاَوْلٰی (فَ، اَوْلٰی) فَ، حرف عطف، پس، اَوْلٰی، وَلْیٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ، زیادہ قریب، بہتر، زیادہ مستحق، جب صلہ میں لام ہو تو ڈانٹ اور دھمکی کے معنی دیتا ہے، خرابی، بُرائی،

لَهُمْ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کیلئے)

طَاعَةٌ وَّ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ	حکم ماننا اور اچھی بات کہنا

طَاعَةٌ، مصدر ہے (حکم ماننا، اطاعت کرنا، فرمانبردار ہونا) وَ، حرف عطف (اور)

قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ (قَوْلٌ، مَعْرُوْفٌ) قَوْلٌ، موصوف، کہنا، مَعْرُوْفٌ، صفت، عِرْفَانٌ، مصدر سے اسم مفعول دستور، اچھی بات، بھلی بات (اچھی بات کہنا)

فَاِذَا عَزَمَ الْاَمْرُ	پھر جب (جہاد کا) حکم قطعی (لازم) ہو جائے

فَاِذَا (فَ، اِذَا) فَ، حرف عطف، پھر، اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط، جب (پھر جب)

عَزَمَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب عَزَمَ يَعْزِمُ، مصدر عَزْمًا، پختہ کرنا، قطعی ہونا، لازم ہونا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ قطعی ہو جائے) اَلْاَمْرُ، فاعل (حکم، معاملہ)

فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ﴿۲۱﴾	تو اگر وہ اللہ سے سچے رہتے تو یقیناً وہ اُن کیلئے بہتر ہوتا

فَلَوْ (فَ، لَوْ) فَ، حرف عطف، تو، لَوْ، شرطیہ، اگر (تو اگر) صَدَقُوْا، فعل ماضی واحد مذکر غائب صَدَقَ يَصْدَقُ، مصدر صِدْقًا، سچا رہنا، لَوْ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ (وہ سچے رہتے) اللّٰهَ (اللہ)

لَكَانَ (لَ، كَانَ) لَ، لام تاکید یقیناً، كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا، لَوْ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ (یقیناً وہ ہوتا) خَيْرًا (بہتر، اچھا) لَّهُمْ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کیلئے)

فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَ تُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَكُمْ ﴿۲۲﴾	پھر کیا تم سے توقع ہے کہ اگر تم حاکم بن جاؤ یہ کہ تم زمین میں فساد کرو اور تم اپنے قرابتی رشتوں کو توڑ ڈالو

فَهَلْ (فَ، هَلْ) فَ، حرف عطف، پھر، هَلْ، استفہامیہ، کیا (پھر کیا)
عَسَيْتُمْ، فعل جامد ماضی جمع مذکر حاضر اس کی گردان نہیں آتی (تم سے توقع ہے) اِنْ، شرطیہ (اگر)
تَوَلَّيْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر تَوَلّٰی يَتَوَلّٰی، مصدر تَوَلِّیٌ، منہ موڑنا، حاکم بننا، اِنْ، شرطیہ جازمہ کی وجہ سے ترجمہ (تم حاکم بن جاؤ) اَنْ، مصدریہ (یہ کہ) تُفْسِدُوْا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اَفْسَدَ يُفْسِدُ، مصدر اِفْسَادٌ، فساد کرنا (تم فساد کرو) فِي الْاَرْضِ (فِيْ، اَلْاَرْضِ) فِيْ، حرف جار، میں، اَلْاَرْضِ، مجرور، زمین (زمین میں) وَ، حرف عطف (اور) تُقَطِّعُوْٓا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر قَطَّعَ يُقَطِّعُ، مصدر تَقْطِيْعٌ، ٹکڑے ٹکڑے کرنا، توڑ ڈالنا (تم توڑ ڈالو) اَرْحَامَكُمْ (اَرْحَامَ، كُمْ) اَرْحَامَ، مضاف، رحم، قرابتی رشتوں، واحد، رِحْمٌ، عورت کے پیٹ کا وہ حصہ جس میں بچہ ہوتا ہے، قرابتی رشتوں کیلئے استعمال ہوتا ہے کیونکہ وہ ایک رحم سے پیدا ہوتے ہیں،
كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنے (اپنے قرابتی رشتوں)

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فَاَصَمَّهُمْ وَ اَعْمٰٓى اَبْصَارَهُمْ ﴿۲۳﴾	پس یہی وہ لوگ ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی پس اُس نے انہیں بہرا کر دیا اور اُس نے اُن کی آنکھیں اندھی کر دیں

اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ جمع مذکر بعید (یہی ہیں) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جن پر)
لَعَنَهُمُ اللّٰهُ (لَعَنَ، هُمْ، اَللّٰهُ) لَعَنَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب لَعَنَ يَلْعَنُ، مصدر لَعْنًا، لعنت کرنا، اس نے لعنت کی، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن، اَللّٰهُ، فاعل، اللہ نے (اللہ نے اُن پر لعنت کی)
فَاَصَمَّهُمْ (فَ، اَصَمَّ، هُمْ) فَ، حرف عطف، پس، اَصَمَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَصَمَّ يُصِمُّ، مصدر اِصْمَامٌ، بہرا کر دینا، اس نے بہرا کر دیا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (اس نے انہیں بہرا کر دیا)
وَ، حرف عطف (اور) اَعْمٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَعْمٰى يُعْمِىْ، مصدر اِعْمَآءٌ، اندھا کرنا (اس نے اندھی کر دیں) اَبْصَارَهُمْ (اَبْصَارَ، هُمْ) اَبْصَارَ، مضاف، آنکھیں، واحد، بَصَرٍ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کی (اُن کی آنکھیں)

اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا ۞	تو کیا وہ قرآن میں غور نہیں کرتے یا (ان کے) دلوں پر اُن کے تالے (لگے ہوئے) ہیں

اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ (اَ،فَ،لَا يَتَدَبَّرُوْنَ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، فَ، حرف عطف، تو، لَا يَتَدَبَّرُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب تَدَبَّرَ يَتَدَبَّرُ، مصدر تَدَبُّرٌ، تدبر کرنا، غور کرنا، وہ غور نہیں کرتے (تو کیا وہ غور نہیں کرتے) اَلْقُرْاٰنَ (قرآن) اَمْ، حرف عطف (یا) عَلٰى قُلُوْبٍ (عَلٰى، قُلُوْبٍ) عَلٰى، حرف جار، پر، قُلُوْبٍ، مجرور، دلوں، واحد، قَلْبٌ (دلوں پر) اَقْفَالُهَا (اَقْفَالُ، هَا) اَقْفَالُ، مضاف، تالے، قفل، واحد، قُفْلٌ، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اُس کے، ضمیر کا مرجع، قُلُوْبٌ، ہے (اُن کے تالے)

اِنَّ الَّذِيْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى ۙ الشَّيْطٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ ۭ	بے شک وہ لوگ جو اپنی پیٹھوں پر (کفر کی طرف) پھر گئے اس کے بعد کہ اُن کیلئے ہدایت واضح ہو چکی تھی شیطان نے ان کیلئے (ان کا عمل) اچھا کر کے دکھایا

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو)

اِرْتَدُّوْا، فعل ماضی جمع ذکر غائب اِرْتَدَّ يَرْتَدُّ، مصدر اِرْتِدَادٌ، جس راستے سے آئے اسی راستے سے واپس جانا، پھرنا، لوٹ جانا (وہ پھر گئے) عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ (عَلٰٓى، اَدْبَارِ، هِمْ) عَلٰٓى، حرف جار، پر، اَدْبَارِ، مجرور، مضاف، پیٹھوں، واحد، دُبُرٍ، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی (اپنی پیٹھوں پر)

مِّنْۢ بَعْدِ (مِنْ، بَعْدِ) مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، بَعْدِ، مجرور (اس کے بعد)

مَا، مصدریہ (کہ) تَبَيَّنَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب تَبَيَّنَ يَتَبَيَّنُ، مصدر تَبَيُّنٌ، واضح ہونا (وہ واضح ہو چکی تھی) لَهُمْ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کیلئے)

اَلْهُدَى، اسم مصدر (ہدایت) اَلشَّيْطٰنُ، فاعل (شیطان) سَوَّلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب سَوَّلَ يُسَوِّلُ، مصدر تَسْوِيْلٌ، اچھا کر کے دکھانا، خوشنما دکھانا (اس نے اچھا کر کے دکھایا)

لَهُمْ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کیلئے)

وَ اَمۡلٰی لَهُمۡ ۝۲۵	اور اُس نے اُن کو لمبی امیدیں دلائیں

وَ، حرف عطف (اور) اَمۡلٰی، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَمۡلٰی یُمۡلِیۡ، مصدر اِمۡلَآءٌ، لمبی امیدیں دلانا، ڈھیل دینا، لمبی مہلت دینا (اس نے لمبی امیدیں دلائیں)

لَهُمۡ (لَ، هُمۡ) لَ، حرف جار، کو، هُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کو)

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمۡ قَالُوۡا لِلَّذِيۡنَ كَرِهُوۡا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ سَنُطِيۡعُكُمۡ فِىۡ بَعۡضِ الۡاَمۡرِ ۚ	یہ اس وجہ سے کہ بے شک اُنہوں نے اُن لوگوں سے کہا کہ جنہوں نے اس کو ناپسند کیا جو اللہ نے نازل کیا عنقریب ہم بعض معاملات میں تمہارا کہنا مانیں گے

ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید (یہ) بِاَنَّهُمۡ (بِ، اَنَّ، هُمۡ) بِ، حرف جار، وجہ سے، اَنَّ، مجرور، حرف مشبہ بالفعل، کہ بے شک، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُنہوں نے (اس وجہ سے کہ بے شک اُنہوں نے)

قَالُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (اُنہوں نے کہا)

لِلَّذِيۡنَ (لِ، اَلَّذِيۡنَ) لِ، حرف جار، سے، اَلَّذِيۡنَ، مجرور، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگ جو (اُن لوگوں سے جنہوں نے) كَرِهُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَرِهَ يَكۡرَهُ، مصدر كَرۡهًا وَّ كُرۡهًا، ناپسند کرنا (اُنہوں نے ناپسند کیا) مَا، اسم موصولہ (اس کو جو) نَزَّلَ اللّٰهُ (نَزَّلَ، اَللّٰهُ) نَزَّلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب نَزَّلَ يُنَزِّلُ، مصدر تَنۡزِيۡلٌ، اتارنا، نازل کرنا، اس نے نازل کی، اَللّٰهُ، فاعل، اللہ (اللہ نے نازل کیا)

سَنُطِيۡعُكُمۡ (سَ، نُطِيۡعُ، كُمۡ) سَ، حرف استقبال، عنقریب، نُطِيۡعُ، فعل مضارع جمع متکلم اَطَاعَ يُطِيۡعُ، مصدر اِطَاعَةٌ، تابعداری کرنا، کہنا ماننا، ہم کہنا مانیں گے، كُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارا (عنقریب ہم تمہارا کہنا مانیں گے) فِىۡ بَعۡضِ الۡاَمۡرِ (فِىۡ، بَعۡضِ، اَلۡاَمۡرِ) فِىۡ، حرف جار، میں،

بَعۡضِ، مجرور، مضاف، بعض، کچھ، اَلۡاَمۡرِ، مضاف الیہ، معاملہ، کام (بعض معاملات میں)

وَاللّٰهُ يَعۡلَمُ اِسۡرَارَهُمۡ ۝۲۶	اور اللہ اُن کے خفیہ مشورہ کرنے کو جانتا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، فاعل (اللہ) يَعۡلَمُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَلِمَ يَعۡلَمُ، مصدر عِلۡمًا،

جاننا (وہ جانتا ہے) اِسْرَارَهُمْ (اِسْرَارَ، هُمْ) اِسْرَارَ، مضاف، اصل میں، اِسْرَارً، ہے اضافت کی وجہ سے تنوین گری ہوئی ہے، مصدر ہے، چھپانا، خفیہ مشورہ کرنا،
هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے خفیہ مشورہ کرنے کو)

فَكَيْفَ اِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَ اَدْبَارَهُمْ ۝٢٧	پھر کیسا (حال) ہوگا جب فرشتے اُن کی جان نکالیں گے وہ اُن کے چہروں اور اُن کی پیٹھوں پر ضربیں لگائیں گے

فَكَيْفَ (فَ، كَيْفَ) فَ، حرف عطف، پھر، كَيْفَ، استفہامیہ، کیسا ہوگا (پھر کیسا ہوگا)
اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط (جب) تَوَفَّتْهُمُ (تَوَفَّتْ، هُمْ) تَوَفَّتْ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب تَوَفّٰى يَتَوَفّٰى، مصدر تَوَفِّيٌ، موت دینا، جان نکالنا، فاعل، اَلْمَلٰٓئِكَةُ، ہے، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ، وہ جان نکالیں گے، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کی (وہ اُن کی جان نکالیں گے)
اَلْمَلٰٓئِكَةُ، فاعل (فرشتے) واحد، اَلْمَلَكُ، يَضْرِبُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب ضَرَبَ يَضْرِبُ، مصدر ضَرْبًا، مارنا، ضرب لگانا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ ضربیں لگائیں گے)
وُجُوْهَهُمْ (وُجُوْهَ، هُمْ) وُجُوْهَ، مضاف، چہروں، واحد، وَجْهٌ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے چہروں) وَ، حرف عطف (اور) اَدْبَارَهُمْ (اَدْبَارَ، هُمْ) اَدْبَارَ، مضاف، پیٹھوں، واحد، دُبُرٍ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کی (اُن کی پیٹھوں)

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا مَآ اَسْخَطَ اللّٰهَ وَ كَرِهُوْا رِضْوَانَهٗ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ۝٢٨	یہ اس وجہ سے ہے کہ بے شک اُنہوں نے اُس (روش) کی پیروی کی جس نے اللہ کو ناراض کر دیا اور اُنہوں نے اس کی رضا کو ناپسند کیا تو اُس نے اُن کے اعمال ضائع کر دیئے

ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید (یہ) بِاَنَّهُمْ (بِ، اَنَّ، هُمْ) بِ، حرف جار سببیہ، وجہ سے، اَنَّ، مجرور، حرف مشبہ بالفعل، کہ بے شک، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُنہوں نے (اس وجہ سے کہ

بے شک اُنہوں نے) اِتَّبَعُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اِتَّبَعَ یَتَّبِعُ، مصدر اِتِّبَاعًا، پیروی کرنا (اُنہوں نے پیروی کی) مَا، موصولہ (اس کی جس نے) اَسْخَطَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَسْخَطَ یُسْخِطُ، مصدر اِسْخَاطٌ، ناراض کر دینا، بیزار کر دینا (اُس نے ناراض کر دیا) اَللّٰهَ (اللہ)

وَ، حرف عطف (اور) كَرِهُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَرِهَ يَكْرَهُ، مصدر كَرْهًا وَّ كُرْهًا، ناپسند کرنا، نفرت کرنا (اُنہوں نے ناپسند کیا) رِضْوَانَهٗ (رِضْوَانَ، هٗ) رِضْوَانَ، مضاف، اسم مصدر، خوشنودی، خوشی، رضا، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب اس کی، ضمیر کا مرجع، اَللّٰهَ، ہے (اُس کی خوشنودی)

فَاَحْبَطَ (فَ، اَحْبَطَ) فَ، حرف عطف، تو، اَحْبَطَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَحْبَطَ یُحْبِطُ، مصدر اِحْبَاطٌ، اکارت کر دینا، ضائع کر دینا، اس نے ضائع کر دیئے (تو اُس نے ضائع کر دیئے)

اَعْمَالَهُمْ (اَعْمَالَ، هُمْ) اَعْمَالَ، مضاف، اعمال، واحد، عَمَلٌ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے اعمال)

یا اُن لوگوں نے جن کے دلوں میں کوئی بیماری ہے خیال کر لیا کہ اللہ اُن کے کینوں کو ہرگز ظاہر نہیں کرے گا	اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَنْ لَّنْ يُّخْرِجَ اللّٰهُ اَضْغَانَهُمْ ۝۲۹

اَمْ، حرف عطف (یا) حَسِبَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب حَسِبَ یَحْسَبُ، مصدر حِسْبَانًا، خیال کرنا، سوچنا، اس نے خیال کر لیا، اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (اُن لوگوں نے جن کے)

فِيْ قُلُوْبِهِمْ (فِيْ، قُلُوْبِ، هِمْ) فِيْ، حرف جار، میں، قُلُوْبِ، مجرور، مضاف، دلوں، واحد، قَلْبٌ، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے دلوں میں) مَرَضٌ (کوئی بیماری)

اَنْ، مصدریہ ناصبہ (کہ) لَنْ یُّخْرِجَ، فعل مضارع منفی تاکید بلن واحد مذکر غائب اَخْرَجَ یُخْرِجَ، مصدر اِخْرَاجٌ، باہر نکالنا، ظاہر کرنا (وہ ہرگز ظاہر نہیں کرے گا) اَللّٰهُ، فاعل (اللہ)

اَضْغَانَهُمْ (اَضْغَانَ، هُمْ) اَضْغَانَ، مضاف، سخت عداوتیں، کینوں، واحد، ضِغْنٌ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے کینوں)

وَ لَوْ نَشَآءُ لَاَرَيْنٰكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ؕ	اور اگر ہم چاہتے ضرور ہم آپ کو وہ لوگ دکھا دیتے پھر یقیناً آپ انہیں ان کی نشانی سے پہچان لیتے

وَ، حرف عطف (اور) لَوْ، شرطیہ (اگر) نَشَآءُ، فعل مضارع جمع متکلم شَآءَ يَشَآءُ، مصدر مَشِيْئَةٌ، چاہنا (ہم چاہتے) لَاَرَيْنٰكَهُمْ (لَ، اَرَيْنَا، كَ، هُمْ) لَ، جواب لَوْ، برائے تاکید، ضرور، اَرَيْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَرٰى يُرِىْ، مصدر اِرَآءَةٌ، دکھانا، لَوْ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ، ہم دکھادیتے، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ لوگ (ضرور ہم آپ کو وہ لوگ دکھادیتے)

فَلَعَرَفْتَهُمْ (فَ، لَ، عَرَفْتَ، هُمْ) فَ، حرف عطف، پھر، لَ، لام تاکید، یقیناً، عَرَفْتَ، فعل ماضی واحد مذکر حاضر عَرَفَ يَعْرِفُ، مصدر عِرْفَانًا، پہچاننا، لَوْ، کی وجہ سے ترجمہ، آپ پہچان لیتے، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (پھر یقیناً آپ انہیں پہچان لیتے) بِسِيْمٰهُمْ (بِ، سِيْمَا، هُمْ) بِ، حرف جار، سے، سِيْمَا، مجرور، مضاف، علامت، نشانی، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کی (اُن کی نشانی سے)

وَ لَتَعْرِفَنَّهُمْ فِىْ لَحْنِ الْقَوْلِ ؕ	اور یقیناً آپ انہیں بات کرنے کے انداز سے ضرور پہچان لیں گے

وَ، حرف عطف (اور) لَتَعْرِفَنَّهُمْ (لَ، تَعْرِفَنَّ، هُمْ) لَ، لام تاکید، یقیناً، تَعْرِفَنَّ، فعل مضارع واحد مذکر حاضر مؤکدّ بانون تاکید ثقیلہ عَرَفَ يَعْرِفُ، مصدر عِرْفَانًا، پہچاننا، آپ ضرور پہچان لیں گے، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (یقیناً آپ انہیں ضرور پہچان لیں گے)

فِىْ لَحْنِ الْقَوْلِ (فِىْ، لَحْنِ، اَلْقَوْلِ) فِىْ، حرف جار، بمعنی، مِنْ، سے، لَحْنِ، مجرور، مضاف، اسم مفرد، لہجہ، انداز آواز، جمع، اَلْحَانٌ، اَلْقَوْلِ، مضاف الیہ، اسم مصدر، بات کرنے کے (بات کرنے کے انداز سے)

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اَعْمَالَكُمْ ۝۳۰	اور اللہ تمہارے اعمال جانتا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، فاعل (اللہ) يَعْلَمُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَلِمَ يَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (وہ جانتا ہے) اَعْمَالَكُمْ (اَعْمَالَ، كُمْ) اَعْمَالَ، مضاف، اعمال، واحد، عَمَلٌ،

كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے اعمال)

وَ لَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ الْمُجٰهِدِيْنَ مِنْكُمْ وَ الصّٰبِرِيْنَ ۙ وَ نَبْلُوَا۟ اَخْبَارَكُمْ ۝۳۱	اور یقیناً ہم تمہیں ضرور آزمائیں گے یہاں تک کہ ہم تم میں سے جہاد کرنے والوں اور صبر کرنے والوں کو جان لیں اور ہم تمہارے حالات جانچ لیں

وَ، حرف عطف (اور) لَنَبْلُوَنَّكُمْ (لَ، نَبْلُوَنَّ، كُمْ) لَ، لام تاکید، یقیناً، نَبْلُوَنَّ، فعل مضارع مؤکّد بانون تاکید ثقیلہ جمع متکلم بَلَا یَبْلُوْ، مصدر بَلَآءٌ، آزمانا، آزمائش میں ڈالنا، ہم ضرور آزمائیں گے، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (یقیناً ہم تمہیں ضرور آزمائیں گے) حَتّٰى، حرف جار و حرف غایت (یہاں تک کہ)

نَعْلَمَ، فعل مضارع جمع متکلم عَلِمَ یَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (ہم جان لیں)

اَلْمُجٰهِدِيْنَ، مُجَاهَدَةٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (جہاد کرنے ولے) مِنْكُمْ (مِنْ، كُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم میں سے) وَ، حرف عطف (اور) اَلصّٰبِرِيْنَ، صَبْرًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (صبر کرنے والے) وَ، حرف عطف (اور) نَبْلُوَا۟، فعل مضارع جمع متکلم بَلَا یَبْلُوْ، مصدر بَلَآءٌ، آزمانا، جانچنا (ہم جانچ لیں گے) اَخْبَارَكُمْ (اَخْبَارَ، كُمْ) اَخْبَارَ، مضاف، خبریں، حالات، ، واحد، خَبْرٌ، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے حالات)

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ صَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ شَآقُّوا الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدٰى ۙ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ	بے شک وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور اُنہوں نے اللہ کی راہ سے روکا اور اُنہوں نے رسول کی مخالفت کی اس کے بعد کہ اُن کیلئے ہدایت واضح ہو گئی وہ ہرگز اللہ کا کچھ بھی نقصان نہیں کریں گے

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جنہوں نے)

كَفَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا (اُنہوں نے کفر کیا)

وَ، حرف عطف (اور) صَدُّوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب صَدَّ يَصُدُّ، مصدر صُدُوْدًا، صَدًّا، روکنا

(اُنہوں نے روکا) عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (عَنْ، سَبِيْلِ، اَللّٰهِ) عَنْ، حرف جار، سے، سَبِيْلِ، مجرور، مضاف، راہ، راستہ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی (اللہ کی راہ سے) وَ، حرف عطف (اور) شَآقُّوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب شَآقَّ يُشَآقُّ، مصدر شِقَاقًا، مخالفت کرنا (اُنہوں نے مخالفت کی) اَلرَّسُوْلَ (رسول کی) مِنْۢ بَعْدِ (مِنْ، بَعْدِ) مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، بَعْدِ، مجرور (اس کے بعد) مَا، مصدریہ (کہ) تَبَيَّنَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب تَبَيَّنَ يَتَبَيَّنُ، مصدر تَبَيُّنٌ، واضح ہو جانا، ظاہر ہونا (وہ واضح ہو گئی) لَهُمُ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کیلئے) اَلْهُدٰى، اسم مصدر (ہدایت) لَنْ يَّضُرُّوْا، فعل مضارع منفی تاکید بلن جمع مذکر غائب ضَرَّ يَضُرُّ، مصدر ضَرًّا، نقصان کرنا (وہ ہرگز نقصان نہیں کریں گے) اَللّٰهَ (اللہ) شَيْـًٔا (کوئی چیز، کچھ بھی)

وَسَيُحْبِطُ اَعْمَالَهُمْ ﴿۳۲﴾	اور عنقریب وہ اُن کے اعمال ضائع کر دے گا

وَ، حرف عطف (اور) سَيُحْبِطُ (سَ، يُحْبِطُ) سَ، حرف استقبال، عنقریب، يُحْبِطُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَحْبَطَ يُحْبِطُ، مصدر اِحْبَاطٌ، ضائع کرنا، برباد کرنا، وہ ضائع کر دے گا (عنقریب وہ ضائع کر دے گا) اَعْمَالَهُمْ (اَعْمَالَ، هُمْ) اَعْمَالَ، مضاف، اعمال، واحد، عَمَلٌ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے اعمال)

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْۤا اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۳﴾	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! تم اللہ کا حکم مانو اور تم رسول کا حکم مانو اور تم اپنے اعمال باطل مت کرو

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا (يَا، اَيُّهَا، اَلَّذِيْنَ، اٰمَنُوْۤا) يَا، حرف ندا، اے، اَيُّهَا، جب منادیٰ پر، اَلْ، داخل ہو تو مذکر کیلئے، يَا، کے ساتھ، اَيُّهَا، بڑھا دیتے ہیں، اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا، منادیٰ، اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگو جو، اٰمَنُوْۤا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا، ایمان لائے ہو (اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو) اَطِيْعُوا اللّٰهَ (اَطِيْعُوْا، اَللّٰهَ) اَطِيْعُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَطَاعَ يُطِيْعُ، مصدر اِطَاعَةٌ، اطاعت کرنا، حکم ماننا، تم حکم مانو، اَللّٰهَ، اللہ (تم اللہ کا حکم مانو) وَ، حرف عطف (اور)

اَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ (اَطِیْعُوْا، اَلرَّسُوْلَ) اَطِیْعُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَطَاعَ یُطِیْعُ، مصدر اِطَاعَۃٌ، حکم ماننا، تم حکم مانو۔ اَلرَّسُوْلَ، رسول (تم رسول کا حکم مانو) وَ، حرف عطف (اور) لَا تُبْطِلُوْٓا، فعل نہی جمع مذکر حاضر اَبْطَلَ یُبْطِلُ، مصدر اِبْطَالٌ، باطل کرنا، ضائع کرنا (تم باطل مت کرو)

اَعْمَالَکُمْ (اَعْمَالَ، کُمْ) اَعْمَالَ، مضاف، اعمال، واحد، عَمَلٌ، کُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنے (اپنے اعمال)

اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ثُمَّ مَاتُوْا وَھُمْ کُفَّارٌ فَلَنْ یَّغْفِرَ اللّٰہُ لَھُمْ ﴿۳۴﴾	بے شک وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور اُنہوں نے اللہ کی راہ سے روکا پھر وہ اس حال میں مر گئے کہ وہ کافر تھے تو اللہ اُن کو ہرگز معاف نہیں کرے گا

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) اَلَّذِیْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جنہوں نے)

کَفَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب کَفَرَ یَکْفُرُ، مصدر کُفْرًا، کفر کرنا (اُنہوں نے کفر کیا)

وَ، حرف عطف (اور) صَدُّوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب صَدَّ یَصُدُّ، مصدر صَدًّا وَّصُدُوْدًا، روکنا (اُنہوں نے روکا) عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ (عَنْ، سَبِیْلِ، اَللّٰہِ) عَنْ، حرف جار، سے، سَبِیْلِ، مجرور، مضاف، راہ، راستہ، اَللّٰہِ، مضاف الیہ، اللہ کی (اللہ کی راہ سے) ثُمَّ، حرف عطف (پھر)

مَاتُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب مَاتَ یَمُوْتُ، مصدر مَوْتًا، مرنا (وہ مر گئے)

وَ، حالیہ (اس حال میں کہ) ھُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ) کُفَّارٌ، کَافِرٌ، کی جمع مکسر (کافر، ناشکرے)

فَلَنْ یَّغْفِرَ اللّٰہُ (فَ، لَنْ یَّغْفِرَ، اَللّٰہُ) فَ، حرف عطف، تو، لَنْ یَّغْفِرَ، فعل مضارع منفی تاکید بلن واحد مذکر غائب غَفَرَ یَغْفِرُ، مصدر غُفْرَانًا، معاف کرنا، وہ ہرگز معاف نہیں کرے گا، اَللّٰہُ، فاعل ہے، اللہ (تو اللہ ہرگز معاف نہیں کرے گا)

لَھُمْ (لَ، ھُمْ) لَ، حرف جار، کو، ھُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کو)

فَلَا تَھِنُوْا وَتَدْعُوْٓا اِلَی السَّلْمِ ۖ	پس تم کمزور نہ بنو اور تم صلح کی طرف درخواست نہ کرو

فَلَا تَھِنُوْا (فَ، لَا تَھِنُوْا) فَ، حرف عطف، پس، لَا تَھِنُوْا، فعل نہی جمع مذکر حاضر وَھَنَ یَھِنُ، مصدر

وَهْنًا، کمزور ہونا کمزور بننا، تم کمزور نہ بنو (پس تم کمزور نہ بنو) وَ، حرف عطف (اور)
تَدْعُوْٓا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر دَعَا یَدْعُوْ، مصدر دُعَآءٌ وَّ دَعْوَۃٌ، دعوت دینا، درخواست کرنا، اس جملہ کا عطف سابقہ جملہ پر ہے اس لئے ترجمہ (تم درخواست نہ کرو)
اِلَی السَّلْمِ (اِلٰی، اَلسَّلْمِ) اِلٰی، حرف جار، کی طرف، اَلسَّلْمِ، مجرور، اسم، صلح (صلح کی طرف)

وَ اَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ ۖ	اور تم سب پر غالب ہو

وَ، حرف عطف (اور) اَنْتُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر (تم) اَلْاَعْلَوْنَ، عُلُوٌّ، مصدر سے افعل التفضیل جمع کا صیغہ (سب سے اعلیٰ، سب سے برتر، سب پر غالب) واحد، اَلْاَعْلٰی،

وَاللّٰهُ مَعَكُمْ وَ لَنْ يَّتِرَكُمْ اَعْمَالَكُمْ ۝۳۵	اور اللہ تمہارے ساتھ ہے اور وہ تم سے تمہارے اعمال (کے اجر) ہرگز کم نہیں کرے گا

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، فاعل (اللہ) مَعَكُمْ (مَعَ، كُمْ) مَعَ، مضاف، ساتھ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے ساتھ) وَ، حرف عطف (اور) لَنْ يَّتِرَكُمْ (لَنْ يَّتِرَ، كُمْ) لَنْ يَّتِرَ، فعل مضارع منفی تاکید بلن واحد مذکر غائب وَتَرَ يَتِرُ، مصدر وَتْرًا، اکیلے ہونا، کم کرنا، وہ ہرگز کم نہیں کرے گا، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر تم (وہ تم سے ہرگز کم نہیں کرے گا)
اَعْمَالَكُمْ (اَعْمَالَ، كُمْ) اَعْمَالَ، مضاف، اعمال، واحد، عَمَلٌ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے اعمال)

اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّ لَهْوٌ ؕ	دنیا کی زندگی محض کھیل اور تماشہ ہے

اِنَّمَا، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل اور، مَا، کافہ ہے جو حصر کیلئے آتی ہے (بے شک، سوائے اس کے نہیں، تحقیق، محض) اَلْحَيٰوةُ الدُّنْيَا (اَلْحَيٰوةُ، اَلدُّنْيَا) اَلْحَيٰوةُ، موصوف، زندگی، اَلدُّنْيَا، صفت، دنیا (دنیا کی زندگی)
لَعِبٌ، اسم (کھیل) وَ، حرف عطف (اور) لَهْوٌ (وہ چیز جو انسان کو اہم کاموں سے ہٹادے، تماشہ)

وَ اِنْ تُؤْمِنُوْا وَ تَتَّقُوْا يُؤْتِكُمْ	اور اگر تم ایمان لاؤ اور تم تقویٰ اختیار کرو وہ تمہیں

اُجُوْرَكُمْ وَلَا يَسْـَٔلْكُمْ اَمْوَالَكُمْ ۝٣٦	تمہارے (اعمال کا) اجر دے گا اور وہ تم سے تمہارے اموال نہیں مانگے گا

وَ، حرف عطف (اور) اِنْ، شرطیہ جازمہ (اگر) تُؤْمِنُوْا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا (تم ایمان لاؤ) وَ، حرف عطف (اور)

تَتَّقُوْا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اِتَّقٰى يَتَّقِيْ، مصدر اِتِّقَآءٌ، تقوٰی اختیار کرنا (تم تقوٰی اختیار کرو)

يُؤْتِكُمْ (يُؤْتِ، كُمْ) يُؤْتِ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اٰتٰى يُؤْتِيْ، مصدر اِيْتَآءٌ، دینا، وہ دے گا، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (وہ تمہیں دے گا) اُجُوْرَكُمْ (اُجُوْرَ، كُمْ) اُجُوْرَ، مضاف، اجر، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے اجر) وَ، حرف عطف (اور)

لَا يَسْـَٔلْكُمْ (لَا يَسْـَٔلْ، كُمْ) لَا يَسْـَٔلْ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب سَاَلَ يَسْـَٔلُ، مصدر سُؤَالًا، سوال کرنا، مانگنا، وہ نہیں مانگے گا، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم سے (وہ تم سے نہیں مانگے گا

اَمْوَالَكُمْ (اَمْوَالَ، كُمْ) اَمْوَالَ، مضاف، اموال، واحد، مَالٌ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے اموال)

اِنْ يَّسْـَٔلْكُمُوْهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوْا وَيُخْرِجْ اَضْغَانَكُمْ ۝٣٧	اگر وہ تم سے ان (اموال) کی طلب کرے پھر وہ تم سے اصرار کرے (تو) تم بخل کروگے اور وہ تمہارے کینے ظاہر کردے گا

اِنْ، شرطیہ جازمہ (اگر) يَسْـَٔلْكُمُوْهَا (يَسْـَٔلْ، كُمُ، وْ، هَا) يَّسْـَٔلْ، فعل مضارع مجزوم واحد مذکر غائب سَاَلَ يَسْـَٔلُ، مصدر سُؤَالًا، سوال کرنا، پوچھنا، طلب کرنا، وہ طلب کرے، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم سے، وْ، اِشباع کیلئے، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس کی، ضمیر کا مرجع، اَمْوَالَ، ہے (وہ تم سے ان (اموال) کی طلب کرے) فَيُحْفِكُمْ (فَ، يُحْفِ، كُمْ) فَ، حرف عطف، پھر، يُحْفِ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَحْفٰى يُحْفِيْ، مصدر اِحْفَآءٌ، زور دینا، تنگ کرنا، اصرار کرنا، وہ اصرار کرے،

كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (پھر وہ تم سے اصرار کرے) تَبْخَلُوْا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر بَخِلَ

يَبْخَلُ، مصدر بُخْلًا، بخل کرنا (تم بخل کرو گے) وَ، حرف عطف (اور) يُخْرِجْ، فعل مضارع مجزوم واحد مذکر غائب اَخْرَجَ يُخْرِجُ، مصدر اِخْرَاجًا، نکالنا، ظاہر کرنا (وہ ظاہر کر دے گا)

اَضْغَانَكُمْ (اَضْغَانَ، كُمْ) اَضْغَانَ، مضاف، کینے، واحد، ضِغْنٌ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے کینے)

هٰۤاَنْتُمْ هٰۤؤُلَآءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ	سنو تم وہ لوگ ہو کہ تم بلائے جاتے ہو تاکہ تم اللہ کی راہ میں خرچ کرو

هٰۤاَنْتُمْ هٰۤؤُلَآءِ (هَا، اَنْتُمْ، هٰۤؤُلَآءِ) هَا، حرف تنبیہ، دیکھو، سنو، اَنْتُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم، هٰۤؤُلَآءِ، اسم اشارہ جمع مذکر قریب، وہ لوگ (سنو تم وہ لوگ ہو)

تُدْعَوْنَ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر دَعَا يَدْعُوْ، مصدر دُعَآءٌ وَّ دَعْوَةٌ، بلانا، پکارنا تم بلائے جاتے ہو) لِتُنْفِقُوْا (لِ، تُنْفِقُوْا) لِ، لام تعلیل ناصبہ، تاکہ، تُنْفِقُوْا، فعل مضارع منصوب جمع مذکر حاضر اَنْفَقَ يُنْفِقُ، مصدر اِنْفَاقٌ، خرچ کرنا، تم خرچ کرو (تاکہ تم خرچ کرو) فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (فِيْ، سَبِيْلِ، اَللّٰهِ) فِيْ، حرف جار، میں، سَبِيْلِ، مجرور، مضاف، راہ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ (اللہ کی راہ میں)

فَمِنْكُمْ مَّنْ يَّبْخَلُ ۚ	تو تم میں سے بعض وہ ہیں جو بخل کرتے ہیں

فَمِنْكُمْ (فَ، مِنْ، كُمْ) فَ، حرف عطف، تو، مِنْ، حرف جار تبعیضیہ، میں سے بعض، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تو تم میں سے بعض) مَنْ، اسم موصول (وہ جو)

يَبْخَلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب بَخِلَ يَبْخَلُ، مصدر بُخْلًا، بخل کرنا (وہ بخل کرتا ہے)

وَمَنْ يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا يَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ	اور جو بخل کرتا ہے تو وہ درحقیقت اپنی جان سے بخل کرتا ہے

وَ، حرف عطف (اور) مَنْ، شرطیہ اسم موصول (جو) يَبْخَلْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب مجزوم بَخِلَ يَبْخَلُ، مصدر بُخْلًا، بخل کرنا (وہ بخل کرتا ہے) فَاِنَّمَا (فَ، اِنَّمَا) فَ، حرف عطف، جواب شرط، تو،

اِنَّمَا، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، مَا، کافہ حصر کیلئے ہے، اور، اِنَّ، کو عمل لفظی سے روکتی ہے،
بے شک، تحقیق، در حقیقت، محض (تو در حقیقت)
یَبْخَلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب بَخِلَ یَبْخَلُ، مصدر بُخْلًا، بخل کرنا (وہ بخل کرتا ہے)
عَنْ نَّفْسِهٖ (عَنْ، نَفْسِ، ہٖ) عَنْ، حرف جار، سے، نَفْسِ، مجرور، مضاف، جان، نفس،
ہٖ، مضاف الیہ ضمیر واحد مذکر غائب، اپنی (اپنی جان سے)

وَاللّٰهُ الْغَنِيُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ ۚ	اور اللہ بے پرواہ ہے اور تم محتاج ہو

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، فاعل ہے، اَلْغَنِيُّ، اللہ کا صفاتی نام، غِنَآءٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بے نیاز، غنی، خود کفیل، بے پرواہ) وَ، حرف عطف (اور) اَنْتُمُ، ضمیر جمع مذکر حاضر (تم)
اَلْفُقَرَآءُ، فَقْرًا، مصدر سے صفت مشبہ (نادار، محتاج) واحد، فَقِيْرٌ،

وَاِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۙ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ ﴿۳۸﴾	اور اگر تم منہ موڑو گے وہ بدل کر تمہارے علاوہ (دوسرے) لوگوں کو لے آئے گا پھر وہ تمہاری طرح نہیں ہوں گے

ع ۸

وَ، حرف عطف (اور) اِنْ، شرطیہ جازمہ (اگر) تَتَوَلَّوْا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر تَوَلّٰی يَتَوَلّٰی، مصدر تَوَلِّيٌّ، منہ موڑنا، پھر جانا، روگردانی کرنا (تم منہ موڑو گے) يَسْتَبْدِلْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اِسْتَبْدَلَ يَسْتَبْدِلُ، مصدر اِسْتِبْدَالٌ، بدل کر لے آنا (وہ بدل کر لے آئے گا) قَوْمًا (قوم، لوگوں)
غَيْرَكُمْ (غَيْرَ، كُمْ) غَيْرَ، مضاف، علاوہ، سوا، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے علاوہ) ثُمَّ، حرف عطف (پھر) لَا يَكُوْنُوْا، فعل مضارع ناقص منفی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ نہیں ہوں گے) اَمْثَالَكُمْ (اَمْثَالَ، كُمْ) اَمْثَالَ، مضاف، مانند، طرح، جیسے، واحد، مِثْلٌ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری (تمہاری طرح)

اٰیَاتُھَا:۲۹	سُوْرَۃُ الْفَتْحِ مَدَنِیَّۃٌ	رُکُوْعَاتُھَا:۴

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے۔

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِیْنًا ۙ۝۱	بے شک ہم نے آپ کو فتح دی ایک کھلی فتح

اِنَّا(اِنَّ،نَا)اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک،نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم)

فَتَحْنَا، فعل ماضی جمع متکلم فَتَحَ یَفْتَحُ، مصدر فَتْحًا، کھولنا، فتح دینا، عطا کرنا، فیصلہ کرنا (ہم نے فتح دی)

لَكَ(لَ،كَ)لَ، حرف جار، کو، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر،آپ (آپ کو)

فَتْحًا مُّبِیْنًا(فَتْحًا،مُبِیْنًا)فَتْحًا، موصوف،اسم مصدر، فتح،مُبِیْنًا، صفت،اِبَانَۃٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، کھلی، واضح (ایک کھلی فتح)

لِّیَغْفِرَ لَكَ اللّٰہُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَیُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَیْكَ وَیَهْدِیَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِیْمًا ۙ۝۲	تاکہ اللہ آپ کیلئے معاف کر دے آپ کی وہ کوتاہی جو پہلے ہوئی اور جو پیچھے ہوئی اور وہ آپ پر اپنی نعمت پوری کرےاور وہ آپ کی سیدھے راستے کی طرف رہنمائی کرے

لِّیَغْفِرَ(لِ،یَغْفِرَ)لِ، لام کئی ناصبہ، تاکہ،یَغْفِرَ، فعل مضارع منصوب واحد مذکر غائب غَفَرَ یَغْفِرُ، مصدر غُفْرَانًا، معاف کرنا، بخش دینا، در گزر کرنا، وہ معاف کردے (تاکہ وہ معاف کردے)

لَكَ(لَ،كَ)لَ، حرف جار، کیلئے، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر،آپ (آپ کیلئے)

اَللّٰہُ، فاعل (اللہ) مَا، موصولہ (وہ جو) تَقَدَّمَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب تَقَدَّمَ یَتَقَدَّمُ، مصدر تَقَدُّمٌ، پہلے ہونا، پہلے گزرنا (وہ پہلے ہوئی) مِنْ ذَنْۢبِكَ(مِنْ،ذَنْبِ،كَ)مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں،ذَنْبِ، مجرور، مضاف، گناہ، کوتاہی،، قصور، جمع،ذُنُوْبٌ،

كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کی (آپ کی کوتاہی)

وَ، حرف عطف (اور) مَا، موصولہ (جو) تَاَخَّرَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب تَاَخَّرَ يَتَاَخَّرُ، مصدر تَاَخُّرٌ، دیر کرنا، پیچھے ہونا، بعد میں ہونا (وہ پیچھے ہوئی) وَ، حرف عطف (اور)

يُتِمَّ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَتَمَّ يُتِمُّ، مصدر اِتْمَامٌ، پورا کرنا (وہ پوری کرے)

نِعْمَتَهٗ (نِعْمَتَ، هٗ) نِعْمَتَ، مضاف، نعمت، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنی (اپنی نعمت)

عَلَيْكَ (عَلٰى، كَ) عَلٰى، حرف جار، پر، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (آپ پر)

وَ، حرف عطف (اور) يَهْدِيَكَ (يَهْدِيَ، كَ) يَهْدِيَ، فعل مضارع منصوب واحد مذکر غائب هَدٰى يَهْدِىْ، مصدر هِدَايَةٌ، ہدایت دینا، رہنمائی کرنا، وہ رہنمائی کرے، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کی (وہ آپ کی رہنمائی کرے) صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا (صِرَاطًا، مُسْتَقِيْمًا) صِرَاطًا، موصوف، راستہ، مُسْتَقِيْمًا، صفت، اِسْتِقَامَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، سیدھے (سیدھے راستے)

وَّ يَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ۳	اور اللہ آپ کی مدد کرے زبردست مدد

وَ، حرف عطف (اور) يَنْصُرَكَ اللّٰهُ (يَنْصُرَ، كَ، اَللّٰهُ) يَنْصُرَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب نَصَرَ يَنْصُرُ، مصدر نَصْرًا، مدد کرنا، وہ مدد کرے، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کی، اَللّٰهُ، فاعل، اللہ (اور اللہ آپ کی مدد کرے) نَصْرًا عَزِيْزًا (نَصْرًا، عَزِيْزًا) نَصْرًا، موصوف، اسم مصدر، مدد، عَزِيْزًا، صفت، عِزَّةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ، زبردست (زبردست مدد)

هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ؕ	وہی ہے جس نے مومنوں کے دلوں میں تسکین نازل کی تاکہ وہ اپنے ایمان کے ساتھ ایمان میں زیادہ ہوجائیں

هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہی) اَلَّذِيْ، اسم موصول واحد مذکر (وہ جس نے)

اَنْزَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَنْزَلَ يُنْزِلُ، مصدر اِنْزَالًا، اتارنا، نازل کرنا (اس نے نازل کی)

اَلسَّكِيْنَةَ، مصدر ہے، اسم کے معنی میں استعمال ہوا ہے (سکون، اطمینان، تسکین)
فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ (فِيْ، قُلُوْبِ، اَلْمُؤْمِنِيْنَ) فِيْ، حرف جار، میں، قُلُوْبِ، مجرور، مضاف، دلوں، واحد، قَلْبٌ، اَلْمُؤْمِنِيْنَ، مضاف الیہ، اِيْمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، مومنوں کے (مومنوں کے دلوں میں) لِيَزْدَادُوْٓا (لِ، يَزْدَادُوْا) لِ، لام تعلیل ناصبہ، تاکہ، يَزْدَادُوْا، فعل مضارع جمع مذکر غائب اِزْدَادَ يَزْدَادُ، مصدر اِزْدِيَادٌ، زیادہ ہونا، وہ زیادہ ہو جائیں (تاکہ وہ زیادہ ہو جائیں)
اِيْمَانًا، مصدر (ایمان) مَّعَ اِيْمَانِهِمْ (مَعَ، اِيْمَانِ، هِمْ) مَعَ، مضاف، ساتھ، اِيْمَانِ، مضاف الیہ، مضاف، ایمان، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے ایمان کے ساتھ)

وَ لِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ	اور آسمانوں اور زمین کے لشکر اللہ ہی کیلئے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) لِلّٰهِ (لِ، اَللّٰهِ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کیلئے)
جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ (جُنُوْدُ، اَلسَّمٰوٰتِ) جُنُوْدُ، مضاف، لشکروں، واحد جُنْدٌ، اَلسَّمٰوٰتِ، مضاف الیہ، آسمانوں کے، واحد، اَلسَّمَآءُ (آسمانوں کے لشکر) وَ، حرف عطف (اور) اَلْاَرْضِ (زمین)

وَ كَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ	اور اللہ خوب جاننے والا، بڑی حکمت والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہے)
اَللّٰهُ، فاعل (اللہ) عَلِيْمًا، عِلْمًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)
حَكِيْمًا، اللہ کا صفاتی نام، حِكْمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بڑی حکمت والا)

لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَ يُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ؕ	تاکہ وہ مومن مردوں اور مومن عورتوں کو جنتوں میں داخل کرے اُن کے نیچے سے نہریں بہتی ہیں (وہ) اُن میں ہمیشہ رہنے والے ہیں اور وہ اُن سے اُن کی بُرائیاں دور کردے

لِيُدْخِلَ (لِ، يُدْخِلَ) لِ، لام تعلیل ناصبہ، تاکہ، يُدْخِلَ، فعل مضارع منصوب واحد مذکر غائب

اَدْخَلَ يُدْخِلُ، مصدر اِدْخَالًا، داخل کرنا، وہ داخل کرے (تاکہ وہ داخل کرے)
اَلْمُؤْمِنِيْنَ، اِيْمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ایمان والے، مومن مردوں) واحد، اَلْمُؤْمِنُ،
وَ، حرف عطف (اور) اَلْمُؤْمِنٰتِ، اِيْمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث (ایمان والیاں، مومن عورتیں) واحد، اَلْمُؤْمِنَةُ، جَنّٰتٍ (جنتوں، باغوں) واحد، جَنَّةٍ،
تَجْرِىْ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب جَرٰى يَجْرِىْ، مصدر جِرْيَانًا وَّ جَرْيًا، بہنا، اَلْاَنْهٰرُ، کی وجہ سے ترجمہ (وہ بہتی ہیں) مِنْ تَحْتِهَا (مِنْ، تَحْتِ، هَا) مِنْ، حرف جار، سے، تَحْتِ، مجرور، مضاف، نیچے، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس کے، ضمیر کا مرجع جَنّٰتٍ، ہے (ان کے نیچے سے)
اَلْاَنْهٰرُ (نہریں) واحد، نَهْرٌ، خٰلِدِيْنَ، خُلُوْدٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ہمیشہ رہنے والے) واحد، خَالِدٌ، فِيْهَا (فِىْ، هَا) فِىْ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس ضمیر کا مرجع، جَنّٰتٍ، ہے (ان میں) وَ، حرف عطف (اور) يُكَفِّرَ، فعل مضارع منصوب واحد مذکر غائب كَفَّرَ يُكَفِّرَ، مصدر تَكْفِيْرٌ، دور کرنا، کفارہ دینا (وہ دور کردے)
عَنْهُمْ (عَنْ، هُمْ) عَنْ، حرف جار، سے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن سے)
سَيِّاٰتِهِمْ (سَيِّاٰتِ، هِمْ) سَيِّاٰتِ، مضاف، بُرائیاں، واحد، سَيِّئَةٌ، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کی (اُن کی بُرائیاں)

وَ كَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِيْمًا ۙ﴿۵﴾	اور یہ اللہ کے نزدیک بہت بڑی کامیابی ہے

وَ، حرف عطف (اور) كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہے)
ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اس (یہ) عِنْدَ اللّٰهِ (عِنْدَ، اَللّٰهِ) عِنْدَ، مضاف، نزدیک، ہاں، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے نزدیک) فَوْزًا عَظِيْمًا (فَوْزًا، عَظِيْمًا) فَوْزًا، موصوف، اسم مصدر، کامیابی، عَظِيْمًا، صفت، عَظْمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بہت بڑی (بہت بڑی کامیابی)

وَّ يُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَ الْمُنٰفِقٰتِ وَ الْمُشْرِكِيْنَ وَ الْمُشْرِكٰتِ الظَّآنِّيْنَ	اور (تاکہ) وہ منافق مَردوں اور منافق عورتوں اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو عذاب دے (جو)

بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ؕ	اللہ کے بارے میں گمان کرنے والے ہیں بُرا گمان

وَّ، حرف عطف (اور) يُعَذِّبَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَذَّبَ يُعَذِّبُ، مصدر تَعْذِيْبٌ، عذاب دینا (وہ عذاب دے) اَلْمُنٰفِقِيْنَ، نِفَاقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، منافقت کرنے والے، منافق مردوں، واحد، اَلْمُنَافِقُ وَ، حرف عطف (اور) اَلْمُنٰفِقٰتِ، نِفَاقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث، منافق عورتیں، واحد، اَلْمُنَافِقَةُ، وَ، حرف عطف (اور) اَلْمُشْرِكِيْنَ، اِشْرَاكٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (مشرک مردوں) واحد، اَلْمُشْرِكُ، وَ، حرف عطف (اور)

اَلْمُشْرِكٰتُ، اِشْرَاكٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث (مشرک عورتیں) واحد، اَلْمُشْرِكَةُ،

اَلظَّآنِّيْنَ، ظَنٌّ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (گمان کرنے والے) واحد، اَلظَّانُ،

بِاللّٰهِ (بِ، اَللّٰهِ) بِ، حرف جار، کے بارے، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کے بارے)

ظَنَّ السَّوْءِ (ظَنَّ، اَلسَّوْءِ) ظَنَّ، مضاف، اصل میں، ظَنٌّ، تھا، مصدر، اضافت کی وجہ سے، تنوین گر گئی، گمان، خیال، اَلسَّوْءِ، مضاف الیہ، اسم مصدر، بُرا (بُرا گمان)

عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ	اُن ہی پر بُری گردش ہے

عَلَيْهِمْ (عَلٰى، هِمْ) عَلٰى، حرف جار، پر، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن پر)

دَآئِرَةُ السَّوْءِ (دَآئِرَةُ، اَلسَّوْءِ) دَآئِرَةُ، مضاف، دَوْرٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مؤنث، چکر، گردش، اَلسَّوْءِ، مضاف الیہ، مصدر، بُری (بُری گردش)

وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَ لَعَنَهُمْ وَ اَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ؕ	اور اللہ اُن پر غصے ہوا اور اُس نے اُن پر لعنت کی اور اُس نے اُن کیلئے جہنم تیار کر رکھی ہے

وَ، حرف عطف (اور) غَضِبَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب غَضِبَ يَغْضَبُ، مصدر غَضْبًا، ناراض ہونا، غضب ناک ہونا، غصے ہونا (وہ غصے ہوا) اَللّٰهُ، فاعل (اللہ)

عَلَيْهِمْ (عَلٰى، هِمْ) عَلٰى، حرف جار، پر، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن پر)

وَ، حرف عطف (اور) لَعَنَهُمْ (لَعَنَ، هُمْ) لَعَنَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب لَعَنَ يَلْعَنُ، مصدر لَعْنًا، لعنت کرنا، اس نے لعنت کی، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اس نے اُن پر لعنت کی) وَ، حرف عطف (اور) اَعَدَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَعَدَّ يُعِدُّ، اِعْدَادٌ، تیار کر رکھنا (اس نے تیار کر رکھی ہے) لَهُمْ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کیلئے) جَهَنَّمَ (جہنم، دوزخ)

وَسَآءَتْ مَصِيْرًا۝	اور وہ لوٹنے کی بُری جگہ ہے

وَ، حرف عطف (اور) سَآءَتْ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب سَآءَ يَسُوْٓءُ، مصدر سَوْءٌ، بُرا ہونا (وہ بُری ہے) مَصِيْرًا، صَيْرٌ، مصدر سے اسم ظرف مکان (لوٹنے کی جگہ، ٹھکانہ)

وَ لِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ	اور آسمانوں اور زمین کے لشکر اللہ ہی کیلئے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) لِلّٰهِ (لِ، اَللّٰهِ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کیلئے)
جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ (جُنُوْدُ، اَلسَّمٰوٰتِ) جُنُوْدُ، مضاف، لشکروں، واحد جُنْدٌ، اَلسَّمٰوٰتِ، مضاف الیہ، آسمانوں کے، واحد، اَلسَّمَآءُ (آسمانوں کے سارے لشکر) وَ، حرف عطف (اور) اَلْاَرْضِ (زمین)

وَ كَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا۝	اور اللہ بڑا غالب، بڑی حکمت والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہے) اَللّٰهُ، فاعل (اللہ) عَزِيْزًا، اللہ کا صفاتی نام، عِزَّةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت زبردست، بڑا غالب) حَكِيْمًا، اللہ کا صفاتی نام، حِكْمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بڑی حکمت والا)

اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِيْرًا۝	بے شک ہم نے آپ کو گواہی دینے والا اور خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا

اِنَّا (اِنَّ، نَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم)
اَرْسَلْنٰكَ (اَرْسَلْنَا، كَ) اَرْسَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَرْسَلَ يُرْسِلُ، مصدر اِرْسَالًا بھیجنا، ہم نے بھیجا، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (ہم نے آپ کو بھیجا)

شَاهِدًا، شَهَادَةٌ وَّ شُهُوْدًا، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (گواہی دینے والا) وَ، حرف عطف (اور)
مُبَشِّرًا، تَبْشِيْرًا، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (خوشخبری دینے والا) وَ، حرف عطف (اور)
نَذِيْرًا، نَذْرٌ، مصدر سے بمعنی اسم فاعل صفت مشبہ (ڈرانے والا)

لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ تُعَزِّرُوْهُ وَ تُوَقِّرُوْهُ ؕ	تا کہ تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور تم اس کی مدد کرو اور تم اس کی تعظیم کرو

لِتُؤْمِنُوْا (لِ، تُؤْمِنُوْا) لِ، لام تعلیل ناصبہ، تا کہ، تُؤْمِنُوْا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا، تم ایمان لاؤ (تا کہ تم ایمان لاؤ) بِاللّٰهِ (بِ، اَللّٰهِ) بِ، حرف جار، پر،
اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ پر) وَ، حرف عطف (اور) رَسُوْلِهٖ (رَسُوْلِ، ہٖ) رَسُوْلِ، مضاف، رسول، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے رسول) وَ، حرف عطف (اور)
تُعَزِّرُوْهُ (تُعَزِّرُوْا، هُ) تُعَزِّرُوْا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَزَّرَ يُعَزِّرُ، مصدر تَعْزِيْرًا، مدد کرنا، قوت دینا، تم مدد کرو، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کی (تم اس کی مدد کرو)
وَ، حرف عطف (اور) تُوَقِّرُوْهُ (تُوَقِّرُوْا، هُ) تُوَقِّرُوْا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر وَقَّرَ يُوَقِّرُ، مصدر تَوْقِيْرٌ، تعظیم کرنا، تم تعظیم کرو، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کی (تم اس کی تعظیم کرو)

وَ تُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّ اَصِيْلًا ۝	اور تم صبح اور شام کو اس کی تسبیح کرو

وَ، حرف عطف (اور) تُسَبِّحُوْهُ (تُسَبِّحُوْا، هُ) تُسَبِّحُوْا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر سَبَّحَ يُسَبِّحُ، مصدر تَسْبِيْحًا، تسبیح کرنا، تم تسبیح کرو، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کی (تم اس کی تسبیح کرو)
بُكْرَةً (دن کا اول حصہ، صبح) وَ، حرف عطف (اور) اَصِيْلًا (عصر اور مغرب کا درمیانی وقت، شام)

اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ؕ	بے شک وہ لوگ جو آپ سے بیعت کرتے ہیں در حقیقت وہ اللہ سے بیعت کرتے ہیں

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو)

يُبَايِعُوْنَكَ (يُبَايِعُوْنَ ،كَ) يُبَايِعُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب بَايَعَ يُبَايِعُ، مصدر مُبَايَعَةٌ، بیعت کرنا، وہ بیعت کرتے ہیں ،كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (وہ آپ سے بیعت کرتے ہیں) اِنَّمَا، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل اور، مَا، کافہ، کا مرکب (بے شک، تحقیق، در حقیقت، سوائے اس کے نہیں) يُبَايِعُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب بَايَعَ يُبَايِعُ، مصدر مُبَايَعَةٌ، بیعت کرنا (وہ بیعت کرتے ہیں) اَللّٰهَ (اللہ)

يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ ۚ	اللہ کا ہاتھ اُن کے ہاتھوں کے اوپر ہے

يَدُ اللّٰهِ (يَدُ، اَللّٰهِ) يَدُ، مضاف، ہاتھ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کا (اللہ کا ہاتھ) فَوْقَ، ظرف مکان (اوپر) اَيْدِيْهِمْ (اَيْدِيْ، هِمْ) اَيْدِيْ، مضاف، ہاتھوں، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے ہاتھوں)

فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ ۚ	پھر جو عہد توڑے تو در حقیقت وہ اپنی جان پر عہد توڑتا ہے

فَمَنْ (فَ، مَنْ) فَ، حرف عطف، پھر، مَنْ، شرطیہ اسم موصول، جو (پھر جو)
نَكَثَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب نَكَثَ يَنْكُثُ، مصدر نَكْثًا، عہد شکنی کرنا، عہد توڑنا (وہ عہد توڑے)
فَاِنَّمَا (فَ، اِنَّمَا) فَ، حرف عطف، جواب شرط، تو، اِنَّمَا، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل اور، مَا، کافہ کا مرکب ہے (بے شک تحقیق، در حقیقت) يَنْكُثُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب نَكَثَ يَنْكُثُ، مصدر نَكْثًا، عہد توڑنا (وہ عہد توڑتا ہے) عَلٰى نَفْسِهٖ (عَلٰى، نَفْسِ، هٖ) عَلٰى، حرف جار، پر، نَفْسِ، مجرور، مضاف، نفس، جان، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنی (اپنی جان پر)

وَمَنْ اَوْفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۰﴾	اور جو اس بات کو پورا کر دے جس پر اس نے اللہ سے عہد کیا تو عنقریب وہ اس کو بہت بڑا اجر دے گا

ع ۹

وَ، حرف عطف (اور) مَنْ، شرطیہ اسم موصول (جو) اَوْفٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَوْفٰى يُوْفِيْ، مصدر اِيْفَآءٌ، پورا کرنا (وہ پورا کرے) بِمَا (بِ، مَا) بِ، حرف جار کو، مَا، موصولہ، جس (اس (بات) کو جس)

عٰهَدَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب عَاهَدَ يُعَاهِدُ، مصدر مُعَاهَدَةٌ، عہد باندھنا، عہد کرنا (اس نے عہد کیا) عَلَيْهُ (عَلٰى، هُ) عَلٰى، حرف جار، پر، هُ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس پر)

اَللّٰهَ (اللہ) فَسَيُؤْتِيْهِ (فَ، سَ، يُؤْتِيْ، هِ) فَ، حرف عطف، تو، سَ، حرف استقبال، عنقریب، يُؤْتِيْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اٰتٰى يُؤْتِيْ، مصدر اِيْتَآءٌ، دینا، وہ دے گا، هِ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کو (عنقریب وہ اس کو دے گا) اَجْرًا عَظِيْمًا (اَجْرًا، عَظِيْمًا) اَجْرًا، موصوف، اجر، بدلہ، عَظِيْمًا، صفت، عَظْمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بہت بڑا (بہت بڑا اجر)

سَيَقُوْلُ لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا وَ اَهْلُوْنَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ	عنقریب بدوؤں میں سے پیچھے چھوڑے ہوئے آپ سے کہیں گے کہ ہمارے اموال اور ہمارے اہل وعیال نے ہمیں مشغول رکھا تو آپ ہمارے لئے بخشش مانگیں

سَيَقُوْلُ (سَ، يَقُوْلُ) سَ، حرف استقبال، عنقریب، يَقُوْلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، اَلْمُخَلَّفُوْنَ، کی وجہ سے ترجمہ، وہ کہیں گے (عنقریب وہ کہیں گے)

لَكَ (لَ، كَ) لَ، حرف جارر بمعنی، مِنْ، سے، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (آپ سے)

اَلْمُخَلَّفُوْنَ، تَخْلِيْفٌ، مصدر سے اسم مفعول جمع مذکر (پیچھے چھوڑے ہوئے) واحد، اَلْمُخَلَّفُ،

مِنَ الْاَعْرَابِ (مِنْ، اَلْاَعْرَابِ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلْاَعْرَابِ، مجرور، دیہاتیوں، بدوؤں (بدوؤں میں سے) شَغَلَتْنَآ (شَغَلَتْ، نَا) شَغَلَتْ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب شَغَلَ يَشْغَلُ، مصدر شَغْلًا، مشغول رکھنا، مصروف رکھنا، اس نے مشغول رکھا، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہمیں (اس نے ہمیں مشغول رکھا) اَمْوَالُنَا (اَمْوَالُ، نَا) اَمْوَالُ، مضاف، اموال، واحد، مَالٌ، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (ہمارے اموال) وَ، حرف عطف (اور) اَهْلُوْنَا (اَهْلُوْ، نَا) اَهْلُوْ، مضاف، اصل میں، اَهْلُوْنَ، تھا اضافت کی وجہ سے جمع کا نون گر گیا، گھر والے، اہل وعیال، واحد، اَهْلٌ، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (ہمارے اہل وعیال)

فَاسْتَغْفِرْ (فَ، اِسْتَغْفِرْ) فَ، حرف عطف، تو، اِسْتَغْفِرْ، فعل امر واحد مذکر حاضر اِسْتَغْفَرَ

يَسْتَغْفِرُ، مصدر اِسْتِغْفَارٌ، بخشش مانگنا (آپ بخشش مانگیں)

لَنَا (لَ، نَا) لَ، حرف جار، کیلئے، نَا، مجرور، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (ہمارے لئے)

يَقُوْلُوْنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ	وہ اپنی زبانوں سے کہتے ہیں جو اُن کے دلوں میں نہیں

يَقُوْلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (وہ کہتے ہیں)

بِاَلْسِنَتِهِمْ (بِ، اَلْسِنَتِ، هِمْ) بِ، حرف جار بمعنی، مِنْ، سے، اَلْسِنَتِ، مجرور، مضاف، زبانوں، واحد، لِسَانٌ، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی، (اپنی زبانوں سے) مَا، موصولہ (جو)

لَيْسَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب، اس کا مضارع اور فعل امر نہیں آتا (نہیں ہے)

فِيْ قُلُوْبِهِمْ (فِيْ، قُلُوْبِ، هِمْ) فِيْ، حرف جار، میں، قُلُوْبِ، مجرور، مضاف، دلوں، واحد، قَلْبٌ، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے دلوں میں)

قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ؕ	آپ کہہ دیجئے پھر اللہ کے مقابلے میں تمہارے لئے کسی چیز کا کون اختیار رکھتا ہے اگر وہ تم کو نقصان پہنچانا چاہے یا وہ تم کو نفع دینا چاہے

قُلْ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے)

بِالْقَوْلِ (بِ، اَلْقَوْلِ) بِ، حرف جار، میں، اَلْقَوْلِ، مجرور، اسم مصدر، بات کرنے (بات کرنے میں) كَجَهْرِ (كَ، جَهْرِ) كَ، حرف جار و حرف تشبیہ، مانند، جیسے، طرح، جَهْرِ، مجرور، اسم مصدر، آواز اونچی کرنا (جیسے اونچی آواز کرنا) بَعْضِكُمْ (بَعْضِ، كُمْ) بَعْضِ، مضاف، کل کا حصہ، بعض، کچھ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے بعض) لِبَعْضٍ (لِ، بَعْضٍ) لِ، حرف جار بمعنی، مِنْ، سے، بَعْضٍ، مجرور، بعض (بعض سے) اَنْ، مصدریہ ناصبہ (کہ) تَحْبَطَ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب حَبِطَ يَحْبَطُ، مصدر حَبْطًا، برباد ہونا، ضائع ہونا اَعْمَالُ، کی وجہ سے ترجمہ (وہ برباد ہو جائیں)

اَعْمَالُكُمْ (اَعْمَالُ، كُمْ) اَعْمَالُ، مضاف، اعمال، واحد، عَمَلٌ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے اعمال) وَ، حرف عطف (اور) اَنْتُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر (تم) لَا تَشْعُرُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر حاضر شَعُرَ، يَشْعُرُ، مصدر شُعُوْرٌ، شعور رکھنا (تم شعور نہ رکھتے ہو)

اِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰى ؕ	بے شک وہ لوگ جو اللہ کے رسول کے پاس اپنی آوازیں پست رکھتے ہیں یہی لوگ ہیں جن کے دل اللہ نے تقوٰی کیلئے آزما لیے ہیں

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو)

يَغُضُّوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب غَضَّ يَغُضُّ، مصدر غَضًّا، آواز یا نظریں نیچے کرنا، پست رکھنا (وہ پست رکھتے ہیں) اَصْوَاتَهُمْ (اَصْوَاتَ، هُمْ) اَصْوَاتَ، مضاف، آوازیں، واحد، صَوْتٌ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی (اپنی آوازیں) عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ (عِنْدَ، رَسُوْلِ، اَللّٰهِ) عِنْدَ، مضاف، ظرف مکان، پاس، رَسُوْلِ، مضاف الیہ، مضاف، رسول کے، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے رسول کے پاس) اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ جمع مذکر بعید (یہی لوگ) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (جن کے)

امْتَحَنَ اللّٰهُ (اِمْتَحَنَ، اَللّٰهُ) اِمْتَحَنَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اِمْتَحَنَ يَمْتَحِنُ، مصدر اِمْتِحَانٌ، آزمانا، جانچنا، امتحان لینا، اس نے آزمالئے ہیں، اَللّٰهُ، فاعل، اللہ (اللہ نے آزمالئے ہیں)

قُلُوْبَهُمْ (قُلُوْبَ، هُمْ) قُلُوْبَ، مضاف، دلوں، واحد، قَلْبٌ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے دلوں) لِلتَّقْوٰى (لِ، اَلتَّقْوٰى) لِ، حرف جار، کیلئے، اَلتَّقْوٰى، اِتِّقَآءٌ، مصدر سے اسم، نفس کا اس چیز سے بچانا جس کا خوف ہو، پرہیزگاری، بچنا، تقوٰی (تقوٰی کیلئے)

لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝	اُن کیلئے بخشش اور بہت بڑا اجر ہے

لَهُمْ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کیلئے)

مَّغْفِرَةٌ، مصدر (بخشش، معافی، مغفرت) وَ، حرف عطف (اور) اَجْرٌ عَظِيْمٌ (اَجْرٌ، عَظِيْمٌ) اَجْرٌ،

موصوف، اجر، بدلہ، عَظِیْمٌ، صفت، عَظَمَۃٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بہت بڑا (بہت بڑا اجر)

اِنَّ الَّذِیْنَ یُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ ۝	بے شک وہ لوگ جو حجروں کے باہر سے آپ کو آوازیں دیتے ہیں اُن میں سے اکثر سمجھ (آداب تعظیم) نہیں رکھتے

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) اَلَّذِیْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو)

یُنَادُوْنَكَ (یُنَادُوْنَ، كَ) یُنَادُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب نَادٰی یُنَادِیْ، مصدر مُنَادَاۃٌ وَّ نِدَآءٌ، آواز دینا، وہ آوازیں دیتے ہیں، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کو (وہ آپ کو آوازیں دیتے ہیں)

مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ (مِنْ، وَرَآءِ، اَلْحُجُرٰتِ) مِنْ، حرف جار، سے، وَرَآءِ، مجرور، مضاف، مصدر، بطور ظرف استعمال ہوتا ہے، آڑ، حد فاصل، باہر، آگے پیچھے، دونوں معنی میں استعمال ہوتا ہے،

اَلْحُجُرٰتِ، مضاف الیہ، حجروں کے، گھروں کی چار دیواری، واحد، حُجْرَۃٌ (حجروں کے باہر سے)

اَكْثَرُهُمْ (اَكْثَرُ، هُمْ) اَكْثَرُ، مضاف، كَثْرَۃٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ، مضاف، اکثر، بہت زیادہ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے اکثر، اُن میں سے اکثر) لَا یَعْقِلُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب عَقَلَ یَعْقِلُ، مصدر عَقْلًا، عقل رکھنا، سمجھ رکھنا (وہ سمجھ نہیں رکھتے)

وَ لَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰی تَخْرُجَ اِلَیْهِمْ لَكَانَ خَیْرًا لَّهُمْ ؕ	اور اگر بے شک وہ صبر کرتے یہاں تک کہ آپ اُن کی طرف نکلتے (تو) یقیناً وہ اُن کیلئے بہتر ہوتا

وَ، حرف عطف (اور) لَوْ، شرطیہ (اگر) اَنَّهُمْ (اَنَّ، هُمْ) اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (بے شک وہ) صَبَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب صَبَرَ یَصْبِرُ، مصدر صَبْرًا، صبر کرنا،

لَوْ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ (وہ صبر کرتے) حَتّٰی، حرف غایت وحرف جار (یہاں تک کہ)

تَخْرُجَ، فعل مضارع واحد مذکر حاضر خَرَجَ یَخْرُجُ، مصدر خُرُوْجٌ، نکلنا (آپ نکلتے)

اِلَیْهِمْ (اِلٰی، هِمْ) اِلٰی، حرف جار، کی طرف، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کی طرف)

لَكَانَ (لَ، كَانَ) لَ، جواب، لَوْ، ضرور، یقیناً، كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ یَكُوْنُ،

مصدر کَوْنًا، ہونا، لَوْ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ، وہ ہوتا (یقیناً وہ ہوتا) خَيْرًا (اچھا، بہتر)

لَّهُمْ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن کیلئے)

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝	اور اللہ بہت بخشنے والا، بہت رحم کرنے والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ)

غَفُوْرٌ، اللہ کا صفاتی نام، غُفْرَانًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت بخشنے والا)

رَحِيْمٌ، اللہ کا صفاتی نام، رَحْمَةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت رحم کرنے والا)

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْۤا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ۝	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! اگر تمہارے پاس کوئی فاسق کوئی خبر لے کر آئے تو تم تحقیق کر لیا کرو (ایسا نہ ہو) کہ تم لاعلمی کی وجہ سے کسی قوم کو ضرر پہنچاؤ پھر تم نے جو کیا اس پر پشیمان ہو جاؤ

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا (يَا، اَيُّهَا، اَلَّذِيْنَ، اٰمَنُوْۤا) يَا، حرف ندا، اے، اَيُّهَا، جب منادیٰ پر، اَلْ، داخل ہو تو مذکر کیلئے، يَا، کے ساتھ، اَيُّهَا، بڑھا دیتے ہیں، اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا، منادیٰ، اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگو جو، اٰمَنُوْۤا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا، ایمان لائے ہو (اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو) اِنْ، شرطیہ جازمہ (اگر) جَآءَكُمْ (جَآءَ، كُمْ) جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ يَجِيْۤءُ، مصدر مَجِيْۤءٌ، آنا، اِنْ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ، وہ آئے، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (وہ تمہارے پاس آئے) فَاسِقٌ، فُسُوْقٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (فاسق، بدکردار، اللہ کے حکم کی بے حرمتی کرنے والا، نافرمان) بِنَبَاٍ (بِ، نَبَاٍ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، لے کر، نَبَاٍ، مجرور، کوئی خبر (کوئی خبر لے کر) فَتَبَيَّنُوْۤا (فَ، تَبَيَّنُوْا) فَ، حرف عطف، تو، تَبَيَّنُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر تَبَيَّنَ يَتَبَيَّنُ، مصدر تَبَيُّنٌ، واضح کرنا، تحقیق کرنا، تم تحقیق کر لیا کرو (تو تم تحقیق کر لیا کرو)

اَنْ، مصدریہ ناصبہ (کہ) تُصِيْبُوْا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اَصَابَ يُصِيْبُ، مصدر اِصَابَةٌ، جا پڑنا،

ضرر پہنچانا (تم ضرر پہنچاؤ) قَوْمًا (کسی قوم کو) بِجَهَالَةٍ (بِ، جَهَالَةٍ) بِ، حرف جار سببیہ، کی وجہ سے، جَهَالَةٍ، مجرور، مصدر، جہالت، نادانی، لاعلمی (لاعلمی کی وجہ سے)

فَتُصْبِحُوْا (فَ، تُصْبِحُوْا) فَ، حرف عطف، پھر، تُصْبِحُوْا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اَصْبَحَ يُصْبِحُ، مصدر اِصْبَاحٌ، ہونا، تم ہو جاؤ (پھر تم ہو جاؤ) عَلٰى مَا (عَلٰى، مَا) عَلٰى، حرف جار، پر، مَا، موصولہ، جو (اس پر جو) فَعَلْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر فَعَلَ يَفْعَلُ، مصدر فِعْلًا، کرنا، کام کرنا (تم نے کیا)

نٰدِمِيْنَ، نَدَامَةٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (پشیمان ہونے والے، پشیمان) واحد، نَادِمٌ،

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۭ	اور تم جان لو کہ بے شک تم میں اللہ کا رسول ہے

وَ، حرف عطف (اور) اِعْلَمُوْٓا، فعل امر جمع مذکر حاضر عَلِمَ يَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (تم جان لو) اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) فِيْكُمْ (فِيْ، كُمْ) فِيْ، حرف جار، میں، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم میں) رَسُوْلَ اللّٰهِ (رَسُوْلَ، اَللّٰهِ) رَسُوْلَ، مضاف، رسول، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کا (اللہ کا رسول)

لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ ۭ	اگر وہ اکثر معاملات میں تمہارا کہا مان لیں (تو) یقیناً تم مشکل میں پڑ جاؤ اور لیکن اللہ نے تمہارے لئے ایمان کو محبوب بنا دیا اور اس نے اسے تمہارے دلوں میں مزین کر دیا اور اس نے کفر اور گناہ اور نافرمانی کو تمہاے لئے ناگوار بنا دیا

لَوْ، شرطیہ (اگر) يُطِيْعُكُمْ (يُطِيْعُ، كُمْ) يُطِيْعُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَطَاعَ يُطِيْعُ، مصدر اِطَاعَةٌ، اطاعت کرنا، کہا ماننا، اس میں ضمیر کا مرجع، رَسُوْلَ اللّٰهِ، ہے، وہ کہا مان لیں، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارا (تمہارا کہا مان لیں) فِيْ كَثِيْرٍ (فِيْ، كَثِيْرٍ) فِيْ، حرف جار، میں، كَثِيْرٍ، مجرور، بہت، اکثر (اکثر میں) مِّنَ الْاَمْرِ (مِنْ، اَلْاَمْرِ) مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، اَلْاَمْرِ، مجرور، واحد لیکن كَثِيْرٍ کی وجہ سے ترجمہ (کاموں، معاملات) لَعَنِتُّمْ (لَ، عَنِتُّمْ) لَ، جواب، لَوْ، یقیناً، عَنِتُّمْ، فعل ماضی

جمع مذکر حاضر عَنِتَ یَعْنَتُ، مصدر عَنْتًا، مشکل میں پڑنا، لَوْ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ، تم مشکل میں پڑ جاؤ (یقیناً تم مشکل میں پڑ جاؤ) وَ، حرف عطف (اور) لٰکِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (لیکن)

اَللّٰهَ، لٰکِنَّ، کا اسم منصوب (اللہ) حَبَّبَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب حَبَّبَ یُحَبِّبُ، مصدر تَحْبِیْبٌ، محبت ڈالنا، محبوب بنانا (اس نے محبوب بنایا) اِلَیْکُمُ (اِلٰی، کُمْ) اِلٰی، حرف جار بمعنی لِ، لام جر، لئے، کُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے) اَلْاِیْمَانَ، اسم مصدر (ایمان) وَ، حرف عطف (اور)

زَیَّنَهٗ (زَیَّنَ، ہٗ) زَیَّنَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب زَیَّنَ یُزَیِّنُ، مصدر تَزْیِیْنٌ، آراستہ کرنا، مزین کرنا، زینت دینا، اس نے مزین کر دیا، ہٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (اس نے اسے مزین کر دیا)

فِیْ قُلُوْبِکُمْ (فِیْ، قُلُوْبِ، کُمْ) فِیْ، حرف جار، میں، قُلُوْبِ، مجرور، مضاف، دلوں، واحد، قَلْبٌ، کُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے دلوں میں) وَ، حرف عطف (اور)

کَرَّهَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب کَرَّهَ یُکَرِّهُ، مصدر تَکْرِیْهٌ، ناگوار بنانا، ناپسندیدہ بنانا (اس نے ناگوار بنادیا) اِلَیْکُمُ (اِلٰی، کُمْ) اِلٰی، حرف جار بمعنی لِ، لام جر، لئے، کُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے) اَلْکُفْرَ، مصدر (کفر) وَ، حرف عطف (اور)

اَلْفُسُوْقَ، مصدر (گناہ) وَ، حرف عطف (اور) اَلْعِصْیَانَ، حاصل مصدر (نافرمانی)

اُولٰٓئِكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۙ	یہی لوگ ہیں وہ (جو) راہ ہدایت پانے والے ہیں

اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ جمع مذکر بعید (یہی لوگ) هُمُ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ)

اَلرّٰشِدُوْنَ، رُشْدٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (بھلائی پانے والے، راہ ہدایت پانے والے، راہ یافتہ) واحد، اَلرَّاشِدُ،

فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً ؕ	اللہ کی طرف سے فضل اور احسان سے

فَضْلًا، اسم فعل (فضل) مِّنَ اللّٰهِ (مِنْ، اَللّٰهِ) مِنْ، حرف جار، بمعنی، اِلٰی، کی طرف سے، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کی طرف سے) وَ، حرف عطف (اور) نِعْمَةً، اسم منصوب نکرہ (انعام، احسان، نعمت)

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۸﴾	اور اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ)

عَلِيْمٌ، اللہ کا صفاتی نام، عِلْمًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)

حَكِيْمٌ، اللہ کا صفاتی نام، حِكْمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بڑی حکمت والا)

وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ	اور اگر ایمان والوں میں سے دو گروہ آپس میں لڑ پڑیں تو تم اُن دونوں کے درمیان صلح کرادو

وَ، حرف عطف (اور) اِنْ، شرطیہ جازمہ (اگر) طَآئِفَتٰنِ، طَآئِفَةٌ، واحد کا تثنیہ (دو گروہ) طَوْفٌ، مصدر سے اسم فاعل تثنیہ مؤنث کا صیغہ، مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ (مِنْ، اَلْمُؤْمِنِيْنَ) مِنْ، حرف جار، سے،

اَلْمُؤْمِنِيْنَ، مجرور، اِيْمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ایمان والے، مومنوں، واحد، اَلْمُؤْمِنُ (ایمان والوں میں سے) اِقْتَتَلُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اِقْتَتَلَ يَقْتَتِلُ، مصدر اِقْتِتَالٌ، باہم جنگ کرنا، آپس میں لڑ پڑنا، اِنْ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ (وہ آپس میں لڑ پڑیں)

فَاَصْلِحُوْا (فَ، اَصْلِحُوْا) فَ، حرف عطف، تو، اَصْلِحُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَصْلَحَ يُصْلِحُ، مصدر اِصْلَاحٌ، اصلاح کرنا، صلح کرانا (تم صلح کرادو) بَيْنَهُمَا (بَيْنَ، هُمَا) بَيْنَ، مضاف، درمیان، هُمَا، مضاف الیہ، ضمیر تثنیہ مؤنث غائب، اُن دونوں کے (اُن دونوں کے درمیان)

فَاِنْۢ بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ	پھر اگر اُن دونوں میں سے ایک دوسرے پر زیادتی کرے تو تم اس (گروہ) سے لڑو جو زیادتی کرتا ہے یہاں تک کہ وہ اللہ کے حکم کی طرف واپس لوٹ آئے

فَاِنْ (فَ، اِنْ) فَ، حرف عطف، پھر، اِنْ، شرطیہ جازمہ، اگر (پھر اگر) بَغَتْ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب بَغٰى يَبْغِيْ، مصدر بَغْيًا، زیادتی کرنا، اِنْ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ (وہ زیادتی کرے)

اِحْدٰىهُمَا (اِحْدٰى، هُمَا) اِحْدٰى، مضاف، اَحَدٌ، کا مؤنث، ایک، هُمَا، مضاف الیہ، ضمیر تثنیہ مؤنث

غائب، ان دونوں (ان دونوں میں سے ایک) عَلَى الْاُخْرٰى (عَلٰى، اَلْاُخْرٰى) عَلٰى، حرف جار، پر، اَلْاُخْرٰى، مجرور، اٰخِرٌ، کی مؤنث، دوسرے (دوسرے پر)

فَقَاتِلُوا (فَ، قَاتِلُوْا) فَ، حرف عطف، جواب شرط، تو، قَاتِلُوْا، فعل امر جمع مذکر غائب قَاتَلَ يُقَاتِلُ، مصدر مُقَاتَلَةٌ، لڑائی کرنا، جنگ کرنا تم لڑو (تو تم لڑو) اَلَّتِيْ، اسم موصول واحد (اس سے جو)

تَبْغِيْ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب بَغٰى يَبْغِيْ، مصدر بَغْيًا، زیادتی کرنا (وہ زیادتی کرتا ہے)

حَتّٰى، حرف غایت و حرف جار (یہاں تک کہ) تَفِيْٓءَ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب فَآءَ يَفِيْٓءُ، مصدر فَيْئًا، واپس لوٹنا، منتقل ہونا (وہ واپس لوٹ آئے) اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ (اِلٰى، اَمْرِ، اَللّٰهِ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، اَمْرِ، مجرور، مضاف، حکم، فیصلہ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے حکم کی طرف)

فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَ اَقْسِطُوْا ؕ	پھر اگر وہ (گروہ) واپس لوٹ آئے تو تم اُن دونوں کے درمیان انصاف کے ساتھ صلح کراؤ اور تم انصاف کرو

فَاِنْ (فَ، اِنْ) فَ، حرف عطف، پھر، اِنْ، شرطیہ جازمہ، اگر (پھر اگر) فَآءَتْ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب فَآءَ يَفِيْٓءُ، مصدر فَيْئًا، واپس لوٹنا، منتقل ہونا، اِنْ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ (وہ واپس لوٹ آئے)

فَاَصْلِحُوْا (فَ، اَصْلِحُوْا) فَ، حرف عطف، جواب شرط، تو، اَصْلِحُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَصْلَحَ يُصْلِحُ، مصدر اِصْلَاحٌ، صلح کرانا، تم صلح کراؤ (تو تم صلح کراؤ) بَيْنَهُمَا (بَيْنَ، هُمَا) بَيْنَ، مضاف، درمیان، هُمَا، مضاف الیہ، ضمیر تثنیہ مؤنث غائب، اُن دونوں کے (اُن دونوں کے درمیان)

بِالْعَدْلِ (بِ، اَلْعَدْلِ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَلْعَدْلِ، مجرور، اسم مصدر، عدل، انصاف (انصاف کے ساتھ) وَ، حرف عطف (اور)

اَقْسِطُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَقْسَطَ يُقْسِطُ، مصدر اِقْسَاطٌ، انصاف کرنا (تم انصاف کرو)

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝	بے شک اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) اَللّٰهَ (اللہ) يُحِبُّ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَحَبَّ يُحِبُّ، مصدر

اِحْبَابٌ، پسند کرنا، دوست رکھنا (وہ پسند کرتا ہے)

اَلْمُقْسِطِيْنَ، اِقْسَاطٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (انصاف کرنے والے) واحد، اَلْمُقْسِطُ،

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿١٠﴾	یقیناً ایمان والے (آپس میں) بھائی ہیں پس تم اپنے دو بھائیوں کے درمیان صلح کراؤ اور تم اللہ سے ڈرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے

اِنَّمَا (اِنَّ، مَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل اور، مَا، کافہ، حصر کیلئے ہے (بے شک، یقیناً، تحقیق، سوائے اس کے نہیں، صرف) اَلْمُؤْمِنُوْنَ، اِيْمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ایمان والے، مومن، مسلمان) واحد، اَلْمُؤْمِنُ، اِخْوَةٌ (بھائی) واحد، اَخٌ، فَاَصْلِحُوْا (فَ، اَصْلِحُوْا) فَ، حرف عطف، پس،

اَصْلِحُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَصْلَحَ يُصْلِحُ، مصدر اِصْلَاحٌ، صلح کرانا، تم صلح کراؤ (پس تم صلح کراؤ) بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ (بَيْنَ، اَخَوَىْ، كُمْ) بَيْنَ، مضاف، درمیان، اَخَوَىْ، مضاف الیہ، مضاف، اصل میں، اَخَوَيْنِ، تھا اضافت کی وجہ سے تثنیہ کا نون گر گیا، دو بھائیوں، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنے (اپنے دو بھائیوں کے درمیان) وَ، حرف عطف (اور)

اِتَّقُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اِتَّقٰى يَتَّقِىْ، مصدر اِتِّقَآءٌ، ڈرنا (تم ڈرو) اللّٰهَ (اللہ سے)

لَعَلَّكُمْ (لَعَلَّ، كُمْ) لَعَلَّ، حرف مشبہ بالفعل، تاکہ، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تاکہ تم)

تُرْحَمُوْنَ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر رَحِمَ يَرْحَمُ، مصدر رَحْمًا وَّرَحْمَةٌ، رحم کرنا (تم پر رحم کیا جائے)

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! کوئی قوم کسی قوم سے مذاق نہ کرے ہو سکتا ہے کہ وہ اُن سے بہتر ہوں اور نہ عورتیں (دوسری) عورتوں سے (مذاق کریں) ہو سکتا ہے کہ وہ اُن سے بہتر ہوں

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (يَا، اَيُّهَا، اَلَّذِيْنَ، اٰمَنُوْا) يَا، حرف ندا، اے، اَيُّهَا، جب منادیٰ پر، الْ، داخل ہو تو مذکر کیلئے، يَا، کے ساتھ، اَيُّهَا، بڑھادیتے ہیں، اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا، منادیٰ، اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگو جو، اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا، ایمان لائے ہو (اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو) لَا يَسْخَرْ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب سَخِرَ يَسْخَرُ، مصدر سَخْرًا، مذاق کرنا (وہ مذاق نہ کرے) قَوْمٌ (کوئی قوم) مِّنْ قَوْمٍ (مِنْ، قَوْمٍ) مِنْ، حرف جار، سے، قَوْمٍ، مجرور، کسی قوم (کسی قوم سے) عَسٰى، فعل جامد ماضی واحد مذکر غائب اس کی گردان نہیں آتی (ہو سکتا ہے، ممکن ہے) اَنْ، مصدریہ ناصبہ (کہ) يَّكُوْنُوْا، فعل ناقص مضارع جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہوں) خَيْرًا (بہتر، اچھے) مِّنْهُمْ (مِنْ، هُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن سے) وَ، حرف عطف (اور) لَا، نافیہ (نہ) نِسَآءٌ (عورتیں) مِّنْ نِّسَآءٍ (مِنْ، نِسَآءٍ) مِنْ، حرف جار، سے، نِسَآءٍ، مجرور، عورتوں، واحد، اِمْرَاَةٌ (دوسری) عورتوں سے)

عَسٰى، فعل جامد ماضی واحد مذکر غائب اس کی گردان نہیں آتی (ہو سکتا ہے) اَنْ، مصدریہ ناصبہ (کہ) يَّكُنَّ، فعل ناقص مضارع جمع مؤنث غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہوں) خَيْرًا (بہتر) مِّنْهُنَّ (مِنْ، هُنَّ) مِنْ، حرف جار، سے، هُنَّ، مجرور، ضمیر جمع مؤنث غائب، اُن (ان سے)

وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ؕ	اور تم آپس میں عیب نہ لگاؤ اور تم ایک دوسرے کو بُرے ناموں کے ساتھ نہ چڑاؤ

وَ، حرف عطف (اور) لَا تَلْمِزُوْٓا، فعل نہی جمع مذکر حاضر لَمَزَ يَلْمِزُ، مصدر لَمْزًا، عیب لگانا، تہمت لگانا، بدنام کرنا، (تم عیب نہ لگاؤ) اَنْفُسَكُمْ (اَنْفُسَ، كُمْ) اَنْفُسَ، مضاف، جانوں، نفسوں، اپنے اشخاص، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنے (اپنے نفسوں پر، آپس میں، ایک دوسرے پر)

وَ، حرف عطف (اور) لَا تَنَابَزُوْا، فعل نہی جمع مذکر حاضر تَنَابَزَ يَتَنَابَزُ، مصدر تَنَابُزٌ، برے نام سے پکارنا، ایک دوسرے کو چڑانا (تم ایک دوسرے کو نہ چڑاؤ)

بِالْاَلْقَابِ (بِ، اَلْاَلْقَابِ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَلْاَلْقَابِ، مجرور، واحد، لَقَبٌ، اصلی نام کے علاوہ انسان کا جو دوسرا نام ہوتا ہے اسے لقب کہتے ہیں ایک وہ ہوتا ہے جو بادشاہ کی طرف سے دیا جاتا ہے دوسرا چڑانے کیلئے رکھ دیا جاتا ہے، آیت ہذا میں دوسری قسم مراد ہے
، بُرے ناموں (بُرے ناموں کے ساتھ)

بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِیْمَانِ ۚ	(کسی کو) ایمان لانے کے بعد گناہ والا نام (دینا) بُرا ہے

بِئْسَ، فعل ذم جامد ماضی واحد مذکر اس کی گردان نہیں آتی (وہ بُرا ہے)
الِاسْمُ الْفُسُوْقُ (اَلْاِسْمُ، اَلْفُسُوْقُ) اَلْاِسْمُ، موصوف، نام، اَلْفُسُوْقُ، صفت، اسم فعل المخصوص بالذم گناہ والا (گناہ والا نام) بَعْدَ الْاِیْمَانِ (بَعْدَ، اَلْاِیْمَانِ) بَعْدَ، مضاف، بعد، اَلْاِیْمَانِ، مضاف الیہ، مصدر، ایمان لانے کے (ایمان لانے کے بعد)

وَمَنْ لَّمْ یَتُبْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝١١	اور جس نے توبہ نہیں کی تو وہ لوگ ہی ظالم ہیں

وَ، حرف عطف (اور) مَنْ، شرطیہ اسم موصول (جس نے) لَمْ یَتُبْ، فعل مضارع منفی جحد بلم واحد مذکر غائب تَابَ یَتُوْبُ، مصدر تَوْبَةٌ، توبہ کرنا (اس نے توبہ نہ کی) فَاُولٰٓئِكَ (فَ، اُولٰٓئِكَ) فَ، حرف عطف، جواب شرط، تو، اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ جمع مذکر بعید، وہ لوگ (تو وہ لوگ) هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ، وہی) اَلظّٰلِمُوْنَ، ظُلْمًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ظلم کرنے والے، ظالم) واحد، اَلظَّالِمُ،

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِیْرًا مِّنَ الظَّنِّ ۫	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! تم بہت سے گمانوں سے بچو

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا (یَا، اَیُّهَا، اَلَّذِیْنَ، اٰمَنُوْا) یَا، حرف ندا، اے، اَیُّهَا، جب منادٰی پر، اَلْ، داخل ہو تو مذکر کیلئے، یَا، کے ساتھ، اَیُّهَا، بڑھا دیتے ہیں، اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا، منادٰی، اَلَّذِیْنَ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگو جو، اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ یُؤْمِنُ، مصدر اِیْمَانًا، ایمان لانا، ایمان لائے ہو (اے وہ لوگو

جو ایمان لائے ہو)

اِجْتَنِبُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اِجْتَنَبَ یَجْتَنِبُ، مصدر اِجْتِنَابٌ، اجتناب کرنا، پرہیز کرنا، بچنا (تم بچو) کَثِیْرًا، کَثْرَۃٌ، مصدر سے صفت مشبہ (زیادہ، بہت سے، اکثر)

مِّنَ الظَّنِّ (مِنْ، اَلظَّنِّ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلظَّنِّ، مجرور، گمان (گمان سے)

اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا یَغْتَبْ بَّعْضُکُمْ بَعْضًا ؕ	یقیناً بعض گمان گناہ ہیں اور تم جاسوسی نہ کرو اور تم میں سے بعض بعض کی غیبت نہ کرے

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، یقیناً) بَعْضَ الظَّنِّ (بَعْضَ، اَلظَّنِّ) بَعْضَ، مضاف، بعض، کچھ، اَلظَّنِّ، مضاف الیہ، گمان (بعض گمان) اِثْمٌ، اسم مصدر (جرم، گناہ) وَ، حرف عطف (اور)

لَا تَجَسَّسُوْا، فعل نہی جمع مذکر حاضر تَجَسَّسَ یَتَجَسَّسُ، مصدر تَجَسُّسٌ، کھوج لگانا، جاسوسی کرنا (تم جاسوسی نہ کرو) وَ، حرف عطف (اور) لَا یَغْتَبْ، فعل نہی واحد مذکر غائب اِغْتَابَ یَغْتَابُ، مصدر اِغْتِیَابٌ، غیبت کرنا (وہ غیبت نہ کرے) بَّعْضُکُمْ (بَعْضُ، کُمْ) بَعْضُ، مضاف، بعض، کُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے بعض، تم میں سے بعض) بَعْضًا (بعض کی)

اَیُحِبُّ اَحَدُکُمْ اَنْ یَّاْکُلَ لَحْمَ اَخِیْهِ مَیْتًا فَکَرِهْتُمُوْهُ ؕ	کیا تم میں سے کوئی ایک پسند کرتا ہے کہ وہ اپنے مُردہ بھائی کا گوشت کھائے تو تم اس سے نفرت کرتے ہو

اَیُحِبُّ (اَ، یُحِبُّ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، یُحِبُّ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَحَبَّ یُحِبُّ، مصدر اِحْبَابٌ، پسند کرنا، وہ پسند کرتا ہے (کیا وہ پسند کرتا ہے) اَحَدُکُمْ (اَحَدُ، کُمْ) اَحَدُ، مضاف، کوئی ایک، کُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم میں سے کوئی ایک) اَنْ، مصدریہ ناصبہ (کہ)

یَاْکُلَ، فعل مضارع منصوب واحد مذکر غائب اَکَلَ یَاْکُلُ، مصدر اَکْلًا، کھانا (وہ کھائے)

لَحْمَ اَخِیْهِ (لَحْمَ، اَخِیْ، هِ) لَحْمَ، مضاف، گوشت، اَخِیْ، مضاف الیہ، مضاف، بھائی کا، هِ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے بھائی کا گوشت) مَیْتًا (مُردہ)

فَكَرِهْتُمُوْهُ (فَ، كَرِهْتُمُ، وْ، هُ) فَ، حرف عطف، تو، كَرِهْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر كَرِهَ يَكْرَهُ، مصدر كَرْهًا، نفرت کرنا، ناپسند کرنا، تم نفرت کرتے ہو، وْ، اشباع کا، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس سے (تو تم اس سے نفرت کرتے ہو)

وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ	اور تم اللہ سے ڈرو

وَ، حرف عطف (اور) اِتَّقُوا، فعل امر جمع مذکر حاضر اِتَّقٰى يَتَّقِيْ، مصدر اِتِّقَآءٌ، ڈرنا (تم ڈرو) اَللّٰهَ (اللہ سے)

اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾	یقیناً اللہ بہت توبہ قبول کرنے والا، بہت رحم کرنے والا ہے

اِنَّ اللّٰهَ (اِنَّ، اَللّٰهَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، اَللّٰهَ، اِنَّ، کا اسم منصوب، اللہ (یقیناً اللہ)
تَوَّابٌ، اللہ کا صفاتی نام، تَوْبَةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت توبہ قبول کرنے والا)
رَحِيْمٌ، اللہ کا صفاتی نام، رَحْمَةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت رحم کرنے والا)

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّ اُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا ؕ	اے لوگو! بلاشبہ ہم نے تمہیں ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا ہے اور تمہیں قومیں اور قبیلے بنادیا تاکہ تم ایک دوسرے کو پہچانو

يٰۤاَيُّهَا (يَا، اَيُّهَا) يَا، حرف ندا (اے) اَيُّهَا، جب منادیٰ پر، اَلْ، داخل ہو تو مذکر کیلئے، يَا، کے ساتھ، اَيُّهَا، لگادیتے ہیں، اَلنَّاسُ، منادیٰ (لوگو) اِنَّا (اِنَّ، نَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلاشبہ، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بلاشبہ ہم نے) خَلَقْنٰكُمْ (خَلَقْنَا، كُمْ) خَلَقْنَا، فعل ماضی جمع متکلم خَلَقَ يَخْلُقُ، مصدر خَلْقًا، پیدا کرنا، ہم نے پیدا کیا ہے، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (ہم نے تمہیں پیدا کیا ہے)
مِّنْ ذَكَرٍ (مِنْ، ذَكَرٍ) مِنْ، حرف جار، سے، ذَكَرٍ، مجرور، مذکر، نر، ایک مرد (ایک مرد سے)
وَ، حرف عطف (اور) اُنْثٰى (مؤنث، مادہ، ایک عورت) وَ، حرف عطف (اور)
جَعَلْنٰكُمْ (جَعَلْنَا، كُمْ) جَعَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم جَعَلَ يَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا، بنانا، ہم نے بنادیا، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر تمہیں (ہم نے تمہیں بنادیا) شُعُوْبًا (ذاتیں، قومیں، شاخیں) واحد، شَعْبٌ، قبائل

کا وہ جد اعلیٰ جہاں سب قبیلے مل جاتے ہیں، شعب وہ برادری جو قبیلہ در قبیلہ پھیل گئی ہو،
وَ، حرف عطف (اور) قَبَآئِلَ (قبیلے) واحد، قَبِيْلَةٌ، لِتَعَارَفُوْا (لِ، تَعَارَفُوْا) لِ، لام تعلیل ناصبہ، تاکہ،
تَعَارَفُوْا، اصل میں، تَتَعَارَفُوْا، تھا ایک تا اختصار کیلئے حذف ہے، فعل مضارع جمع مذکر حاضر تَعَارَفَ
يَتَعَارَفُ، مصدر تَعَارُفٌ، ایک دوسرے کو پہچاننا، تم ایک دوسرے کو پہچانو
(تاکہ تم ایک دوسرے کو پہچانو)

اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ ؕ	بے شک اللہ کے نزدیک تم میں سے زیادہ عزت والا (وہ ہے جو) تم میں سے زیادہ تقوٰی والا ہے

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) اَكْرَمَكُمْ (اَكْرَمَ، كُمْ) اَكْرَمَ، اِنَّ، کا اسم، كَرَمٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ، زیادہ عزت والا، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر تم (تم میں سے زیادہ عزت والا)
عِنْدَ اللّٰهِ (عِنْدَ، اَللّٰهِ) عِنْدَ، مضاف، پاس، نزدیک، ہاں، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے نزدیک)
اَتْقٰكُمْ (اَتْقٰى، كُمْ) اَتْقٰى، اصل میں، اَوْقٰى، تھا واؤ کو تا سے بدل دیا گیا، وَقْيٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ، زیادہ پرہیز گار، زیادہ تقوٰی والا، زیادہ متقی، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر تم (تم میں سے زیادہ تقوٰی والا)

اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ﴿۱۳﴾	یقیناً اللہ خوب جاننے والا، خوب خبر رکھنے والا ہے

اِنَّ اللّٰهَ (اِنَّ، اَللّٰهَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، اَللّٰهَ، اِنَّ، کا اسم منصوب، اللہ (یقیناً اللہ)
عَلِيْمٌ، اللہ کا صفاتی نام، عِلْمًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)
خَبِيْرٌ، اللہ کا صفاتی نام، خَبْرٌ، مصدر سے صفت مشبہ (خوب خبر رکھنے والا)

قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ؕ	بدویوں نے کہا ہم ایمان لائے

قَالَتِ الْاَعْرَابُ (قَالَتْ، اَلْاَعْرَابُ) قَالَتْ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، اس نے کہا، اَلْاَعْرَابُ، فاعل، دیہاتیوں، بدویوں (بدویوں نے کہا)
اٰمَنَّا، فعل ماضی جمع متکلم اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا (ہم ایمان لائے)

قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ قُوْلُوْٓا اَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ	آپ کہہ دیجئے تم ایمان نہیں لائے اور لیکن تم کہو ہم اسلام لائے اور ابھی تک ایمان تمہارے دلوں میں داخل نہیں ہوا

قُلْ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے)

لَمْ تُؤْمِنُوْا، فعل مضارع منفی بجحد بلم جمع مذکر حاضر اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا، لَمْ، کی وجہ سے ترجمہ (تم ایمان نہیں لائے) وَ، حرف عطف (اور) لٰكِنْ، حرف استدراک (لیکن)

قُوْلُوْٓا، فعل امر جمع مذکر حاضر قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (تم کہو)

اَسْلَمْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَسْلَمَ يُسْلِمُ، مصدر اِسْلَامٌ، مطیع ہونا، فرمانبردار ہونا، اسلام لانا (ہم اسلام لائے) وَ، حرف عطف (اور) لَمَّا يَدْخُلِ (لَمَّا، يَدْخُلِ) لَمَّا، حرف جازم ہے، لَمْ، کی طرح مضارع پر داخل ہو کر جزم دیتا ہے اور مضارع کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے، لَمَّا يَدْخُلْ، فعل مضارع منفی مجزوم واحد مذکر غائب دَخَلَ يَدْخُلُ، مصدر دُخُوْلًا، داخل ہونا، لَمَّا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ ابھی تک داخل نہیں ہوا)

اَلْاِيْمَانُ (ایمان) فِيْ قُلُوْبِكُمْ (فِيْ، قُلُوْبِ، كُمْ) فِيْ، حرف جار، میں، قُلُوْبِ، مجرور، مضاف، دلوں، واحد، قَلْبٌ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے دلوں میں)

وَاِنْ تُطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَا يَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ شَيْـًٔا ؕ	اور اگر تم اللہ اور اُس کے رسول کی اطاعت کرو گے (تو) وہ تم کو تمہارے اعمال میں سے کچھ بھی کم کر کے نہیں دے گا

وَ، حرف عطف (اور) اِنْ، شرطیہ جازمہ (اگر) تُطِيْعُوا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اَطَاعَ يُطِيْعُ، مصدر اِطَاعَةٌ، اطاعت کرنا، حکم ماننا (تم اطاعت کرو گے) اَللّٰهَ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ)

وَ، حرف عطف (اور) رَسُوْلَهٗ (رَسُوْلَ، هٗ) رَسُوْلَ، مضاف، رسول، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے رسول) لَا يَلِتْكُمْ (لَا يَلِتْ، كُمْ) لَا يَلِتْ، فعل مضارع منفی مجزوم واحد مذکر غائب اَلَتَ يَلِتُ، مصدر اَلْتًا، کمی کرنا، کم کر کے دینا، وہ کم کر کے نہیں دے گا، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (وہ تم کو کم کر کے

نہیں دے گا) مِّنْ اَعْمَالِکُمْ (مِنْ، اَعْمَالِ، کُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، اَعْمَالِ، مجرور، مضاف، اعمال، واحد، عَمَلٌ، کُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے اعمال میں سے)
شَيْـًٔا (کچھ بھی، کوئی بھی چیز)

اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۴﴾	یقیناً اللہ بہت بخشنے والا، بہت رحم کرنے والا ہے

اِنَّ اللّٰہَ (اِنَّ، اَللّٰہَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، اَللّٰہَ، اِنَّ، کا اسم منصوب، اللہ (یقیناً اللہ)
غَفُوْرٌ، اللہ کا صفاتی نام، غُفْرَانًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت بخشنے والا)
رَحِیْمٌ، اللہ کا صفاتی نام، رَحْمَةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت رحم کرنے والا)

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰہِ وَ رَسُوْلِہٖ ثُمَّ لَمْ یَرْتَابُوْا وَ جٰھَدُوْا بِاَمْوَالِھِمْ وَ اَنْفُسِھِمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ؕ	در حقیقت ایمان والے وہ لوگ ہیں جو اللہ اور اُس کے رسول پر ایمان لائے پھر وہ شک میں نہ پڑے اور اُنہوں نے اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے اللہ کی راہ میں جہاد کیا

اِنَّمَا (اِنَّ، مَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل اور، مَا، کافہ ہے جو حصر کیلئے آتی ہے (تحقیق، اس کے سوا نہیں، در حقیقت) اَلْمُؤْمِنُوْنَ، اِیْمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ایمان والے، مومن) واحد، اَلْمُؤْمِنُ، اَلَّذِیْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو) اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ یُؤْمِنُ، مصدر اِیْمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لائے) بِاللّٰہِ (بِ، اَللّٰہِ) بِ، حرف جار، پر، اَللّٰہِ، مجرور، اللہ (اللہ پر)
وَ، حرف عطف (اور) رَسُوْلِہٖ (رَسُوْلِ، ہٖ) رَسُوْلِ، مضاف، رسول، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے رسول) ثُمَّ، حرف عطف (پھر) لَمْ یَرْتَابُوْا، فعل مضارع منفی جحد بلم جمع مذکر غائب اِرْتَابَ یَرْتَابُ، مصدر اِرْتِیَابٌ، شک میں پڑنا، لَمْ، کی وجہ سے ترجمہ (وہ شک میں نہ پڑے)
وَ، حرف عطف (اور) جٰھَدُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب جَاھَدَ یُجَاھِدُ، مصدر مُجَاھَدَةٌ، جہاد کرنا (اُنہوں نے جہاد کیا) بِاَمْوَالِھِمْ (بِ، اَمْوَالِ، ھِمْ) بِ، حرف جار بمعنی، مِنْ، سے، اَمْوَالِ، مجرور،

مضاف، مالوں، واحد، مَالٌ، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے مالوں سے)

وَ، حرف عطف (اور) اَنْفُسِهِمْ (اَنْفُسِ، هِمْ) اَنْفُسِ، مضاف، جانوں، نفسوں، واحد، نَفْسٍ،

هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی (اپنی جانوں) فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (فِيْ، سَبِيْلِ، اَللّٰهِ) فِيْ، حرف

جار، میں، سَبِيْلِ، مجرور، مضاف، راہ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی (اللہ کی راہ میں)

اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ⑮	وہ لوگ ہی سچے ہیں

اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ جمع مذکر بعید (وہ لوگ) هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ، وہی)

اَلصّٰدِقُوْنَ، صِدْقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (سچ بولنے والے، سچے) واحد، صَادِقٌ،

قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ بِدِيْنِكُمْ ؕ	آپ کہہ دیجئے کیا تم اللہ کو اپنے دین سے آگاہ کرتے ہو

قُلْ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے)

اَتُعَلِّمُوْنَ (اَ، تُعَلِّمُوْنَ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، تُعَلِّمُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَلَّمَ يُعَلِّمُ، مصدر

تَعْلِيْمًا، سکھانا، آگاہ کرنا، تم آگاہ کرتے ہو (کیا تم آگاہ کرتے ہو) اَللّٰهَ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ)

بِدِيْنِكُمْ (بِ، دِيْنِ، كُمْ) بِ، حرف جار، سے، دِيْنِ، مجرور، مضاف، دین،

كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنے (اپنے دین سے)

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ	حالانکہ اللہ جانتا ہے جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے

وَ، حالیہ (حالانکہ) اَللّٰهُ، فاعل (اللہ) يَعْلَمُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَلِمَ يَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (وہ

جانتا ہے) مَا، موصولہ (جو) فِي السَّمٰوٰتِ (فِيْ، اَلسَّمٰوٰتِ) فِيْ، حرف جار، میں،

اَلسَّمٰوٰتِ، مجرور، آسمانوں، واحد، اَلسَّمَآءُ (آسمانوں میں) وَ، حرف عطف (اور) مَا، موصولہ (جو)

فِي الْاَرْضِ (فِيْ، اَلْاَرْضِ) فِيْ، حرف جار، میں، اَلْاَرْضِ، مجرور، زمین (زمین میں)

وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ⑯	اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے

وَ، حرف عطف) اور) اَللّٰهُ، فاعل (اللہ) بِكُلِّ شَيْءٍ (بِ، كُلِّ، شَيْءٍ) بِ، حرف جار، کو، كُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، شَيْءٍ، مضاف الیہ، چیز (ہر چیز کو)

عَلِيْمٌ، اللہ کا صفاتی نام، عِلْمًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)

يَمُنُّوْنَ عَلَيْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا ؕ	وہ آپ پر احسان جتاتے ہیں کہ وہ اسلام لائے

يَمُنُّوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب مَنَّ يَمُنُّ، مصدر مَنًّا، احسان رکھنا، احسان جتانا (وہ احسان جتاتے ہیں) عَلَيْكَ (عَلٰى، كَ) عَلٰى، حرف جار، پر، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (آپ پر) اَنْ، مصدریہ ناصبہ (کہ) اَسْلَمُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اَسْلَمَ يُسْلِمُ، مصدر اِسْلَامًا، اسلام لانا (وہ اسلام لائے)

قُلْ لَّا تَمُنُّوْا عَلَيَّ اِسْلَامَكُمْ ۚ	آپ کہہ دیجئے تم مجھ پر اپنے اسلام لانے کا احسان نہ جتاؤ

قُلْ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے) لَا تَمُنُّوْا، فعل نہی جمع مذکر حاضر مَنَّ يَمُنُّ، مصدر مَنًّا، احسان رکھنا، احسان جتانا (تم احسان نہ جتاؤ) عَلَيَّ (عَلٰى، يْ) عَلٰى، حرف جار، پر، يْ، مجرور، ضمیر واحد متکلم، مجھ (مجھ پر) اِسْلَامَكُمْ (اِسْلَامَ، كُمْ) اِسْلَامَ، مصدر، مضاف، اسلام لانا، اسلام، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنے (اپنے اسلام لانے کا)

بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ لِلْاِيْمَانِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ⑰	بلکہ اللہ تم پر احسان رکھتا ہے کہ اُس نے تمہیں ایمان کیلئے ہدایت دی اگر تم سچے ہو

بَلِ، اصل میں، بَلْ، ہے وصل کی وجہ سے لام کو زیر دی گئی ہے حرف اضراب (بلکہ) اَللّٰهُ، فاعل (اللہ) يَمُنُّ، فعل مضارع واحد مذکر غائب مَنَّ يَمُنُّ، مصدر مَنًّا، احسان رکھنا، احسان جتانا (وہ احسان رکھتا ہے) عَلَيْكُمْ (عَلٰى، كُمْ) عَلٰى، حرف جار، پر، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم پر)

اَنْ، مصدریہ ناصبہ (کہ) هَدٰىكُمْ (هَدٰى، كُمْ) هَدٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب هَدٰى يَهْدِيْ، مصدر هِدَايَةٌ، ہدایت دینا، اس نے ہدایت دی، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (اس نے تمہیں ہدایت دی)

لِلْاِيْمَانِ (لِ، اَلْاِيْمَانِ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَلْاِيْمَانِ، مجرور، ایمان (ایمان کیلئے)

اِنْ، شرطیہ جازمہ (اگر) كُنْتُمْ، فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا،

اِنْ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ (تم ہو)

صٰدِقِيْنَ، صِدْقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (سچ بولنے والے، سچے) واحد، صَادِقٌ،

اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ	بلاشبہ اللہ آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتیں جانتا ہے

اِنَّ اللّٰهَ (اِنَّ، اَللّٰهَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلاشبہ، اَللّٰهَ، اِنَّ، کا اسم منصوب، اللہ (بلاشبہ اللہ)

يَعْلَمُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَلِمَ يَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (وہ جانتا ہے)

غَيْبَ السَّمٰوٰتِ (غَيْبَ، اَلسَّمٰوٰتِ) غَيْبَ، مضاف، پوشیدہ ہونا، وہ چیزیں جو انسان کی حسی اور عقلی رسائی سے باہر ہوں، پوشیدہ باتیں، اَلسَّمٰوٰتِ، مضاف الیہ، آسمانوں، واحد، اَلسَّمَآءُ (آسمانوں کی پوشیدہ باتیں)

وَ، حرف عطف (اور) اَلْاَرْضِ (زمین)

وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾	اور اللہ اس کو خوب دیکھنے والا ہے جو تم عمل کرتے ہو

ع ۲ ۸ ۱۴

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، فاعل (اللہ) بَصِيْرٌ، اللہ کا صفاتی نام، بَصَارَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (خوب دیکھنے والا) بِمَا (بِ، مَا) بِ، حرف جار، کو، مَا، مجرور، موصولہ، جو (اس کو جو)

تَعْمَلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (تم عمل کرتے ہو)

اٰیَاتُھَا:۴۵	سُوْرَۃُ قٓ مَکِّیَّۃٌ	رُکُوْعَاتُھَا:۳

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے۔

قٓ	قاف حروف مقطّعات میں سے ہے

قٓ، قاف حروف مقطّعات میں سے ہے،

وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ ①	بڑی شان والے قرآن کی قسم ہے

وَ الْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ(وَ،اَلْقُرْاٰنِ،اَلْمَجِیْدِ)وَ، حرف جار، قسمیہ، قسم ہے،اَلْقُرْاٰنِ، مقسم بہ، مجرور، موصوف، قرآن،اَلْمَجِیْدِ، صفت،مَجْدٌ، مصدر سے صفت مشبہ،بڑی شان والا (بڑی شان والے قرآن کی قسم)

بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَھُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْھُمْ فَقَالَ الْکٰفِرُوْنَ ھٰذَا شَیْءٌ عَجِیْبٌ ②	بلکہ اُنہوں نے تعجب کیا کہ اُن کے پاس اُنہی میں سے ایک ڈرانے والا آیا تو کافروں نے کہا یہ ایک بڑی عجیب چیز ہے

بَلْ، حرف اضراب (بلکہ) عَجِبُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب عَجِبَ یَعْجَبُ، مصدر عَجْبًا، حیران ہونا، تعجب کرنا (اُنہوں نے تعجب کیا) اَنْ، مصدر یہ ناصبہ (کہ) جَآءَھُمْ (جَآءَ،ھُمْ) جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ یَجِیْءُ، مصدر مَجِیْءٌ، آنا، وہ آیا،ھُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب،اُن کے (اُن کے پاس آیا)

مُنْذِرٌ،اِنْذَارٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (ایک ڈرانے والا) مِّنْھُمْ (مِنْ،ھُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، ھُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (ان میں سے) فَقَالَ الْکٰفِرُوْنَ (فَ،قَالَ،اَلْکٰفِرُوْنَ) فَ، حرف عطف، تو،قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ یَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا،اس نے کہا، اَلْکٰفِرُوْنَ، کُفْرًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، کفر کرنے والے،کافروں، واحد،اَلْکَافِرُ (توکافروں نے

کہا) هٰذَا،اسم اشارہ واحد مذکر قریب (یہ) شَیۡءٌ عَجِیۡبٌ (شَیۡءٌ، عَجِیۡبٌ) شَیۡءٌ، موصوف، ایک چیز، عَجِیۡبٌ، صفت، عَجۡبٌ، مصدر سے صفت مشبہ، انوکھا، بڑی عجیب (ایک بڑی عجیب چیز)

ءَاِذَا مِتۡنَا وَ کُنَّا تُرَابًا ۚ	کیا جب ہم مر جائیں گے اور ہم مٹی ہو جائیں گے

ءَاِذَا (ءَ، اِذَا) ءَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط، جب (کیا جب) مِتۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم مَاتَ یَمُوۡتُ، مصدر مَوۡتًا، مرنا، فوت ہونا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (ہم مر جائیں گے) وَ، حرف عطف (اور) کُنَّا، فعل ناقص ماضی جمع متکلم کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (ہم ہو جائیں گے) تُرَابًا (مٹی)

ذٰلِكَ رَجۡعٌۢ بَعِیۡدٌ ۝	یہ واپس لوٹنا بہت بعید (از عقل) ہے

ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید (یہ) رَجۡعٌۢ بَعِیۡدٌ (رَجۡعٌ، بَعِیۡدٌ) رَجۡعٌ، موصوف، مصدر ہے، واپس لوٹنا، بَعِیۡدٌ، صفت، بُعۡدٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بہت بعید)

قَدۡ عَلِمۡنَا مَا تَنۡقُصُ الۡاَرۡضُ مِنۡهُمۡ ۚ	بلاشبہ ہم جان چکے ہیں جو زمین اُن میں سے کم کرتی ہے

قَدۡ، حرف تحقیق (بے شک، بلاشبہ) عَلِمۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم عَلِمَ یَعۡلَمُ، مصدر عِلۡمًا، جاننا (ہم جان چکے ہیں) مَا، موصولہ (جو) تَنۡقُصُ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب نَقَصَ یَنۡقُصُ، مصدر نَقۡصٌ، کم کرنا، کم ہونا (وہ کم کرتی ہے) اَلۡاَرۡضُ (زمین)

مِنۡهُمۡ (مِنۡ، هُمۡ) مِنۡ، حرف جار، سے، هُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن میں سے)

وَعِنۡدَنَا کِتٰبٌ حَفِیۡظٌ ۝	اور ہمارے پاس خوب محفوظ رکھنے والی (لوح محفوظ) کتاب ہے

وَ، حرف عطف (اور) عِنۡدَنَا (عِنۡدَ، نَا) عِنۡدَ، مضاف، ظرف مکان، پاس، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (ہمارے پاس) کِتٰبٌ حَفِیۡظٌ (کِتٰبٌ، حَفِیۡظٌ) کِتٰبٌ، موصوف، کتاب، حَفِیۡظٌ، صفت، حِفۡظٌ، مصدر سے صفت مشبہ، خوب محفوظ رکھنے ولالی (خوب محفوظ رکھنے والی کتاب)

بلکہ اُنہوں نے سچ کو جھٹلایا جب وہ اُن کے پس آیا پس وہ ایک اُلجھے ہوئے معاملے میں ہیں	بَلْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ فَهُمْ فِيْٓ اَمْرٍ مَّرِيْجٍ ۝

بَلْ، حرف اضراب (بلکہ) كَذَّبُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَذَّبَ يُكَذِّبُ، مصدر تَكْذِيْبٌ، جھٹلانا (اُنہوں نے جھٹلایا) بِالْحَقِّ (بِ، اَلْحَقِّ) بِ، حرف جار، کو، اَلْحَقِّ، مجرور، حق، سچ (حق کو)
لَمَّا، ظرف زمان بمعنی، حِيْنَ (جب) جَآءَهُمْ (جَآءَ، هُمْ) جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ يَجِيْٓءُ، مصدر مَجِيْٓءٌ، آنا، وہ آیا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن کے (اُن کے پاس آیا)
فَهُمْ (فَ، هُمْ) فَ، حرف عطف، پس، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (پس وہ)
فِيْٓ اَمْرٍ مَّرِيْجٍ (فِيْ، اَمْرٍ، مَرِيْجٍ) فِيْ، حرف جار، میں، اَمْرٍ، مجرور، موصوف، ایک معاملہ، مَرِيْجٍ، صفت، مَرَجٌ، مصدر سے صفت مشبہ، اُلجھا ہوا (ایک اُلجھے ہوئے معاملے میں)

تو کیا اُنہوں نے اپنے اوپر آسمان کی طرف نہیں دیکھا ہم نے اُسے کیسے بنایا ہے اور ہم نے اُسے مزین کیا ہے اور اس میں کوئی دراڑیں نہیں ہیں	اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا اِلَى السَّمَآءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَ زَيَّنّٰهَا وَمَا لَهَا مِنْ فُرُوْجٍ ۝

اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا (اَ، فَ، لَمْ يَنْظُرُوْا) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، فَ، حرف عطف، تو، لَمْ يَنْظُرُوْا، فعل مضارع منفی جحد بلم جمع مذکر غائب نَظَرَ يَنْظُرُ، مصدر نَظْرًا، دیکھنا، لَمْ، کی وجہ سے ترجمہ، اُنہوں نے نہیں دیکھا (تو کیا اُنہوں نے نہیں دیکھا) اِلَى السَّمَآءِ (اِلٰى، اَلسَّمَآءِ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، اَلسَّمَآءِ، مجرور، آسمان، جمع، اَلسَّمٰوٰتُ (آسمان کی طرف) فَوْقَهُمْ (فَوْقَ، هُمْ) فَوْقَ، مضاف، ظرف مکان، اوپر، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے اوپر) كَيْفَ، حرف استفہام (کیسے)
بَنَيْنٰهَا (بَنَيْنَا، هَا) بَنَيْنَا، فعل ماضی جمع متکلم بَنٰى يَبْنِيْ، مصدر بِنَآءٌ، بنانا ہے، ہم نے بنایا، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اُسے، ضمیر کا مرجع، اَلسَّمَآءِ، ہے (ہم نے اُسے بنایا) وَ، حرف عطف (اور)
زَيَّنّٰهَا (زَيَّنَّا، هَا) زَيَّنَّا، فعل ماضی جمع متکلم زَيَّنَ يُزَيِّنُ، مصدر تَزْيِيْنٌ، آراستہ کرنا، مزین کرنا، ہم نے

مزین کیا، ھَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اُسے، ضمیر کا مرجع، اَلسَّمَآءُ، ہے (ہم نے اُسے مزین کیا ہے)
وَ، حرف عطف (اور) مَا، نافیہ (نہیں) لَهَا (لَ، ھَا) لَ، حرف جار، بمعنی، فِیْ، میں، ھَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اُس، ضمیر کا مرجع، اَلسَّمَآءُ، ہے (اُس میں) مِنْ فُرُوْجٍ (مِنْ، فُرُوْجٍ) مِنْ، حرف، جار زائدہ، برائے عموم، فُرُوْجٍ، مجرور، شگاف، دراڑیں، سوراخ، واحد، فَرْجٌ (کوئی دراڑیں)

وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَ اَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَ اَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ بَهِيْجٍ ۙ﴿۷﴾	اور زمین ! ہم نے اُسے پھیلایا اور ہم نے اُس میں پہاڑ رکھ دیئے اور ہم نے اُس میں ہر قسم کی خوشنما نباتات اُگائیں

وَ، حرف عطف (اور) اَلْاَرْضَ (زمین) مَدَدْنٰهَا (مَدَدْنَا، ھَا) مَدَدْنَا، فعل ماضی جمع متکلم مَدَّ يَمُدُّ، مَدًّا، پھیلانا، ہم نے پھیلایا، ھَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اُس، ضمیر کا مرجع، اَلْاَرْضَ، ہے (ہم نے اُسے پھیلایا) وَ، حرف عطف (اور) اَلْقَيْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَلْقٰى يُلْقِيْ، مصدر اِلْقَآءٌ ڈالنا، گاڑنا، رکھ دینا (ہم نے رکھ دیئے) فِيْهَا (فِيْ، ھَا) فِيْ، حرف جار، میں، ھَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، اَلْاَرْضَ، ہے (اس میں) رَوَاسِيَ (پہاڑ) واحد، رَاسِيَةٌ، وَ، حرف عطف (اور)
اَنْۢبَتْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَنْۢبَتَ يُنْۢبِتُ، مصدر اِنْۢبَاتٌ، اُگانا (ہم نے اگائیں)
فِيْهَا (فِيْ، ھَا) فِيْ، حرف جار، میں، ھَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اُس (اُس میں)
مِنْ كُلِّ زَوْجٍ بَهِيْجٍ (مِنْ، كُلِّ، زَوْجٍ، بَهِيْجٍ) مِنْ، حرف جار، اصل ترجمہ، سے، ضرورتاً، کی، کیا جاتا ہے، كُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، زَوْجٍ، مضاف الیہ، موصوف، یہاں، زَوْجٍ، کا معنی جوڑا نہیں بلکہ نوع من النبات ہے، قسم نباتات، بَهِيْجٍ، زَوْجٍ، کی صفت، بَهْجٌ، مصدر سے صفت مشبہ، خوشنما، بارونق، تروتازہ (ہر قسم کی خوشنما نباتات)

تَبْصِرَةً وَّ ذِكْرٰى لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ﴿۸﴾	ہر (اللہ کی طرف) رجوع کرنے والے بندے کیلئے بصیرت اور نصیحت ہے

تَبۡصِرَۃً، مصدر (دکھلانا، سمجھانا، بصیرت) وَ، حرف عطف (اور)

ذِکۡرٰی، مصدر ہے، کثرت سے ذکر کیلئے بولا جاتا ہے، یاد دلانا، نصیحت کرنا، ذکر کرنا، نصیحت، یاد ہانی،

لِکُلِّ عَبۡدٍ مُّنِیۡبٍ (لِ، کُلِّ، عَبۡدٍ، مُّنِیۡبٍ) لِ، حرف جار، کیلئے، کُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، عَبۡدٍ، موصوف، مضاف الیہ، بندہ، مُّنِیۡبٍ، صفت، اِبَانَۃٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، رجوع کرنے والا

(ہر (اللہ کی طرف) رجوع کرنے والے بندے کیلئے)

وَ نَزَّلۡنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَکًا فَاَنۡۢبَتۡنَا بِہٖ جَنّٰتٍ وَّ حَبَّ الۡحَصِیۡدِ ۙ﴿۹﴾	اور ہم نے آسمان سے بابرکت پانی اُتارا پھر ہم نے اس کے ذریعے باغات اور کاٹی جانے والی کھیتی کے اناج اُگائے

وَ، حرف عطف (اور) نَزَّلۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم نَزَّلَ یُنَزِّلُ، مصدر تَنۡزِیۡلًا، اُتارنا (ہم نے اُتارا)

مِنَ السَّمَآءِ (مِنۡ، اَلسَّمَآءِ) مِنۡ، حرف جار، سے، اَلسَّمَآءِ، مجرور، آسمان (آسمان سے)

مَآءً مُّبٰرَکًا (مَآءً، مُبٰرَکًا) مَآءً، موصوف، پانی، مُبٰرَکًا، صفت، مُبَارَکَۃٌ، مصدر سے اسم مفعول واحد مذکر، برکت والا، بابرکت (بابرکت پانی) فَاَنۡۢبَتۡنَا (فَ، اَنۡۢبَتۡنَا) فَ، حرف عطف، پھر، اَنۡۢبَتۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَنۡۢبَتَ یُنۡۢبِتُ، مصدر اِنۡۢبَاتٌ، اُگانا، ہم نے اگائے (پھر ہم نے اگائے)

بِہٖ (بِ، ہٖ) بِ، حرف جار، کے ذریعے، ہٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس، ضمیر کا مرجع، مَآءً، ہے (اس کے ذریعے) جَنّٰتٍ (باغات) واحد، جَنَّۃٌ، وَ، حرف عطف (اور) حَبَّ الۡحَصِیۡدِ (حَبَّ، اَلۡحَصِیۡدِ)

حَبَّ، مضاف، دانہ، اناج، غلہ، گندم اور جو وغیرہ، جمع، حُبُوۡبٌ، اَلۡحَصِیۡدِ، مضاف الیہ، حَصَادٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بمعنی مفعول، جڑ سے کٹا ہوا، کاٹی جانے والی کھیتی کے (کاٹی جانے والی کھیتی کے اناج)

وَ النَّخۡلَ بٰسِقٰتٍ لَّہَا طَلۡعٌ نَّضِیۡدٌ ﴿۱۰﴾	اور کھجور کے لمبے لمبے درخت ہیں اُن کے تہ بہ تہ خوشے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) اَلنَّخۡلَ، اسم جنس معرفہ (کھجور کے درخت) بٰسِقٰتٍ، بُسُوۡقٌ، مصدر سے اسم فاعل

جمع مؤنث (بلند، لمبے لمبے) واحد، بَاسِقَةٌ، لَّهَا (لَ، هَا) لَ، حرف جار، کے، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، اَلنَّخْلَ، ہے (اُن کے) طَلْعٌ نَّضِيْدٌ (طَلْعٌ، نَضِيْدٌ) طَلْعٌ، موصوف، خوشہ، گچھا، نَضِيْدٌ، صفت، نَضْدٌ، مصدر سے بمعنی مفعول صفت مشبہ، تہ بہ تہ (تہ بہ تہ خوشے)

رِّزْقًا لِّلْعِبَادِ ۙ وَ اَحْيَيْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا ؕ	بندوں کو رزق دینے کیلئے اور ہم نے اس (پانی) کے ذریعے مردہ شہر کو زندہ کیا

رِزْقًا، مصدر (رزق دینا) لِّلْعِبَادِ (لِ، اَلْعِبَادِ) لِ، حرف جار، کو، اَلْعِبَادِ، مجرور، بندوں، واحد، عَبْدٌ (بندوں کو) وَ، حرف عطف (اور) اَحْيَيْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَحْيٰى يُحْيِىْ، مصدر اِحْيَآءٌ، زندہ کرنا (ہم نے زندہ کیا) بِهٖ (بِ، هٖ) بِ، حرف جار، کے ذریعے، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کے ذریعے) بَلْدَةً مَّيْتًا (بَلْدَةً، مَيْتًا) بَلْدَةً، موصوف، شہر، مَيْتًا، بَلْدَةً، کی صفت، مُردہ (مُردہ شہر)

كَذٰلِكَ الْخُرُوْجُ ﴿۱۱﴾	اسی طرح (قبروں سے) نکلنا ہے

كَذٰلِكَ (كَ، ذٰلِكَ) كَ، حرف تشبیہ، مانند، طرح، ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اسی، اس (اسی طرح) اَلْخُرُوْجُ، مصدر (نکلنا)

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّ اَصْحٰبُ الرَّسِّ وَ ثَمُوْدُ ﴿۱۲﴾	ان سے پہلے قوم نوح نے جھٹلایا، اور کنویں والوں نے اور ثمود نے

كَذَّبَتْ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب كَذَّبَ يُكَذِّبُ، مصدر تَكْذِيْبٌ، جھٹلانا (اس نے جھٹلایا) قَبْلَهُمْ (قَبْلَ، هُمْ) قَبْلَ، مضاف، پہلے، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن سے پہلے) قَوْمُ نُوْحٍ (قَوْمُ، نُوْحٍ) قَوْمُ، مضاف، قوم، نُوْحٍ، مضاف الیہ، نوح کی (نوح کی قوم، قوم نوح) وَ، حرف عطف (اور) اَصْحٰبُ الرَّسِّ (اَصْحٰبُ، اَلرَّسِّ) اَصْحٰبُ، مضاف، والے، اہل، واحد، صَاحِبٌ، اَلرَّسِّ، مضاف الیہ، کنویں (کنویں والوں) وَ، حرف عطف (اور) ثَمُوْدُ، حضرت صالحؑ کی قوم (ثمود)

وَ عَادٌ وَّ فِرْعَوْنُ وَ اِخْوَانُ لُوْطٍ ﴿۱۳﴾	اور عاد نے اور فرعون نے اور لوط کے بھائیوں نے

وَ، حرف عطف (اور) عَادٌ، سے مراد اولاد عاد (عاد) وَ، حرف عطف (اور) فِرْعَوْنُ (فرعون)

وَ، حرف عطف (اور) اِخْوَانُ لُوْطٍ (اِخْوَانُ، لُوْطٍ) اِخْوَانُ، مضاف، بھائیوں، لُوْطٍ، مضاف الیہ، لوط کے (لوط کے بھائیوں)

وَّ اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ وَقَوْمُ تُبَّعٍ ؕ	اور ایکہ والوں نے اور تبع کی قوم نے

وَ، حرف عطف (اور) اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ (اَصْحٰبُ، اَلْاَيْكَةِ) اَصْحٰبُ، مضاف، والے، اہل، رہنے والے، واحد، صَاحِبٌ، اَلْاَيْكَةِ، مضاف الیہ، درختوں کا جھنڈ، گھنا جنگل، ایکہ کے (ایکہ والے) یہ حضرت شعیبؑ کی قوم تھی جو کم تولتی تھی، وَ، حرف عطف (اور) قَوْمُ تُبَّعٍ (قَوْمُ، تُبَّعٍ) قَوْمُ، مضاف، قوم، تُبَّعٍ، مضاف الیہ، یمن کے بادشاہوں میں سے تبع کی (تبع کی قوم)

كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيْدِ ۝۱۴	سب نے رسولوں کو جھٹلایا تو میرا وعدہ عذاب ثابت ہو گیا

كُلٌّ (سب نے) كَذَّبَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب كَذَّبَ يُكَذِّبُ، مصدر تَكْذِيْبٌ، جھٹلانا (اس نے جھٹلایا) اَلرُّسُلَ، جمع مکسر (رسولوں) واحد، اَلرَّسُوْلُ، فَحَقَّ (فَ، حَقَّ) فَ، حرف عطف، تو، حَقَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب حَقَّ يَحِقُّ، مصدر حَقًّا، سچ ہونا، ثابت ہونا، وہ ثابت ہو گیا (تو وہ ثابت ہو گیا)

وَعِيْدِ، اصل میں، وَعِيْدِیْ، ہے (وَعِيْدِ، یْ) وَعِيْدِ، مصدر مضاف، وعدہ عذاب، یْ، مضاف الیہ، محذوف ہے، ضمیر واحد متکلم، میرا (میرا وعدہ عذاب)

اَفَعَيِيْنَا بِالْخَلْقِ الْاَوَّلِ ؕ	تو کیا ہم پہلی بار پیدا کرنے سے تھک گئے ہیں؟

اَفَعَيِيْنَا (اَ، فَ، عَيِيْنَا) اَ، ہمزہ استفہام انکاری، کیا، فَ، حرف عطف، تو، عَيِيْنَا، فعل ماضی جمع متکلم عَيِيَ يَعْيٰ، مصدر عَيَآءٌ، تھک جانا، ہم تھک گئے ہیں (تو کیا ہم تھک گئے ہیں)

بِالْخَلْقِ الْاَوَّلِ (بِ، اَلْخَلْقِ، اَلْاَوَّلِ) بِ، حرف جار بمعنی، مِنْ، سے، اَلْخَلْقِ، مجرور، موصوف، مصدر، پیدا کرنا، اَلْاَوَّلِ، صفت، پہلا، پہلی بار (پہلی بار پیدا کرنے سے)

بَلْ هُمْ فِيْ لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۝۱۵	بلکہ وہ از سر نو پیدا کرنے کے بارے میں شک میں ہیں

ع ۱۵ / ۱

بَلْ، حرف اضراب (بلکہ) هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ) فِيْ لَبْسٍ (فِيْ، لَبْسٍ) فِيْ، حرف جار، میں، لَبْسٍ، مجرور، اسم مصدر، شک (شک میں) مِّنْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ (مِنْ، خَلْقٍ، جَدِيْدٍ) مِنْ، حرف جار، بمعنی، فِيْ، کے بارے میں، خَلْقٍ، مجرور، موصوف، مصدر، پیدا کرنا، جَدِيْدٍ، صفت، جَدٌّ، مصدر سے اسم مفعول، نئی، از سر نو (از سر نو پیدا کرنے کے بارے میں)

وَ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ وَ نَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهٖ نَفْسُهٗ ۖ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے انسان کو پیدا کیا اور ہم اُن (چیزوں) کو جانتے ہیں جن کا اس کا نفس وسوسہ ڈالتا ہے

وَ، حرف عطف (اور) لَقَدْ (لَ، قَدْ) لَ، لام تاکید، بلا شبہ، قَدْ، حرف تحقیق، یقیناً (بلا شبہ یقیناً)

خَلَقْنَا، فعل ماضی جمع متکلم خَلَقَ يَخْلُقُ، مصدر خَلْقًا، پیدا کرنا (ہم نے پیدا کیا)

